حیدرآباد ٹیچر

بابتہ آبان سنہ ۱۳۴۶ف

فہرست مضامین

جلد (۱۲) شمارہ (۱)

تاریخ علم الارقام

مولوی سید عبدالحکیم صاحب صایم - یس - سی - یل - ٹی

تاریخ عالم میں وہ دن بھی اپنی عظمت اور اہمیت کے مدِ نظر عجیب ہوگا جس دن کسی انسان نے دنیا کی مختلف لاتعداد اشیاء کے شمار کے لئے کوئی اصطلاح وضع کی ہوگی اس اہمیت کا اندازہ کرنے کے لئے اگر تھوڑی دیر کے لئے یہ فرض کر لیا جائے کہ علم الارقام یا علم اعداد و شمار صفحۂ ہستی سے محو ہو جائے تو پھر کیا ہوگا؟

کیا دولت مند اپنے روپیوں کا، غریب اپنے پیسوں کا، جاگیردار اپنی جاگیروں کا، بادشاہ اپنی اقلیموں کا، کپتان اپنے سپاہیوں کا، محاسب اپنے لین دین کا حساب کر سکیگا؟ حقیقت یہ ہے کہ علم الارقام کے ختم ہوتے ہی دنیا کی معاشرتی اور تمدنی تنظیم کا بھی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اور انسان اپنی ارتقا کی ابتدائی منزل پر پھر واپس آجاتا ہے علم الارقام کی موجودہ اصطلاحات اور علامات جن سے اشیاء عالم کی تعداد اور مقدار ظاہر ہوتی ہے کیونکر ظہور میں آئیں - بتدریج اُن میں کیا کیا تبدیلیاں ہوئیں اور بالآخر اعداد ارقام کا موجودہ آسان طریقہ کب اور کیونکر مدوّن ہوا۔ ذیل میں ان امور پر روشنی ڈالی جائے گی۔

بچہ میں پیدائش کے بعد جس وقت سے مختلف اشیاء میں امتیاز کرنے کی صلاحیت پیدا ہونے لگتی ہے حقیقت میں اُسی وقت سے وہ غیر محسوسانہ طریقہ پر علم الارقام کا سبق بھی شروع کر دیتا ہے۔

وہ سمجھتا ہے کہ ایک شئے یہ ہے۔ ایک یہ ہے اور ایک یہ ہے اور بالکل اسی طرح سلسلہ اعداد میں بنی نوع انسان کو جو پہلا عدد ملا وہ "ایک" ہے لیکن ابتدائی منزل سے جب وہ کچھ آگے بڑھا اور اُس کو ایک سے زیادہ اعداد کے شمار کی ضرورت پڑی تو

اس سے زیادہ وہ اور کچھ نہ کر سکا اور ان اعداد کو اکائیوں کا مجموعہ سمجھے۔

چنانچہ اہرام مصر کے ایک کتبہ سے جس کے متعلق خیال ہے کہ وہ سنہ ۱۷ ق م تا سنہ ۱۱ ق م کے درمیان کئی سال کا ہے یہ پتہ چلتا ہے کہ تقریباً سنہ ۳۴ ق م میں ہر بڑے عدد کو لفظ کثیر سے موسوم کرتے تھے۔ آج کل بھی اکثر ناخواندہ اشخاص بڑے اعداد کے شمار میں کوئلہ یا پنسل سے کسی دیوار یا کاغذ پر اتنے ہی نشانات بنا لیتے ہیں جتنے کہ اعداد ہوتے ہیں۔ لیکن ابتدائی گہوارۂ طفولیت سے نکلکر جب انسان کچھ آگے بڑھا تو ایک کے بعد اُس نے پانچ تک کے اعداد سیکھے۔ قرینِ قیاس یوں ہے کہ پانچ کا عدد سیکھنے میں انسان ایک بڑی حد تک اپنے ہاتھ کی پانچ انگلیوں کا مرہون منت ہے۔ تقریباً تمام قدیم زبانوں میں پنجہ (ہاتھ) اور عدد پانچ کا ماخذ ایک ہی ہے۔ قدیم کتبوں اور نقوش کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اُس زمانہ میں عموماً بڑے اعداد کے اظہار اور شمار میں ایک یا دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے کام لیا جاتا تھا۔ اور پانچ سے بڑے اعداد کو ظاہر کرنے کے لئے کوئی اصطلاح نہ تھی۔ عدد پانچ کو بھی کھلے ہوئے ہاتھ کی شکل سے ظاہر کرتے تھے گو اس عدد کی تحریری ساخت میں اس وقت تک بہت سی تبدیلیاں واقع ہو چکی ہیں تاہم تقریباً ہر زبان میں عدد پانچ کی کشش آج بھی کھلے یا بند ہاتھ کی شکل سے ملتی جلتی ہے۔ مختلف زبانوں میں اس عدد کی ساخت ملاحظہ ہو:—

رومن	قدیم عربی	قدیم ہندوستانی	قدیم جرمن	فارسی
۷	٤	٤	٦	۵

غالباً یہی وجہ ہے کہ آج بھی اس عدد کو انسان کی اکثر و بیشتر حسابی ضروریات میں خاص دخل ہے۔

انعام و اکرام۔ ملازمین کی تنخواہیں، مذہبی فرایض عموماً پانچ یا اس کے ضعف بھی ادا ہوتے ہیں۔ اس ضمن میں یہ ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ جاوا اور میکسیکو کے باشندوں میں ہفتہ بھی بجائے سات دن کے پانچ دن کا ہوتا ہے اب تک دنیا میں صرف دو قبائل ایسے دریافت ہوئے ہیں جو پانچ یا پانچ کے ضعف میں شمار نہیں کرتے اُن میں ایک نیوزیلینڈ کے قدیم باشندے اور دوسرے بولن نامی مغربی افریقہ کے قبایل ہیں ان میں اول الذکر گیارہ یا گیارہ کے ضعف پر شمار کرتے ہیں

اور اخری الذکر سات یا سات کے ضعف سے کام لیتے ہیں۔

پانچ کا عدد سیکھنے کے بعد جب انسان نے کچھ اور ترقی کی تو دس تک جو دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کا مجموعہ ہے شمار کرنا سیکھا۔ کچھ قدیم زبانیں اب تک ایسی موجود ہیں جن میں اولیں دس اعداد کے نام اُن انگلیوں کے نام سے موسوم کئے جاتے ہیں جن سے کہ وہ ظاہر کئے جاتے تھے۔

رومن میں پانچ کا ہندسہ کھلے ہوئے ہاتھ کے مشابہ V اس طرح لکھتے ہیں اور دس کا ہندسہ X اس طرح لکھتے ہیں جس کی ساخت پر غور کیا جائے تو دو پانچ (V) ایک دوسرے سے ملا کر اوپر نیچے اس طرح X لکھ دیئے گئے ہیں ہندسہ دس کی یہ علامت اس امر کی جانب اشارہ کر رہی ہے کہ اہل روم پانچ کے بعد دس پر کیسے پہنچے ایسے بھی قبائل تھے جو دس سے بھی تجاوز کر گئے اور دونوں ہاتھ اور پیروں کی انگلیوں کی مجموعی تعداد ملا کر ۲۰ کے ہندسہ کو معیار عدد قرار دیا۔ ۲۰ سے زیادہ اشیاء کو بیس کے ضعف پر شمار کرنا شروع کیا۔ مثال کے طور پر قبیلہ ایزٹیکس جو میکسیکو کے باشندے ہیں۔ اشیاء کو بیس یا بیس کے ضعف پر شمار کرتے ہیں۔

ہماری زبان میں اس کے لئے لفظ "کوڑی" یا بیسی ہے اور ہندوستان میں بعض چیزوں کا شمار اب بھی کوڑیوں میں ہوتا ہے۔ مثلاً ٹوپی، موتیوں کے گچھے وغیرہ۔ انگریزی زبان میں بھیڑوں کی تعداد اب بھی کوڑیوں میں شمار کی جاتی ہے فرانسیسی زبان میں اب ایسے متعدد الفاظ پائے جاتے ہیں جن کے معنی چار بیسی اور دس بیسی یا تین بیسی اور دس ہوتے ہیں لیکن نیوزیلینڈ اور مغربی افریقہ کے دو قبیلوں کے علاوہ جن کا ذکر قبل ازیں کیا جا چکا ہے تقریباً دنیا کی تمام قوموں نے دس کو معیار ترقی عدد قرار دیا۔ ابتدائی اقوام کے لئے دس تک کا شمار کسی حد تک آسان تھا۔


لیکن بڑے اعداد کے گننے میں اُن کو بڑی دشواریاں پڑیں چنانچہ آج کل کے وحشی بھی کثیر اعداد کا شمار بغیر دو آدمیوں کی مدد کے نہیں کر سکتے۔ ان دو آدمیوں میں ایک اکائیوں کے اولیں دس عدد انگلیوں کے ذریعہ گنتا ہے اور دوسرا دس کا ایک گروپ یا گروہ بنتے ہی اپنے ہاتھ کی ایک انگلی پکڑ لیتا ہے۔

اس طرح دوسرا شخص جتنی دہائیاں بنتی جاتی ہیں ان کا شمار کرتا جاتا ہے اگرچہ

اسی طریقہ میں ایک آدمی کو اس طرح سبکدوش کیا جا سکتا تھا۔ کہ ہر دہائی کی تکمیل پر کسی خاص قسم کا نشان بنا دیا جاتا۔ لیکن کہا یوں جاتا ہے کہ اب بھی دنیا میں متعدد قبیلے ایسے موجود ہیں جو دس سے بڑے اعداد کو بغیر دو آدمیوں کے شمار نہیں کرسکتے۔

بہت سی قومیں جو طبعاً ترقی و تہذیب کی جانب مائل تھیں وہ چند قدم آگے بڑھیں اور گولیوں یا لکڑی کے ٹکڑوں کو دس کی قطاروں میں ترتیب دیکر شمار کرنیکا طریقہ ایجاد کیا۔

یہی طریقہ کچھ عرصہ کے بعد درجہ تکمیل کو پہونچکر تختہ شمار کی صورت میں ظاہر ہوا۔ یہ آلہ شمار یونان، مصر، ایران، ہندوستان، چین، و جاپان، اور میکسیکو میں ایک مدت تک مستعمل رہا۔ اور روس، چین اور جاپان میں اب بھی جا بجا استعمال کیا جاتا ہے اپنی سادہ ترین شکل میں تختہ شمار لکڑی کا مستطیل یا مربع نما ایک ایسا تختہ ہوتا ہے۔ (شکل نمبر ۱) جس کی سطح پر گول خانے کندہ ہوتے ہیں۔




کسی عدد کو ظاہر کرنے کے لئے پہلے خانہ میں اتنی گولیاں رکھی جاتی ہیں جتنی کہ اس عدد میں اکائیاں ہیں دوسری قطار کے خانوں میں اتنی گولیاں یا شمارہ رکھے جاتے ہیں جتنی کہ اس عدد میں دہائیاں ہیں اور علیٰ ہذا القیاس بقیہ قطاروں کے خانوں کی خانہ پری حسب ضرورت کرلی جاتی ہے۔ مثلاً شکل بالا میں جو تختہ شمار دکھایا گیا ہے اُس میں اکائی کی قطار میں آٹھ گولیاں ہیں۔ دہائی میں دو اور سیکڑے میں صفر اور چوتھی یعنی ہزار کی قطار میں چار گولیاں ہیں۔ اس طرح پر جو عدد ظاہر ہو رہا ہے وہ


۰۲۸ھ سے عملاً جب اشیاء کی تعداد کو شمار کرنا ہوتا تھا تو ہر چیز کی بجائے ایک ایک گولی پہلی قطار کے خانوں میں رکھتے تھے۔ اور جیسے ہی کہ پہلی قطار میں دس گولیاں آجاتی تھیں وہ سب گولیاں اٹھالی جاتی تھیں اور اُن کی بجائے دوسری قطار میں ایک گولی رکھدی جاتی تھی۔ پہلی، دوسری، تیسری قطاروں کی خانہ پُری کا یہ سلسلہ اس طرح جاری رکھا جاتا تھا یہاں تک کہ اشیاء کی تعداد معلوم ہو جاتی تھی۔ میکسیکو کے قدیم باشندے جو تختہ شمار استعمال کرتے تھے ان میں لکڑی کے ایک ایک مستطیل نما کندے پر متعدد دھات یا بانس کی تیلیاں متوازی قطاروں میں جڑی رہتی تھیں۔ ان تیلیوں میں تسبیح کے دانوں کی طرح گولیاں آویزاں رہتی تھیں۔ اس کا استعمال بالکل ویسا ہی تھا جیسا کہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے۔ روس میں جس قسم کا تختہ شمار استعمال ہوتا ہے، وہ پہلے دو تختوں سے زیادہ بہتر ہے ان میں تار ایک مستطیل نما چوکھٹے یا فریم میں جڑے رہتے ہیں اور دس یا نو دانے مستعملاً ہر تار میں آویزاں رہتے ہیں ان دانوں کے لئے طول میں جتنے تار کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے تار طول میں کم و بیش دو چند رہتا ہے استعمال کرتے وقت یہ تختہ اُفقی سمت میں لٹا دیا جاتا ہے (جیسا کہ شکل نمبر ۲ میں دکھلایا گیا ہے)

اور تمام دانے ایک سمت میں داہنی یا بائیں جانب مرتب کردئے جاتے ہیں

(شکل نمبر ۲)



(فرض کرو کہ بائیں جانب) اب کس عدد کو شمار کرنے کے لئے داہنی جانب پہلے تار پر اتنے ہی دانے منتقل کر دیے جاتے ہیں جتنی کہ اکائیاں ہیں۔ بعد ازاں دوسرے تار پر داہنی جانب اتنی گولیاں منتقل کر دی جاتی ہیں جتنی کہ دہائیاں ہیں اور یہی صورت حسب ضرورت تیسرے، چوتھے اور باقی تاروں کے لئے رہتی ہے چنانچہ شکل میں دائیں جانب کے دانوں کا شمار کرتے ہوئے عدد ۴۰۲۸ ہے۔ اس تختہ شمار پر اعداد زیادہ سرعت سے محسوب کئے جاتے ہیں اگر ہر تار پر کے دانوں کے رنگ مختلف ہوں اور ان پر ۱، ۲، ۳، تا ۹ تک نمبرات درج ہوں۔



(شکل نمبر ۳)

شکل نمبر ۳ سے وہ تختہ شمار ظاہر ہوتا ہے جو چین اور جاپان میں عام طور پر مستعمل ہے یہاں پر ایک قدم ترقی کی جانب اور بڑھایا گیا۔ اور ہر ایک تار میں پانچ دانوں کی بجائے صرف ایک دانہ رکھا گیا۔ لیکن یہ دانہ شکل سے ظاہر ہے فریم کے ایک دوسرے حصہ میں ہے۔

تختہ شمار میں اس وقت ۴۰۲۸ ہے اس تختہ کے ذریعہ دس کھرب تک عدد ظاہر ہو سکتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک ماہر فن جاپانی اس تختہ کے ذریعہ اتنی تیزی سے شمار کر سکتا ہے جتنی تیزی سے کوئی شخص گن سکتا ہے۔

قدیم زمانہ میں ان تختوں سے صرف اعداد شماری کا کام نہیں لیا جاتا تھا۔ بلکہ حساب کے ابتدائی چار قاعدے جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کا کام بھی زبانی۔ تھوڑی سی ترمیم کے بعد ایسے ہی تختوں سے چلتا تھا۔

تختہ شمار درحقیقت اعداد کے شمار کرنے کا اصول اعشاریہ کے تحت ایک عملی طریقہ تھا۔ جس میں ہندسوں کی مقامی قیمت سے استفادہ کیا جاتا تھا۔ لیکن قدیم زمانہ میں اعداد لکھنے کا طریقہ بالکل مختلف تھا چنانچہ انسان ہزارہا برس تک اعداد کی لکھت کے غلط راستہ پر پڑ کر بھٹکتا رہا۔ اور جب تک دوسرے ہندسوں کی طرح انسان نے صفر کے لئے علامت نہ بنائی وہ ہندسوں کو اعشاریہ کے طریقہ پر لکھنے میں کامیاب نہ ہوا۔ صفر کی علامت کی ابتدا کب سے ہوئی۔ اس کی تاریخ کا صحیح طور پر پتہ نہیں چلتا۔ خیال یہ ہے کہ یہ علامت ہندوستان میں پانچویں صدی کے ختم پر وضع ہوئی لیکن ہندوستان میں قدیم سے قدیم عہد کا جو کتبہ ملتا ہے اس میں صفر کی علامت کا وجود آٹھویں صدی سے چلتا ہے۔

صفر کے علاوہ دوسرے ہندسوں کی علامات کی ایجاد صفر کی وضعات سے بہت پیشتر ہو چکی تھی۔ لیکن ان اعداد کی وضعات بھی زبانی اعداد و شمار سے بہت مدت بعد عمل میں آئی ابتدا میں جس طرح اعداد کا تصور اکائیوں کے مجموعہ سے ذہن نشین ہوا تھا۔ اسی طرح ان کے لئے بے وضع علامات اور اشارات میں بھی ویسی ہی مطابقت اختیار کی گئی اس بنا پر ابتدا میں انسان اس کے سوا کچھ نہ کر سکا کہ ایک کے لئے ایک لکیر دو کے لئے دو لکیریں۔ تین کے لئے تین لکیریں بنا دے چنانچہ اٹرسٹان میں بمقام

ٹریلی ضلع کیری کے ایک کتبہ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ۲۹۵ ق ۔م کا ہے اور اس میں سات سال کو سات کھڑی لکیروں سے ظاہر کیا ہے چنانچہ یورپ میں ایک، دو، تین اور چار کے لئے اب بھی طول خطوط مستعمل ہیں۔ مثلاً I و II و III و IIII

چ ر والوں نے بجائے طولی خطوط کے عرضی خطوط مثلاً = و ≡ وغیرہ اختیار کئے گئے لیکن ظاہر ہے کہ بڑے اعداد کے لئے یہ طریقہ کتنا ناقابل عمل ہے۔ مثلاً اگر ہم سات کا عدد لکھنا چاہیں تو سات خطوط اور پچیس کا عدد لکھنا چاہیں تو پچیس خطوط یکے بعد دیگرے بنانا پڑیں گے ۔ اس لئے بڑے اعداد کو ظاہر کرنے کے لئے خاص علامات کے وضع کرنے کی ضرورت پڑی۔ اور دس اور سو کے لئے جلدی ہی دو جدید علامات وضع ہوئیں۔ چنانچہ قدیم مصری اور فینیقی تحریروں میں اکائی کا اعادہ حسب ضرورت نو تک کیا جاتا تھا۔ اور پھر دس لکھکر دس کا اعادہ نو مرتبہ کیا جاتا تھا۔ اسی طرح سلسلہ جاری رہتا تھا۔

اعداد کے اظہار کا یہ طریقہ قدیم رومیوں میں صدیوں تک جاری رہا۔ بعد میں بغرض اختصار رومیوں نے پانچ اور پچاس کے لئے دو علامتیں اور بنائیں۔ یونانیوں نے تقریباً تین سو برس قبل مسیح اعداد کے اظہار کا ایک جدید طریقہ نکالا۔ اور یہ طریقہ غالباً انہوں نے اسکندریہ کے باشندوں سے سیکھا۔ اس طریقہ میں اعداد کے لئے بجائے مستقل علامات کے وضع کرنے کے حروف تہجی سے جو پہلے وضع ہو چکے تھے کام لیا گیا۔ چنانچہ نو تک کے اعداد اولیں نو حروف تہجی سے ظاہر کیے گئے یعنی حروف اول کی قیمت ۱، حرف دوم کی ۲، حرف سوم کی ۳ تا اینکہ حرف دہم کی قیمت دس رکھی گئی۔ اس کے بعد یہ ترتیب دس دس کے اضافہ سے رکھی گئی۔ یعنی گیارہویں حرف کی قیمت ۲۰۔ بارہویں کی ۳۰۔ اور یہاں تک انیسواں حرف ۱۰۰ پر ختم ہو جاتا تھا۔ اور بعد کے حروف میں سو سو کا اضافہ کر کے ایک ہزار پر ختم کر دیتے تھے۔ ایسا کرنے کے لئے یونانیوں کو ۲۸ حروف تہجی کی ضرورت تھی لیکن ان کی زبان میں صرف ۲۴ حروف تھے۔ لہذا انہوں نے فینیقی زبان سے بقیہ حروف تہجی لے کر اس کمی کی تکمیل کی۔ اور عدد کے لکھنے کے بعد عدد کے اوپر داہنی طرف ایک چھوٹا سا ضمہ (´) بنا دیتے تھے۔ جو یہ ظاہر کرتا تھا کہ یہ حروف تہجی نہیں ہیں مثلاً عدد گیارہ دسواں اور

پہلا حرف تہجی ملاکر یوں (ʼ‎ᘓ L) لکھتے تھے۔ اسی طرز پر اٹھائیس (K ĥ ʼ) یوں لکھتے تھے بعد میں یہی چیز عربوں میں حساب جمّل کی صورت میں ظاہر ہوئی جس کو اسلام کے علماء ریاضی نے درجات و دقایق و ثوانی کے تعین میں اور علماء جغرافیہ نے عرض البلد و طول البلد کے ذکر میں استعمال کیا ہے اور پھر شعرائے متاخرین نے اس سے مادہ ہائے تاریخ کے نکالنے میں مدد لی اس میں شک نہیں کہ یہ علامات ابتدا میں صرف ان نتائج کے اندراج میں مشتمل ہوتی تھیں جو تختہ شمار سے عملی طور پر حاصل کئے جاتے تھے ضرب و تقسیم کے عمل ان علامات کے ذریعہ آسان نہ تھے۔ صرف چند بہت بلند پائے کے ریاضی دان ملتے ہیں جنھوں نے ان علامات کے ذریعہ ضرب و تقسیم کے نتائج حاصل کرنے کی کوشش کی مثلاً تقریباً سنہ ۱۵۰ ق۔م میں اسکندریہ کا ایک ہیرو نامی ریاضی دان ۱۲، ۱۸ کی ضرب کا عمل یوں کرتا ہے یہ عمل یونانی حروف تہجی اور ان کی معینہ ارقام کے لحاظ سے کیا گیا۔ لیکن ہم اُن کو بغرض سہولت ابجد کے عربی حروف تہجی کی صورت میں تبدیل کئے دیتے ہیں۔

(۸ + ۱۰)(۲ + ۱۰) = ۱۸ × ۱۲ = (ح + ی)(ج + ی) = ح ی × ج ی

= ۲ (۸+۱) + ۱۰(۸ + ۱۰) = (ج+ی) ج + (ح + ی) ی =

= ۲۴ + ۲۰ + ۸۰ + ۱۰۰ = دک + ل + ف + ق =

= ۲۲۴ = دل ر =

اس طرح دنیا کی قدیم متمدن قومیں ہزارہا برس تک اس عقدۂ علمی کے سلجھانے میں کوششیں کرتی رہیں۔ لیکن قدرت نے اس کی کامیابی کا شرف مشرق کے لئے رکھا تھا۔ اہل ہند اس فن میں خاص مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے اعداد اور ارقام کی علامتیں مقرر کیں اور بتدریج ان کو ترقی دیتے رہے لیکن ان کی یہ ترقی صرف اُن ہی تک محدود رہی۔ یہاں تک کہ ۸۰۰ صدی مسیحی کے بعد عربوں نے اس فن کو اہل ہند سے لے کر تمام متمدن ممالک میں پھیلا دیا۔ بقیہ مضمون میں اس امر کا ذکر ہوگا کہ موجودہ علم الارقام کس طرح اہل ہند سے عربوں میں اور عربوں کے ذریعہ یورپ اور دیگر متمدن ممالک میں پھیل گیا۔

آفتاب رسالت کے طلوع ہوتے ہی اہل عرب خواب غفلت سے بیدار ہوئے

اور اپنے ہادیٔ اعظم[۲] کی رہبری میں نہایت سرعت سے دنیا کی متمدن ترین قوم بن گئے۔ وہ جذبہ کشور کشائی کے ساتھ ساتھ حصول علم کا بھی شوق رکھتے تھے۔ علم کے لئے اُس وقت عربوں کی نگاہیں دو ممالک پر پڑیں شمال میں یونان اور مشرق میں ہندوستان گو ابتداً ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم کے فتوحات ملتان سے آگے نہ بڑھے تاہم عربوں کے تجارتی تعلقات اہل ہند سے محمد بن قاسم کے حملے سے بہت پیشتر سے قائم تھے۔

اور جب ان کی شہنشاہیت ہندوستان کے حدود تک پہونچ گئی تو یہ تجارت قدرتاً اور بڑھ گئی۔ اس وقت جو تقریباً ۸۰۰ء کا زمانہ تھا عرب تاجروں نے دیکھا کہ ہندوستانی تجار اپنے حساب وکتاب میں ایک جدید قسم کے نہایت آسان ارقام عددی استعمال کرتے ہیں جس میں معیار عدد دس ہوتا ہے اور اس میں نو ہندسوں کے علاوہ ایک ہندسہ صفر اور ہوتا ہے اور انہیں دس ہندسوں کے ذریعہ بہ تقدیم وتاخیر مراتب قیمت باقی چھوٹے و بڑے تمام اعداد حاصل ہو جاتے ہیں خیال یہ ہے کہ ابتدا میں انہیں تاجروں کے توسط سے یہ اعداد عشری کا جدید طریقہ عرب تک پہنچا ہندوستان میں اس طریقہ کی بنیاد کب اور کس نے رکھی اس کا ٹھیک تاریخی پتہ نہیں چلتا۔ آریہ بھٹہ جو پانچویں صدی میں ہندوستان کا نہایت مشہور ریاضی دان گذرا ہے اُس کی تصنیفات میں ان اعداد عشری کا استعمال نہیں ہے قدیم سے قدیم تاریخ جس میں اس طریق کتابت کا استعمال عرب میں معلوم ہوا ہے۔ وہ ۷۷۳ء کا ہے۔

یہ خلیفہ المنصور کی خلافت کا آخری زمانہ ہے۔ اس زمانہ میں ہندوستان کے دو مشہور علماء ریاضی آریہ بھٹہ اور برہم گپتا کی تصانیف کے علاوہ چند علم نجوم کی کتابیں بھی خلفاء عباسیہ کے دار الخلافہ بغداد میں ہندوستان سے حاصل کی گئیں۔ ان کتب میں علم ہیئت کے متعلق چند جدول بھی تھے جن میں ارقام ہندسہ کے نو ہندسوں کے علاوہ صفر کا بھی استعمال تھا۔

اگرچہ رائج الوقت اعداد عشری کے موجد اہل ہند ہیں اور اسی بناء پر عربوں نے اس کا نام "ارقام ہندیہ" رکھا۔ مگر اس امر سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس علم کی تشہیر اور تحفظ کے حقیقی مجدد اور شرف کے مستحق اہل عرب ہیں خلیفۃ المامون (۸۱۳ تا ۸۳۳) کے عہد میں ایک علمی سفارت قسطنطنیہ اور دوسری ہندوستان اس غرض کے لئے

روانہ کی گئی کہ وہ یونانی اور ہندوستان کے تمام سائنٹفک علوم و فنون کو حاصل کر کے بغداد لائیں ہندوستان میں جو سفارت بھیجی گئی اس کے ساتھ محمد ابن موسیٰ ابو جعفر الخوارزمی تھے۔ تاریخ ریاضیات میں الخوارزمی بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ تقریباً ۸۳۰ء میں جب الخوارزمی ہندوستان کی سفارت سے واپس ہوا تو علم الحساب اور الجبر پر چند و کتابیں لکھیں۔ یورپ میں الجبرا اور ارقام ہندیہ کے اصول پر عشری اعداد کی بنیادیں ان ہی تصانیف کی مرہون منت ہیں۔

یہ ارقام عشری جس میں دسواں ہندسہ صفر ہوتا ہے یورپ میں کیونکر اور کب پہونچے؟ سنسکرت زبان میں صفر کے لئے لفظ "سنا" ہے جس کے معنی خالی کے ہیں جب عربوں نے اس طریق کتابت عدد کو اہل ہند سے لیا تو "سنا" کی جگہ اس کا ہم معنی لفظ صفر استعمال کیا۔ عربوں کے ذریعہ جب یہ طریقہ یورپ میں رائج ہوا تو اہل یورپ نے اپنی زبان میں صفر کو بعینہٖ (Cipher) میں تبدیل کر دیا۔ یورپ کی اکثر زبانوں میں یہ لفظ اب بھی مستعمل ہے اور ان ارقام کو "ارقام عربیہ" کہتے ہیں لیکن یہ ارقام عربیہ یورپ میں بجائے عرب سے پہنچنے کے مغرب کی طرف اسپین سے پہونچے عرب اسپین میں مراکش کی طرف سے داخل ہوئے اور ۷۴۶ء میں اسپین میں اپنی حکومت قائم کی دسویں اور گیارہویں صدی میں یہ حکومت اپنے علم و کمال تہذیب و تمدن کے بلند ترین معیار پر تھی۔ اگرچہ اس حکومت کے سیاسی تعلقات خلفائے بغداد کے ساتھ چنداں خوشگوار نہ تھے۔ لیکن انہوں نے یہاں کے علم و کمال کا خیر مقدم نہایت خوشی کیا۔ اور بغداد کے علمائے ریاضی دان کی تصانیف دیگر علوم و فنون کی تصانیف کے ساتھ جلد حاصل کر لیں۔ اس طرح افلاطون، ارسطو، اقلیدس، ارشمیدس، ابولونیس آریہ بھٹہ اور برہم گپتا اور دیگر مصنفین کی تصانیف کے عربی ترجمے مع علمائے عرب کی ریاضی تصانیف کے اندلس پہونچ گئیں۔ اندلس کے عربوں نے جو ارقام ہندیہ بغداد کے علمائے ریاضی سے حاصل کئے اس کا نام "ارقام الغبار" رکھا۔

ذیل میں ہم اُن اعداد کی کتابت درج کرتے ہیں جو آٹھویں صدی کے بعد ہندوستان میں مستعمل تھی۔۔۔ اور بعد میں چنداں ترمیم کے بعد عرب، اندلس، اور مغربی یورپ میں رائج ہوئی۔۔

ارقام ہندیہ ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰
ارقام الغبار ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰
ارقام اطالیہ 1 2 3 4 5 6 7 8 9 10

یہ ارقام مغربی یورپ میں بارہویں صدی سے قبل نہ پہونچ سکے۔ ابتداء میں زیادہ تر اہل اطالیہ اندلس کے عربوں سے تجارتی تعلقات رکھتے تھے۔ بایں وجہ اول اول یہ اعداد عشری اٹلی میں رائج ہونا شروع ہوئے اطالیہ کے تاجروں نے اپنے کھاتوں کا حساب ان ہی اعداد عربیہ میں لکھنا شروع کیا۔ اندلس کی ہمسایہ عیسائی حکومتیں عربوں کی بڑھتی ہوئی قوت سے خائف تھیں۔ وہ ان عربوں کو "مورس" کے نام سے موسوم کرتی تھیں۔ اور ان سے نفرت کرتی تھیں۔ عربوں کے خلاف یہ نفرت کے جذبات اس درجہ بڑھ گئے تھے کہ ان کے علم و کمال سے بھی بیزاری کا اظہار کیا جاتا تھا۔ چنانچہ اطالیہ کے ایک شہر فلارنس میں ۱۲۹۹ء کا ایک شاہی فرمان ملتا ہے جس میں اس امر کی ممانعت کی گئی ہے کہ کوئی تاجر عربی ہندسوں میں اپنے کھاتوں کا حساب نہ رکھے اسی نوعیت کا ایک اعلان پڈوا یونیورسٹی (اٹلی) کے ارباب نظم و نسق کا ملتا ہے جس میں عربی اعداد سے احتراز کی تلقین کی گئی ہے۔

اطالیہ میں ان اعداد کی ترویج کا دوسرا ذریعہ عیسائی اور یہودی طلبا تھے جو اندلس کی جامعات میں حصول تعلیم سے فارغ ہو کر اپنے ملک کو واپس گئے۔ اس وقت اندلس میں تین تین یونیورسٹیاں غرناطہ، کورڈوا اور سیویل تھیں۔ عیسائی طلبا کو ان جامعات میں پڑھنے کی اجازت نہ تھی۔ یورپین مورخ اس امر کو اندلس کے عربوں کے تعصب پر محمول کرتے ہیں لیکن اگر مذہبی تنگ نظری اس رکاوٹ کا باعث ہوتی تو یہودیوں کو بھی ان جامعات میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت نہ ہوتی۔ مگر ایسا نہ تھا۔ یہودیوں کو ان جامعات میں تعلیم حاصل کرنے کی عام اجازت تھی۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ اندلس کی اسلامی حکومت اور یورپ کی عیسائی حکومتوں میں سیاسی تعلقات بہت کشیدہ تھے۔ عیسائی طلبا کو ان جامعات میں شرکت کی اجازت نہ ہونے کا باعث یہی سیاسی کشیدگی تھی۔ کیونکہ اس تعلیم کے درپردہ ان طلبا سے سراغ رسانی نہایت ہی آسانی سے ممکن تھی (Adel hard of Bath)

ایڈل ہرڈ آف باتھ پہلا انگریز راہب تھا جس نے یہ کوشش کی کہ عربوں کے سائنٹیفک علوم و فنون کو اپنی قوم تک پہنچائے یہ راہب تقریباً ۱۱۲۰ئہ میں ایک مسلم کے لباس میں کورڈوا کی یونیورسٹی میں شریک ہوا اور وہاں خفیہ طور پر اس نے اقلیدس، الخوارزمی کے الجبرا اور حساب کی کتابوں کی نقل حاصل کی۔ اس نے تختہ شمار کے استعمال پر بھی ایک کتاب لکھی۔ دوسرا قابل ذکر شخص جس نے عربوں کی ریاضیات کو یورپ میں پھیلانے کی کوشش کی وہ ابراہیم بن ازہر نامی ایک یہودی تھا۔ یہ ۱۰۹۷ء میں ٹولیڈو میں پیدا ہوا۔ اور ۱۱۹۷ء میں روم میں وفات پائی۔ علم ہیئت پر چند تصانیف کے علاوہ اس نے علم الحساب پر ایک کتاب لکھی اور اس میں کامل وضاحت کے ساتھ اعداد عربیہ جس میں صفر بھی شامل ہے بیان کیا ہے۔

تیسرا قابل ذکر شخص جس نے عربوں کے دوسرے علوم و فنون کے ساتھ ارقام عربیہ کو یورپ میں پھیلایا لیونارڈ تھا۔ یہ شخص ۱۱۷۵ئہ میں پیسا (اٹلی) میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ ایک تاجر تھا۔ جس کو تجارت کے سلسلہ میں ایک عرصہ تک بغیہ (باربری شمالی افریقہ) میں رہنا پڑا۔ لیونارڈ نے یہیں تعلیم پائی اور اس طرح الخوارزمی کی تصانیف اور ارقام عربیہ سے واقف ہوا۔ وہ تقریباً ۱۲۰۰ئہ میں اٹلی واپس ہوا۔ ۱۲۰۲ئہ میں اس نے الجبرا پر ایک کتاب لکھی جو الخوارزمی کے الجبری اصولوں پر مبنی تھی۔ اس کتاب میں وہ ارقام عربیہ کی تشریح کرتا ہے اس نظام کو رومی طریقہ پر جو فوقیت حاصل ہے اس کو بیان کرتا ہے لیونارڈ لکھتا ہے کہ "چند سال کی کوشش کے بعد اس نے یہ ارقام عربیہ جن کو یورپ کے ارقام پر بلحاظ سہولت خاص فوقیت حاصل ہے باربری میں سیکھا ہے لہذا میں ان کو اس خیال کے تحت شائع کرتا ہوں تاکہ لاطینی قوم اپنے علم میں کسی سے پیچھے نہ رہے"

اس ضمن میں جرمنی کے شہنشاہ فریڈرک دوم کا ذکر بے محل نہ ہوگا۔ اس نے ۱۲۱۰ئہ تا ۱۲۵۰ئہ تک حکومت کی یہ علم و کمال کا بہت بڑا سرپرست تھا۔ اور اس نے عربوں کے علوم کو مغربی یورپ میں پہنچانے کی ہر ممکنہ کوشش کی۔ نیپلیز اور پڈوا میں دو جامعات قائم کیں۔ یہ واقعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ۱۲۲۵ئہ میں جب یہ علم نواز بادشاہ پیسا (اٹلی) سے گذرا تو لیونارڈ کی ریاضیات کی شہرت سنکر

ٹہر گیا۔ اور وہاں ایک ٹورنامنٹ اس غرض سے منعقد کیا تاکہ لیونارڈ کی ریاضیات سے متعلقہ فراست کی جانچ کی جائے لیونارڈ کو اس ٹورنامنٹ میں دیگر علمائے ریاضیات کے ساتھ مدعو کیا گیا۔

مقابلہ کے لئے جو سوالات دئے گئے اُن میں ایک یہ تھا:۔

"ایک ایسا عدد معلوم کرو، جس کے مربع میں ۵ کی زیادتی یا کمی کرنے سے ہر دو صورتوں میں وہ مربع رہتا ہے"

لیونارڈ اس کا جواب $\frac{41}{12}$ دیا۔ جو صحیح تھا۔ اس بادشاہ نے ایک دارالترجمہ بھی قائم کیا جس میں اندلس کی جامعات کے فارغ التحصیل یہودیوں کا تقرر اس غرض سے کیا کہ وہ عربوں کے علوم ریاضیات کی کتابوں کا ترجمہ کریں اقلیدس، ارشمیدس، اپولنیس، ٹولمی الخوارزمی کی کتب ریاضیات کا ترجمہ عربی سے لاطینی زبان میں منتقل کیا گیا۔ اور اسطرح چودھویں نصف صدی میں ارقام عشری کا عام استعمال یورپ میں ہوگیا۔ اور پندرہویں صدی کے ختم ہوتے ہوتے تقریباً تمام دنیا میں ان اعداد کا رواج ہوگیا۔

قطعہ تاریخ

انتقال پُرملال عالیجناب نواب سر مسعود جنگ بہادر مغفور

از

حکیم مولوی محمدؐ فاضل صاحب فاضلؔ

راس مسعود ناظم سابق — روئے نیکوئے خود زما چو نہفت

سالِ تاریخ او چو پرسیدم — "زینت دہر رفت" ہاتف گفت

۱۳۵۶ھ

مثالی مدرس

مولوی یوسف الدین صاحب صنابی۔ا مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل

تمہید معاشرہ کے ہر فرد پر لازم ہے کہ وہ دو چیزوں کو اپنا نصب العین بنائے تاکہ اُسی کے ذریعہ سے وہ خود کو معاشرہ کا صحیح معنوں میں کامل فرد ثابت کر سکے۔ ایک تو علم اور دوسرا عمل۔ اور یہ دونوں چیزیں لازم و ملزوم ہوں گی لیکن اُس کا علم اُس وقت تک نامکمل رہے گا جب تک کہ وہ اپنی مقصد معلومات کی وساطت سے عمل کو درست نہ رکھے اور عمل اُس وقت تک ناموزون رہے گا جب تک کہ وہ علم کو وسعت نہ دے۔ اس لئے عمل کے لئے علم لابدی شئے ہے اور علم بغیر بہترین رہنما اور رہبر کے مکمل نہیں ہو سکتا۔ یا یہ کہ علم یا علمی ذوق اُس وقت تک صحیح معنوں میں علمی ذوق کہلانے کا مستحق نہ ہو گا جب تک کہ وہ ایک ہمدرد، مہربان، دوست فلسفی، فرض شناس، خوش مزاج معاملہ فہم، انصاف پسند رہبر کے ذریعہ حاصل نہ کیا جائے وجہ یہ ہے کہ ہمہ صفت موصوف رہبر اگر مل جائے تو ناممکن ہے کہ کسی پہلو سے بھی اُس کی رہبری سے فائدہ اٹھانے والے میں کمی رہ جائے۔ اسی لئے حصولِ علم میں جس چیز کو اولیت حاصل ہونی چاہیئے وہ ایک رہبر یا مدرس کی تلاش ہے مدرس کا پیدائشی ہونا اچھا ہے کیونکہ وہ مدرس جس کو طلباء کے ساتھ ہمدردی ہو گی اور علمی ذوق رہے گا وہ ایک کامیاب مدرس ثابت ہو سکتا ہے بہ نسبت اُس شخص کے جس نے تلاش معاش میں مختلف دروازوں کو کھٹکھٹایا ہو اور سب جگہ سے مایوس ہو کر اس پیشہ کو اختیار کر لیا ہو۔ یہاں ہم فرداً فرداً اُن صفات سے بحث کریں گے جن کا مدرس میں ہونا لازمی ہے۔

مدرس میں جوش اور ولولہ ہونا خدا نے انسان کو جوش اور ولولہ کا جذبہ ودیعت کیا ہے۔ یہ ایسا جذبہ ہے کہ اس سے کام لے کر ہر فرد ادنیٰ سے ادنیٰ اور اعلیٰ سے اعلیٰ یا معمولی اور کٹھن کاموں میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

اس لئے مدرس کو بھی اس امر کی ضرورت ہے کہ وہ اس جذبہ سے کام لے۔ اُس کو جوش اور ولولہ سے کام لے کر خود کو سچا اور محنتی آدمی ثابت کرنا چاہیئے۔ واقعہ یہ ہے کہ اگر ایک مدرس محنت کا عادی ہوگا، وقت پر کام کرے گا، طلباء کی بروقت رہنمائی کرتا رہے گا تو ظاہر ہے کہ اُس کے جس قدر بھی تلامیذ ہوں گے وہ بھی اسی جذبہ کے تحت محنتی ہوں گے مضمون سے دلچسپی کا اظہار کریں گے اور محنت برداشت کرنے کے عادی ہوں گے برخلاف اس کے اگر کوئی مدرس مفوضہ مضمون کی تعلیم گاہے ماہے دیتا ہو اور اکثر و بیشتر وقت بیکاری میں صرف کرتا ہو تو اُس کا پرتو طلباء پر بھی پڑے گا اور وہ بجائے دلچسپی کا اظہار کرنے اور محنتی ہونے کے بدشوق اور آرام طلب ہو جائیں گے اور اسی بنا پر اونہیں اپنی آئندہ زندگی بارگراں معلوم ہوگی اور وہ کف افسوس ملتے رہ جائیں گے۔

مدرس کا ہمدرد ہونا | بچوں میں یہ ایک فطری عادت ہوتی ہے کہ کسی غیر مانوس بچہ کے ساتھ ملائمت اور نرمی کا برتاؤ کیا جائے تو وہ از خود قریب آجاتا ہے اور غصہ سے دور بھاگ جاتا ہے۔ یہ عادت نہ صرف بچوں بلکہ جانوروں کی بھی ہوتی ہے۔ بچے مثل جانوروں کے ہیں۔ وہ ماں کی گود چھوڑ کر مدرسہ آتے ہیں جہاں پر اُن کے ساتھ محبت اور خالص محبت کا برتاؤ کیا جاتا رہا ہے اس لئے وہ اپنے ماحول کے بدلنے پر بھی خواہاں ہوتے ہیں کہ ان کے ساتھ محبت اور ہمدردی کا برتاؤ کیا جاتا رہے تاکہ ان کی دلجمعی ہو۔ اگر مدرس طلباء کے ساتھ محبت اور ہمدردی سے پیش آئے تو یہ یقین ہے کہ اگر اُن سے ناقابل برداشت بوجھ بھی اُٹھانے کے لئے کہا جائے تو اُسی شفقت آمیز برتاؤ کی وجہ سے وہ کبھی دریغ نہ کریں گے اور ہمیشہ آمادگی کا اظہار کرتے رہیں گے۔ اس لئے مدرس کو چاہیئے کہ وہ طلباء کے ساتھ ہمدردانہ اور شفقت آمیز برتاؤ کیا کرے جو اُن کے لئے پدرانہ شفقت کا بدل ہو وہ اس پدرانہ شفقت کے ذریعہ اونہیں سب کچھ بتلا دے گا جو کہ طلباء اپنے والدین سے حاصل نہ کر سکے ہوں۔ مدرس کی اس پدرانہ محبت اور ہمدردی کے بعد اگر ضرورت پر وہ طلباء کو سخت ترین سزا بھی دے تو وہ اپنے مشفق مدرس سے کبھی ناراض نہ ہوں گے اس لئے بچوں سے ہمدردی رکھنا مدرس کے لئے ضروری ہے۔

خوش مزاجی | خوش مزاجی بھی منجملہ اُن صفات کے ایک ہے جو فرد کو معاشرہ کا

اہل بناتی ہے جو شخص خوش مزاج ہوگا، چہرہ ہنس مکھ رکھے گا، نیک مشورہ دیا کریگا، سب کے ساتھ یکسانیت سے بلاتخصیص مدارج ملا کریگا، بر موقعہ اعانت سے پہلوتہی نہ کریگا اُس کو معاشرہ کے تمام افراد پسند کرتے اور اُس کے ساتھ راہ و رسم رکھنا باعث فخر سمجھتے ہیں اس لئے مدرس کو چاہیئے کہ وہ طلبار کے ساتھ خوش مزاجی کا اظہار کرے، ہمیشہ ہنس مکھ رہے، کبھی بھی چہرہ سے غم و غصہ کے آثار ہویدا نہ ہونے دے، اُن کے ساتھ نیک برتاؤ کرے، اُن کے ساتھ کھیل کود میں شریک ہوا کرے تاکہ اُس کے عمدہ خصائل کو دیکھ کر طلبار اپنی کمزوریوں کو دور کرکے اونہیں اختیار کرنے کی کوشش کریں، اُن کے بُرے افعال کا خیال رکھے اور اُن کی اصلاح کی کوشش کرے، اس ذریعہ سے مدرس کی خوش مزاجی طلبار کی سیرت سازی کا کام دیگی۔ قدیم زمانہ میں مدرس طلبار کو اپنے ساتھ رکھکر اونہیں مختلف ذرائع سے تعلیم دیتا اور ان کے اخلاق کو درست کرتا تھا اور ختم تعلیم پر اونہیں اپنی صفات کا کامل نمونہ بناکر چھوڑتا تھا۔ فی زمانہ ایسے مدرسین جن کے تفویض علوم مشرقیہ کا تعلیمی کام ہو وہ قطعاً طلبار کے ساتھ اشتراک عمل نہیں کرتے۔ اُن کا خیال ہے کہ اس طرح کے اشتراک عمل سے طلبار پر رعب قائم نہیں رہ سکیگا۔ واقعہ یہ ہے کہ خوش مزاجی سے مدرس اور طلباؤں میں دلی لگاؤ اور یگانگت پیدا ہوتی ہے جو طلبار کے لئے مفید نتائج پیدا کرنے کا ذریعہ ہوسکتی ہے

حسن تدبیر اور انصاف پسندی سے کام لینا۔

مدرس کا تعلق کئی سو طلبار سے ہوتا ہے اور ان تمام طلبار سے واقفیت حاصل کرکے اونہیں کافی معلومات بہم پہنچانا اُس کے فرائض میں داخل ہوتا ہے اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ وہ طلبار کی استعداد و قابلیت سے کماحقہ، واقف ہوکر اونہیں اس طرح قابو میں رکھے کہ طلبار میں اُس کے احکام کی خلاف ورزی اور عدول حکمی کا شائبہ تک پیدا نہ ہونے پائے۔ احیاناً اُن سے کوئی غلطی سرزد ہو بھی جائے تو اُس کا سلوک بجائے درشتی اور سختی کے ایسا نیک، ملاطفت آمیز، سنجیدہ اور شریفانہ ہو کہ خاطی از خود پشیمان ہوکر عفو کا طالب ہو جائے لیکن قابو رکھنے کے معنے یہ نہ ہوں گے کہ اُن کے ساتھ سختی کا برتاؤ ہو اور اُس سخت گیری کا خیال کرتے ہوئے خوف کے مارے مدرس کے ہر حکم کو طلبار حکم قضا، تسلیم سمجھکر بلا پس و پیش خاموش رہنے پر مجبور ہوں۔ اسی قسم کا قابو

ظاہر ہے کہ عرصہ تک حاصل نہیں رہ سکتا اور وہ بالکل ہی کھوکھلا اور ناپائیدار ثابت ہوگا۔ اسی وجہ سے ایسے ناخوشگوار تعلقات جو مدرس اور طلبا میں پیدا ہونے کا امکان رکھتے ہیں اُن کی روک تھام کے لئے اور مدرس کی قوت گرفت کو زیادہ پائیدار بنانے کے لئے ضرورت ہے کہ مدرس حسن تدبیر اور حکمت عملی سے کام لیا کرے یعنے حالات اور موقعہ کا لحاظ کرتے ہوئے اُس کو کام کرنا چاہیئے۔ علاوہ ازیں چونکہ اُس کا تعلق کئی سو طلبا سے ہوتا ہے اور ان کئی سو طلبا میں ایک دوسرے سے لڑائی جھگڑا ہونا یقینی ہے۔ جب اس قسم کی وارداتیں رونما ہوں گی تو وہ دادخواہی اور فیصلہ کی خاطر مدرسہ کی عدالت میں پیش ہوں گی جس کا واحد اعلیٰ عہدہ دار مدرس کی ذات ہوتی ہے۔ مدرس تمام واقعات کو بغور سُننے کے بعد پیش شدہ واردات کے لئے فوری فیصلہ صادر کردے گا اور اُس کے لئے ازبس ضروری ہے کہ وہ صدور فیصلہ کے بعد اسی فیصلہ پر قائم رہے۔ اگر ضروریات مدرسہ کا لحاظ کرتے ہوئے کوئی قانون نافذ کرے تو اُس کے لئے لازمی ہے کہ نافذ کردہ قانون کے نفاذ کے بعد مستقل مزاجی سے وہ اُسی پر قائم رہے۔

قوتِ مشاہدہ کا ہونا مدرس کو ہر وہ چیز جو اُس کے سامنے آئے اور جس کو کہ وہ اغراضِ تعلیم کے لئے ضروری سمجھتا ہے غور و خوض سے دیکھنا چاہیئے اُس کی ماہیت کو سمجھنا اور اُس سے کس نوعیت کا فائدہ حاصل کر سکے گا نتیجہ نکالنا چاہیئے تاکہ تدریس میں طلبا کو ضروری چیزوں کے مشاہدہ سے تفہیم کرا سکے۔ مثال کے طور پر مطالعہ قدرت کے سبق میں کسی ایک پھول پر سبق دیا جارہا ہو اور دوران سبق میں صرف یہ کہدیا جائے کہ وہ پھول اس شکل کا ہوتا ہے، اُس کی پنکھڑیاں اس وضع کی ہوتی ہیں، پنکھڑیوں کا اگلا رنگ گلابی اور بقیہ سفید وغیرہ تو طلبا اُس پھول کے سبق کو سمجھ تو جائیں گے لیکن اُن کے سامنے اگر وہ پھول کبھی آبھی جائے تو وہ تمیز نہ کر سکیں گے کہ ماسٹر صاحب نے جس پھول کا ذکر کیا تھا وہ یہی ہے۔ اس لئے سبق میں جب تک مشاہدہ سے کام نہ لیا جائے اُس وقت تک نامکمل رہیگا اور جب تک مدرس کو سابقہ واقفیت نہ ہو اُس وقت تک مشاہدہ بیکار ہے۔ اسی وجہ سے مدرس کو نہایت خبردار ہونا، گہرا مشاہدہ کرنا اور ہر چیز پر گہری نظر ڈالنا چاہیئے۔

طلبا پر حکومت میں سختی کا اخفا ہونا۔ تعلیمی انتظامات جو کسی بھی ملک میں

سرانجام پاتے ہیں اُن کی نوعیت بالکل ہی ایک متمدن ملک کی شیرازہ بندی اور انتظامات کی سی ہوتی ہے۔ مثل ایک عہدہ دار کے جو رعایا کی فلاح و بہبود کا خیال رکھنے اُنکو بلوہ و فساد وغیرہ سے روکنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے مدرس کی حیثیت بھی بعینہٖ ویسی ہی ہے مدرس طلباء کا دوست ہوتا ہے، اُن کی فلاح و بہبود کا خیال رکھتا ہے، اُن کی حرکات و سکنات پر نظر رکھتا ہے اونہیں نیک مشورہ دیتا ہے، اونہیں بُری عادتوں اور بُری صحبتوں سے روکتا ہے۔ ان تمام امور کے لئے وہ بحیثیت ایک حاکم کے طلباء پر حکومت کرتا ہے لیکن اُس کی حکومت حکمت عملی کے ذریعہ ہوتی ہے۔ وہ نرمی اور ملائمت کا برتاؤ کرتا ہے۔ اور کبھی ضرورت لاحق ہو تو سختی سے کام لینا پڑتا ہے۔ اس طرح کی حکومت کو طلباء کبھی ناپسند نہیں کرتے بلکہ اُس کے ہر حکم پر سر تسلیم خم کردینے آمادہ دکھائی دیتے ہیں برخلاف اس کے اگر مدرس ایسا طرز اختیار کرے کہ ہمیشہ طلباء کے ساتھ سختی کرے، اُن کی معمولی سی غلطی پر سخت ترین سزا دیا کرے، اُن کے ناقابل گرفت تساہل پر برافروختہ ہوجایا کرے اور گھُرکی و دُرشتی کے سوائے کام نہ لے تو ظاہر ہے کہ اس فضاء میں جو بھی سبق دیا جائے طلباء بغیر سمجھے ہوئے اوسے تسلیم کرنے پر مجبور ہوں گے۔ علاوہ ازیں سختی ایک حد تک برداشت کی جاتی ہے۔ جب وہ ناقابل برداشت ہو جائے گی تو طلباء میں انقلابی صورت رونما ہوگی اور وہ مدرس کے خلاف جا و بیجا حرکات جائز رکھیں گے اس لئے مدرس کو طلباء پر حکومت ایسی کرنی چاہئیے کہ جس میں سختی کا پہلو ظاہر نہ ہو۔

موادِ تدریس سے واقفیت

مدرس کے لئے سب سے بڑی چیز موادِ تدریس سے واقفیت ہے۔ کسی مضمون پر جب تعلیم دیجاتی ہے تو مدرس کا اولین فریضہ یہ ہے کہ اُس مضمون سے متعلق کافی معلومات کا ذخیرہ مہیا رکھے کیونکہ اس امر کا امکان ہے کہ دوران سبق میں طلباء اُس سے مختلف سوالات کر بیٹھیں چنانچہ اُن تمام سوالات کے جوابات کے ذریعہ ہی وہ نئے مضمون کو ذہن نشین کرا سکتا ہے۔ اُس کو مختلف طریقوں سے سمجھانا پڑتا ہے۔ سابقہ معلومات سے کام لینا پڑتا ہے۔ عام فہم مثالوں سے وضاحت کرنی پڑتی ہے۔ بہر حال اُس کو ہر ممکن طریقہ سے مضمون کو دلچسپ اور قابل فہم بنانا پڑتا ہے اور اسی لئے اُس کو کافی موادِ تدریس کی ضرورت ہے،

اگر مواد تدریس کافی نہ ہو تو اُس کے معنے یہ ہوں گے کہ سبق کو دلچسپ بنانے اور طلبار کو تفہیم کرانے کی بجائے طلبار کا وہ حصۂ وقت بیکار گیا اور مدرس نے فرائض کی خلاف ورزی کی۔ موادِ تدریس پر عبور اُس وقت تک حاصل نہ ہو سکے گا جب تک کہ مدرس اپنے تعلیمی زمانہ میں مضامین پر عبور حاصل نہ کرتا رہا ہو۔

جماعت میں مدرس اور طلبار کا کام برابر ہو

مدرس طلبار کا رہبر ہوتا ہے اور رہبر کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ موقعہ اور مناسبت سے ہدایت کر دیا کرے۔ اس لئے مدرس کو چاہیئے کہ دوران تدریس میں سوالات کے ذریعہ طلبار سے مواد اخذ کرنے کی کوشش کرے اور بہت کم خود کہا کرے۔ مدرس کے کہہ دینے سے طلبار میں جو خود فعلیت کی عادت ہوتی ہے اُس میں ترقی نہیں ہو سکتی اس لئے بعض ماہران تعلیم نے یہ بتلایا ہے کہ مدرس جس قدر کم کہا کرے گا اُسی قدر طلبار غور وفکر سے زیادہ کام لیں گے یا یہ کہ سوالات کے جواب میں جس قدر آواز طلبار کی سنی جائے گی اُسی قدر آواز مدرس کی بھی سنائی دی جانی چاہیئے۔ علاوہ ازیں مدرس کے لئے ضرورت ہے کہ وہ جماعت میں زیادہ نہ چلّائے یعنے سبق اس انداز سے دے کہ اُس کی آواز تمام طلبار کو عمدگی سے سنائی دے نہ کہ اس طرح پر جس سے طلبار پریشان ہو جائیں اور اُن کے سمجھنے میں تکلف ہو۔ اس طرح پر چلّانے سے نہ صرف اُس کی صحت پر اثر پڑتا ہے بلکہ جماعت کے ڈسپلن میں بھی خرابی واقع ہوتی ہے چلّانے سے نہ صرف آواز، حلق اور قوت جسمانی پر بُرا اثر پڑتا ہے بلکہ اس تکان کی وجہ سے جب وہ زیادہ آواز سے کام لینا چاہے تو نہیں لے سکتا۔

چستی وچالاکی کی ضرورت

فی زمانہ ورزش جسمانی کی تعلیم پر عام طور سے زور دیا جا رہا ہے اور اس رجحان کی وجہ یہ ہے کہ طلبار میں اس ذریعہ سے چستی وچالاکی پیدا کی جائے اور وہ اپنا کام عمدگی سے کریں۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ مدرس کے حرکات وسکنات کا اثر طلبار پر زیادہ پڑتا ہے اس لئے مدرس کا طرزِ عمل جماعت میں جیسا بھی ہو گا طلبار اُس کو اختیار کریں گے۔ مدرس اگر جماعت میں تمام وقت کرسی پر بیٹھا رہے، دیوار سے ٹیکا لگائے رہے یا کتب اپنے زانو پر رکھے رہے، دونوں پیر کرسی پر یا میز پر رکھے رہے تو ان حرکات کا اثر جیسا کچھ طلبار پر ہو گا ظاہر ہے

طلبا، چست و چالاک ہونے اور سبق سے دلچسپی کا اظہار کرنے کی بجائے سُست اور لاپرواہ رہنے لگیں گے جس کا کاملاً مدرسہ ذمہ دار ہوگا۔ اس لئے مدرس کو چاہیئے کہ جب تک وہ جماعت میں رہے زیادہ تر دورانِ سبق میں ٹہلتا رہے اور بہت کم وقت کرسی پر بیٹھکر گذارے۔ اس کا اثر طلبا پر یہ ہوگا کہ وہ سبق میں دلچسپی لیں گے، اُن کی توجہ قائم رہے گی اور اُن میں چستی و تیزی پیدا ہوگی۔ اور یہ اُس کے لئے ایسی ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے کہ قوتِ گویائی اور لباس کی پاکیزگی لازمی ہیں۔

مدرس کی شخصیت آج کل ہندوستان میں جس چیز کی سخت ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔ وہ مدرس کی شخصیت ہے اور شخصیت کا اظہار دو چیزوں پر ہے ایک تو اچھی عادت اور دوسرے پاکیزہ لباس عادات شخصیت کا جزو اعظم ہیں یعنی مدرس کی عمدہ عادات اُس کی شخصیت کو ممتاز کردیتی ہیں اور وہ ہم جلیسوں اور طلبا میں وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اگر اس کے خلاف ہو تو طلبا اُس کا مضحکہ اُڑانے کی کوشش کرتے ہیں۔ زبان کی لکنت، کیلتے رہنے کی عادت، ہمیشہ کھجانا، پھونکنا، چہرہ بناتے رہنا وغیرہ ایسی عادات ہیں جو بادی النظر میں عمدہ صفات نہیں سمجھی جاتیں اور یہی چیزیں اُس کے شخصی اثر کو گھٹانے کا باعث ہوتی ہیں۔ مدرس کے لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ طلبا کو جو تعلیم دیتا ہے اور جو عادات سکھاتا ہے پہلے خود اُس پر کاربند ہو۔ یہ نہیں کہ طلبا کو پابندی وقت کے متعلق تعلیم دے اور خود دیر سے آئے، شریفانہ حرکات کی تعلیم دے اور خود بدسلوکی سے پیش آئے، تہذیب سکھائے اور بدتہذیبی سے پیش آئے، راست بازی اور ایفائے وعدہ کی تلقین کرے لیکن طرزِ عمل اُس کے خلاف رکھے، محنتی بننے کے لئے کہے لیکن خود سستی کا اظہار کرے یہ تمام چیزیں مدرس کی شخصی وقعت کو کم کردیتی ہیں اسی لئے کہا جاتا ہے کہ خراب آدمی کبھی بہتر مدرس نہیں ہوسکتا۔ شخصیت کا دوسرا جزو پاکیزہ لباس ہے۔ پاکیزگی اور صفائی کا مادّہ اُس کے ہر کام میں نفاست پسندی پیدا کرتا ہے اور مدرس کی یہ عادت طلبا پر اثر پذیر ہوکر اُن میں پاکیزگی، صفائی اور سلیقہ شعاری کا مادّہ پیدا کردیتی ہیں۔

صفائی یا پاکیزہ لباس سے یہ مراد نہیں لی جانی چاہیئے کہ مدرس ہمیشہ فل سوٹ میں رہے یا یورپین لباس ہی پہنا کرے بلکہ جو کچھ بھی لباس وہ پہنے پاک صاف ہو، چہرہ صاف ہو، بال ٹھیک حالت میں ہوں۔ یہی چیزیں ہیں جو مدرس کی ممتاز شخصیت کا باعث ہوتی ہیں۔

فرض شناسی کی ضرورت

دنیا کے اکثر افراد کسی نہ کسی کاروبار میں لگے ہوئے ہیں اور کاروبار ایسے ہوتے ہیں کہ جب تک انہماک و دلچسپی سے وقت پر کام نہ کیا جائے کامیابی ناممکن ہے بلکہ بجائے نفع کے نقصان کا زیادہ امکان ہے یہی صورت ایک مدرس کے لئے بھی ہے۔ اُس کے لئے سب سے پہلی چیز جس کا کہ احساس لازمی ہونا چاہیئے وہ فرض شناسی اور اپنے پیشہ سے محبت ہے۔ جب تک کہ پیشے سے محبت نہ ہو اُس وقت تک احساس فرض شناسی کی توقع رکھنا بے معنی سی بات ہے۔ محبت اُس وقت تک پیدا نہیں ہوسکتی جب تک کہ اُس پیشہ یعنے پیشۂ مدرسی سے متعلق کافی معلومات حاصل نہ کی جائیں۔ مدرس تو ہر پڑھا لکھا بننے کی کوشش کرتا ہے جن میں سے بعض تو سرکاری ملازمت میں داخل ہوکر مدرس کہلائے جاتے ہیں اور بعض خانگی ٹیوشن ہی کے ذریعہ مدرسی کا کام انجام دیتے ہیں۔ لیکن یہ تمام فی الحقیقت مدرس کہلانے کے مستحق نہیں کیونکہ ان کا کام محض چار پیسوں کی کمائی کی خاطر ہوتا ہے اس لئے حقیقی معنوں میں مدرس وہی ہو سکیگا جو کہ پیشۂ مدرسی کی معلومات اور واقفیت کی غرض سے متعلقہ علوم کا مطالعہ کریگا، اپنے محدود تجربہ کو وسیع کرنے اور اپنی معلومات میں اضافہ کرنے ماہران تعلیم کے تجربوں کو پڑھے گا اور مسلسل اپنے پیشہ میں ترقی کرتا رہے گا اپنے پیشہ کے نظری اُصولوں سے واقف ہوکر انہیں عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرے گا۔ اس طرح پیشہ سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور اُن پر کاربند ہونے کے بعد لازمی مدرس کو اپنے پیشہ سے محبت پیدا ہو جائے گی اور محبت پیدا ہونے کے بعد فرض شناسی کا احساس ہونا لازمی ہے۔ فرض شناس مدرس طلباء کے نفع اور نقصان کا خیال رکھکر کام کرے گا۔ وقت مقررہ پر اسکول پہونچکر اپنا کام شروع کردے گا، وقت کو ضائع اور بیکار نہ ہونے دے گا۔ مدرسہ کے ہر تعلیمی ساعت کا بجا استعمال کرے گا۔ کسی مدرس کے نہ رہنے پر جو فاضل کام اُسے دیا جائے اُس کا صحیح

استعمال کرے گا۔ اوقاتِ مدرسہ کے ختم ہونے پر طلباء کے چال وچلن اور صحت کی برقراری کی خاطر میدان مدرسہ میں اُن کے ساتھ رہکر اُن کی اصلاح کی کوشش کرے گا اور ہر بُری و بھلی چیز سے اونہیں واقف کردے گا۔ اس طرح پر کام کرنیوالا مدرس ایک فرض شناس اور کامیاب مدرس سمجھا جا سکتا ہے۔ برخلاف اس کے وہ لوگ جو یہ خیال کرتے ہیں کہ اُن کے فرائض کی انجام دہی دس بجے سے ایک بجے تک اور دو بجے سے چار بجے تک ہے اور صرف کلاس روم ہی کو اپنی کوششوں کا مرکز سمجھتے ہیں وہ کبھی بھی اپنے پیشہ میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔

خوشحالی کی ضرورت ہر اُس شخص کے لئے جو پیشۂ مدرسی کو اپنا نصب العین قرار دیا ہو ضروری ہے کہ وہ دنیا کے بکھیڑوں سے خود کو بے نیاز رکھے اور فرائض مفوضہ کی انجام دہی کے لئے آمادہ و تیار رہے یہ نہیں کہ تلاش معاش کی خاطر دنیا کے بکھیڑوں میں پھنسا رہے اور انجام دہی فرائض میں کوتاہی کرے۔ اس کوتاہی اور عدم ادائی فرائض کا نتیجہ نہ صرف اُس کے لئے مُضر ہوگا بلکہ وہ چونکہ افراد قوم کا تربیت کنندہ اور قوم ساز ہوتا ہے اس لحاظ سے وہ بہ الفاظِ دیگر ترقی کنان افرادِ قوم کے راستہ میں بیجا روڑے اٹکانے کا باعث ہوگا۔ اسی بناء پہ مدرس کے لئے لازمی ہے کہ وہ پیشۂ مدرسی کو نصب العین قرار دینے سے پیشتر مالی حالت کو اچھی طرح دیکھ بھال لے۔ اگر پیشہ سے زیادہ مالی فائدہ نہیں ہوتا ہو تو آیا اُس کی مالی حالت باوجود ادنیٰ مشاہرہ پانے کے اُس کو خوش حال زندگی بسر کرنے کی اجازت دیسکتی ہے یا نہیں اگر اثبات میں جواب ملے تو اُس کو اس پیشہ کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے ورنہ ہوئے سے بھی اس طرف کا رُخ نہ کرے کیونکہ اُس کو گورکھ دہندوں ہی سے فرصت ملنی محال ہوگی تو وہ اس خصوص میں کیا ہاتھ پیر مار سکیگا۔ لیکن عملاً یہ چیز ہندوستان میں مفقود پائی جاتی ہے کیونکہ معاشی حالات یہاں پر ایسے پست ہیں کہ کسبِ معاش سے بے نیاز ہوکر پیشۂ مدرسی اختیار کرنا محال نظر آتا ہے۔

خصوصیات کا نتیجہ اور خاتمہ بہرحال ان مذکورہ صفات کا حامل جو شخص بھی ہو اگر وہ پیشۂ مدرسی اختیار کرے تو وہ صحیح معنوں میں مدرس اور مثالی مدرس کہلایا جا سکیگا۔ ایسا ہی پیشۂ مدرسی اختیار کرنے والا

شخص بطور طالب علم تدریس کی خاطر مطالعہ کرتا رہے گا اور جو کچھ بھی مطالعہ کرے وہ بہت سوچ سمجھکر پڑھے گا۔ علاوہ ازیں وہ جماعت میں جانے سے قبل موادِ تدریس تیار کریگا، جماعت میں طلبار کو انفرادی فائدہ پہونچانے کا خیال رکھے گا اور جماعت کا معقول انتظام کرے گا۔ یہ انتظام اس طرح پر کہ جماعت میں وقت پر پہونچکر حاضری اور اسباق کی ابتداء، واختتام کا لحاظ کرے، مشقی کاپیاں وقت پر لے اور بعد اصلاح واپس کردے، ڈسک، الماری بلاک بورڈ وغیرہ پاک و صاف حالت میں موزوں مقام پر رکھے، طلبار کی صفائی اور صحت کا خیال رکھے، انفرادی طور پر لحاظ رکھے کہ تمام مضامین کے لئے طلبار کے پاس علحدہ علحدہ کاپیاں موجود ہیں یا نہیں؛ طلبار کے استعداد کا لحاظ کرتے ہوئے سبق دے، اطاعت گزار طالب علم کا انتخاب بحیثیت مانیٹر خود کی امداد کے لئے کرے، کمرۂ جماعت میں کافی ہوا اور روشنی کے وسائل پیدا کرے، نشست و برخاست میں طلبار کے (Posture) کا خیال رکھے، وغیرہ وغیرہ۔

اس طرح انتظامات کرنے کے بعد وہ ملک اور قوم کا بہی خواہ، سچا ہمدرد اور قوم ساز کہلانے کا مستحق ہوگا۔ گویا کہ ایسے مدرس کی صفات کو ہم دوسروں کے سامنے بطور نمونہ پیش کرسکیں گے۔

قطعۂ تاریخ

از

مولوی شیخ محمد صاحب مجتبیٰ ــ مددگار مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ

حیف کہ سر مسعود۔ زدنیا ــــــ کرد بسوی عقبیٰ رحلت

سال وفاتش ہاتف گفت ــــــ مسعود ما رفت بجنت

۱۳۴۶ ف

مدرسہ اور حفظانِ صحت

مولوی فیض محمد صاحب صدیقی بی-اے ڈپ ایڈ (عثمانیہ)

مدرسہ فوقانیہ نامپلی

تعلیم میں صرف لکھائی اور پڑھائی کو پیش نظر رکھنا خاطر خواہ نتائج پیدا نہیں کر سکتا بچوں کی جسمانی صحت مقدم ہے اور محض تعلیمی اور اخلاقی پہلوؤں کو بنا مطمح نظر بنائے رکھنا ایک ناقابل تلافی بھول ہے کیونکہ یہ حقیقت اب پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ اکثر بچے جو اپنے اندر ایک اچھا دماغ رکھتے ہیں محض بعض خامیوں مثلاً کم فطری، خراب غذا، ناکافی روشنی، خراب نشست وغیرہ کی وجہ سے تعلیم میں پیچھے رہ جاتے ہیں حالانکہ اگر غور کیا جائے تو ان کا ذہنی خارج قسمت ایک اوسط طالب علم سے کسی طرح کم نہ نکلے گا۔ بات یہ ہے کہ ہم لکھائی، پڑھائی پر اس قدر توجہ دیتے ہیں کہ مدرسہ اور صحت جسمانی سے متعلق مختلف امور جیسے کمرۂ جماعت، عمارت مدرسہ، صفائی، ورزش جسمانی، عام امراض، تکان، مدرس کی صحت وغیرہ پر بہت کم نظر رکھتے ہیں حالانکہ ان پر بھی اتنی ہی توجہ دی جانی چاہیئے جتنی کہ تعلیم کے دیگر پہلوؤں پر دی جاتی ہے بلکہ سچ پوچھئے تو یہ چیزیں مدرسین اور سب سے زیادہ ان لوگوں کی اولین توجہ اور ہمدردی کی محتاج ہیں جن کے ہاتھ مدارس کے نظم ونسق کی باگ ہوتی ہے۔ تاوقتیکہ مدرسہ حفظان صحت سے متعلقہ امور پر اپنی توجہ مرکوز نہ کرے تعلیم سے اچھے نتائج کی توقع کرنا ایک خوشگوار خواب سے زیادہ دلچسپ نہیں۔

ہندوستانی مدارس اس خصوص میں بہت پیچھے ہیں۔ قدیم طرز کے مدارس میں تو اس نکتہ پر غور بھی نہیں کیا جاتا تھا البتہ عہد حاضر کے تعلیمی خیالات کے مدِ نظر بعض جدید طرز کے مدارس میں اس کا خیال رکھا جانے لگا ہے۔ اس عدم توجہی کی ایک اور بڑی وجہ ماحول کی قدامت کہی جا سکتی ہے، اگر ماحول بدلے گا تو مدرسے خود بخود اپنے پرانے ڈگر سے ہٹ کر نیا جنم اختیار کریں گے لیکن میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ

مدرسوں کی اصلاح ماحول کو بدل سکتی ہے گویا ایک طرح سے ماحول مدارس کے تابع ہے۔
یوں تو مدرسہ کی حفظانِ صحت سے متعلق بہت سے امور غور طلب اور قابل لحاظ ہیں لیکن اس مختصر سے مضمون میں چند اہم اجزا پر سرسری نظر ڈالنے کی کوشش کی جائے گی۔

(۱)

۱۔ عمارتِ مدرسہ حفظانِ صحت کے نقطۂ نظر سے عمارت مدرسہ سب سے پہلی چیز ہے جس پر مخصوص توجہ دی جانی چاہیئے کیونکہ اگر ایک دفعہ عمارت خراب بن گئی تو اس کا مضر اثر طالب علموں کی کئی نسلوں پر پڑے گا۔ اس لئے اس کی تعمیر میں حد درجہ احتیاط لازمی ہے۔

عام طور پر عمارت مدرسہ کی تعمیر کے مسئلہ کو انجینیر ہی پر چھوڑ دیا جاتا ہے اور چند ضروریات کے تحت ایک خاص نقشہ بنا کر عام طور پر تمام مدارس کی تعمیر اس بنیاد پر کی جاتی ہے۔ یہ طریقہ غلط ہے۔ پہلے تو ہر مدرسہ کی مخصوص ضروریات ہوتی ہیں اور اس کا محل وقوع مختلف ہوتا ہے، ایک ہی نقشہ ہر جگہ کام نہیں دے سکتا۔ دوسرے اس معاملہ میں مدرس اور مدرسہ کے ڈاکٹر کی رائے مقدم ہے ان میں سے ایک تعلیمی اور دوسرا حفظانِ صحت کے نقطۂ نظر سے روشنی ڈال سکتا ہے۔

مدرسہ کی عمارت بستی سے کسی قدر دور، اونچے اور ہوادار مقام پر ہونی چاہیئے اس کے لئے عام کلیہ یہ ہے کہ "اگر مدرسہ کے پایہ سے بستی کی قریب تر عمارت کی چوٹی تک ایک خط مستقیم کھینچا جائے تو یہ خط افق سے ۳۰° سے زیادہ کا زاویہ نہ بنائے[1]" مدرسہ کی پشت بستی کی طرف ہونی چاہیئے بشرطیکہ اس سے روشنی کی آمد میں رکاوٹ نہ پیدا ہو۔ عمارت کا رخ اس طرح کا ہو کہ کمروں میں زیادہ سے زیادہ دھوپ آسکے کیونکہ سورج کی روشنی نہ صرف بصارت کے لئے ضروری ہے بلکہ بڑی حد تک اچھی مزیل تعدیہ بھی ہے۔ مدرسہ کا سامنے کا رخ زیادہ شاندار ہونے کی ضرورت

---

[1] ملاحظہ ہو (School Hygiene by Shaw)

نہیں۔ ایک منزلہ عمارت بالعموم پسندیدہ ہے۔ ڈاکٹر لنکن کے خیال کے مطابق عمارت زیادہ سے زیادہ دو منزلہ ہو سکتی ہے کیونکہ اگر منزلوں کی تعداد زیادہ ہو تو چڑھنے اترنے سے بچوں پر بیجا بار پڑتا ہے نیز کمسن طلباء پہلی منزل ہی پر رکھے جائیں تو زیادہ مناسب ہے۔ تمام مدرسہ میں سیلو کا فرش ہو تو زیادہ بہتر ہے، اور قسم کے فرش بھی استعمال کئے جا سکتے ہیں لیکن یہ قیمتی ہوں گے بالخصوص ہمارے ملک میں تو سنگ سیلو کا فرش سستا اور مفید ہے۔

مدرسہ کے صحن میں درختوں کی تعداد اور ترتیب کا مسئلہ غور طلب ہے۔ درختوں کی ترتیب اس طرح کی نہ ہو کہ کمرے دھوپ سے محروم ہو جائیں اور نہ یہ تعداد میں اس قدر زیادہ ہوں کہ مدرسہ کی فضا مرطوب ہو جائے۔

۲۔ کمرۂ جماعت حفظانی نقطۂ نظر سے کمرۂ جماعت عمارت مدرسہ کا اہم جزو ہے۔ تعمیر عمارت سے قبل اس سے متعلقہ حفظانی پہلوؤں پر اچھی طرح غور کر لینا چاہیئے تاکہ عمارت بحیثیت مجموعی قوانین صحت کے مطابق بن سکے۔ اس سلسلہ میں حسب ذیل اجزاء قابل غور ہیں:-

ہوا۔ کمرہ کے ابعاد۔ روشنی۔ رنگ، فرنیچر۔ تختۂ سیاہ۔

(۱) سب سے اول اور ضروری چیز یہ ہے کہ کمرے ہوادار ہوں اور اس طرح کا انتظام ہو کہ ہر وقت صاف ستھری اور تازہ ہوا کمروں میں آسکے۔

(۲) کمرہ کے ابعاد یا اُس کی گنجائش سے متعلق ماہران فن تعلیم و تعمیر کا خیال ہے کہ ہر طالب علم کے لئے ۱۵ مربع فٹ جگہ اور ۲۰۰ مکعب فٹ ہوا کا حجم ہو۔ اس لحاظ سے ۴۸ طلباء کی جماعت کے لئے ۳۰ فٹ لمبا، ۲۵ فٹ چوڑا اور ۱۳ فٹ اونچا کمرہ درکار ہے۔ تحتانیہ جماعتوں کے کمرے نسبتاً کشادہ ہوں تاکہ کمسن بچوں کے لئے اچھا ماحول میسر آسکے، ان کی فعلیت متاثر نہ ہو اور اُن کے اعضا کو نشو و نما کا پورا پورا موقع مل سکے۔ لیکن ہر صورت میں اس امر کا خیال رہے کہ طلباء کی تعداد زیادہ نہ ہو ورنہ پیچھے بیٹھنے والے طلباء مدرس کے کام — آلات سائنس، نقشہ جات، توضیحات، گلوب وغیرہ کی پیشکش کردگی — کو دیکھ سکیں گے اور نہ درس سے کماحقہ مستفیض ہو سکیں گے۔

(۳) کمرۂ جماعت میں روشنی کا مسئلہ کئی اعتبار سے مخصوص اہمیت رکھتا ہے روشنی کا انتظام کرتے وقت مختلف موسموں کا لحاظ رکھا جائے مثلاً دیکھا جائے کہ مطلع ابر آلود ہونے کی صورت میں بالخصوص برسات کے موسم میں جبکہ ہفتوں آسمان پر بادل چھائے ہوتے ہیں، آیا کافی روشنی اندر آسکتی ہے یا نہیں۔ یہ مسئلہ ہندوستان میں تو اتنا زیادہ اہم نہیں لیکن سرد ممالک میں جہاں ہفتوں کیا مہینوں آفتاب کے درشن نصیب نہیں ہوتے، بہت پیچیدہ صورت اختیار کرتا ہے۔ تاہم ہمارے ملک میں بھی بلحاظ ضرورت اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے خصوصًا ان صورتوں میں جبکہ مدرسہ کی عمارت ایسی جگہ واقع ہو یا کمروں کا رخ اس طرف کو ہو جدہر سے کافی روشنی نہیں آتی۔ کھڑکیاں کشادہ ہوں اور ان میں چوڑے سطح شیشے لگائے جائیں تو کافی روشنی اندر آسکتی ہے۔ کھڑکیاں اس طرح سے لگائی جائیں کہ روشنی طلباء کی میزوں پر پڑے۔ لیکن روشنی کسی صورت میں بھی سامنے کی طرف یا سیدھے ہاتھ کی جانب سے نہ آئے کیونکہ سامنے سے آنے والی روشنی بصارت پر مضر اثر ڈالتی ہے اور سیدھے ہاتھ کی طرف سے آنے والی روشنی سے لکھتے وقت کاپیوں پر سایہ پڑتا ہے اور جزوی سایہ، بصارت کے لئے مضر ہوتا ہے۔ روشنی اگر بائیں ہاتھ کی طرف سے آئے تو نصف سایہ بھی نہیں پڑتا اور یہ بہت اچھی چیز ہے۔

روشن دان چھت سے قریب لگائے جائیں اس سے ایک تو منعکس روشنی ملے گی اور دوسرے ترویج کے لئے ان کا اوپر ہونا ضروری ہے۔

(۴) کمرۂ جماعت کے دیگر ساز و سامان کے علاوہ دیواروں کا رنگ بھی صحت کے نقطۂ نظر سے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ دیوار کے رنگ سے متعلق دو اُمور قابل لحاظ ہیں۔

(۱) ایسا رنگ کیا جائے جو نور کو کم سے کم جذب کرے۔


(۲) ایسا رنگ ہو کہ جس سے آنکھوں پر کسی قسم کا بیجا بار نہ پڑے۔

بعض لوگ ہلکے زرد کو پسند کرتے ہیں کہ وہ نور کو بہت کم جذب کرتا ہے۔ لیکن زرد رنگ سے پیدا شدہ احساسات کی نوعیت تکان کا باعث ہوتی ہے۔

اور اس سے ایک طرح کی عصبی کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں اس سے آنکھوں کو کوئی خاص ٹھنڈک بھی نہیں پہنچتی۔ سُرخ رنگ تو اس لحاظ سے قطعاً ناموزوں ہے۔

سبز رنگ بہت پسندیدہ ہے۔ قدرت کو بھی یہی رنگ مرغوب ہے! سورج کے طیف (Spectrum) میں بلحاظ تنویر سبز کا درجہ زرد کے بعد ہی ہے اور یہ رنگ بھی شعاعوں کو خاصہ منعکس کرتا ہے، اس سے آنکھوں پر بیجا بار بھی نہیں پڑتا اور بجائے تکان کے فرحت ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے سبز رنگ کمرہ کی دیواروں کیلئے بہت موزوں ہے۔


(۵) طلباء کے نشستوں کی ترتیب کمرۂ جماعت میں ایک خاص ماحولی اثر رکھتی ہے نشستیں طول کے محاذی ہوں اور اس طرح ترتیب دی جائیں کہ روشنی پیچھے سے یا بائیں ہاتھ کی طرف سے آئے۔



شکل (۱)

شکل (۱) میں نشستوں کے تین نمونے دئے گئے ہیں۔ ا۔ میں کرسی کا سرا اور میز کا سرا ایک انتصابی خط میں ہیں۔ اسے صفر فاصلہ کہتے ہیں۔ ب۔ میں میز آگے کی طرف بڑھا ہوا ہے یہ منفی فاصلہ ہے اور۔ ج۔ میں میز پیچھے کی طرف ہٹا ہوا ہے یہ مثبت فاصلہ ہے منفی فاصلہ پسندیدہ اور مفید ہے بشرطیکہ آنکھ اور کتاب کے درمیان کم از کم ۱۲" یا ۱۰" انچ کا فاصلہ ہو، مثبت فاصلہ بشرطیکہ زیادہ نہ ہو نقصان دہ نہیں۔

شکل (۲)



یہ کرسی اور میز کا نمونہ ہے ہر دو ترتیب پذیر ہیں طلباء کے نشستی قد کے لحاظ سے اسے ترتیب دیا جاسکتا ہے۔ ایسی نشستیں وسطی یورپ کے مدارس میں مستعمل ہیں لیکن۔ ان میں خامی صرف

یہ ہے کہ یہ زمین سے بہت اونچی ہیں۔
طلبار کی نشست۔ میز کرسی اور رائٹر کی ترتیب خاص وضع کی ہونی چاہیئے کیونکہ زیادہ تر کام میز پر ہوتا ہے اور نشست کی خرابی سے بصارت خراب ہوتی ہے، تکان زیادہ ہوتی ہے، ریڑھ کی ہڈیاں خم جاتی ہیں، انسان سامنے کی طرف جھک جاتا ہے اور سینہ سکڑتا ہے۔
ہر جماعت کے لئے ایک ہی وضع کی میز اور کرسیاں مناسب نہیں کیونکہ جامعہ ہارورڈ کے پروفیسر باؤڈچ Prof: Bowditch نے ۲۵ ہزار لڑکوں اور لڑکیوں پر تجربہ کر کے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ایک ہی عمر کے طلبار کے قدوں میں بین اختلاف ہوتا ہے، نہ صرف یہی بلکہ ان کی نشو ونما کا بھی یہی حال ہے خصوصاً مخلوط جماعتوں میں تو یہ مسئلہ اور بھی پیچیدہ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ شاہ Shaw نے اپنی کتاب اسکول ہائیجین صفحہ (۱۳۸) میں اپنے تجربہ کی بنا پر لکھا ہے کہ "لڑکوں کے مقابلہ میں لڑکیوں کی نشستی بلندی، استادہ بلندی کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہوتی ہے" ان امور کے لحاظ سے میز اور کرسیاں ترتیب پذیر (Adjustable) ہونی چاہئیں۔ تاکہ وہ اپنے قد کی مناسبت سے ترتیب دے سکیں۔ ساتھ ہی مدرس جماعت ہر وقت طلبار کی نشست پر غور کرے اور مناسب ہدایت دے ورنہ اس زمانہ میں اگر کسی قسم کی خرابی پیدا ہو جائے تو اس کا اثر دیر پا رہتا ہے (بازو کے صفحہ پر نشستوں کی خاص وضع دی گئی ہیں)
(٦) تختہ سیاہ بالعموم لکڑی کے بنائے جاتے ہیں جنہیں بار بار دھویا نہیں جا سکتا اگر یہ لکڑی کی بجائے سلیٹ کے ہوں تو انہیں وقتاً فوقتاً دھو کر کمرہ کو کھریا کے ذرات سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔
تختہ سیاہ کے لئے مختلف قسم کے رنگ استعمال کئے جاتے ہیں بھورا، خاکستری، سیاہ، سبز۔ لیکن ان میں سوائے سبز کے دوسرا رنگ مناسب نہیں۔ یا تو تختہ سیاہ ہوں یا سبز۔ چاک کی لکھائی سبز تختہ میں اس طرح واضح ہوتی ہے جس طرح سیاہ پر۔ اگر دیوار پر مناسب موٹائی کا موٹا کاغذ لگا کر اس پر گہرا سبز رنگ کر دیا جائے تو مناسب اور بہتر ہے۔ تختہ سیاہ کی چوڑائی چار فٹ ہونی چاہیئے۔

اور اسے فرش سے ۳۰ انچ کی بلندی پر رکھنا چاہیئے تختہ سیاہ کے نیچے نالی کی سی جگہ بنائی جائے تاکہ چاک کا سفوف وہیں جمع ہو اور کمرہ میں پھیل کر سانس کے ذریعہ طلبا کے جسم میں داخل نہ ہو۔

تختہ سیاہ ایسے مقام پر رکھا جائے کہ طلبا اسپر کا کام آسانی سے دیکھ سکیں۔ بعض دفعہ تختہ سیاہ روشنی سے چمکتے ہیں اور بعض طلبا ئے اسے دیکھ نہیں سکتے۔ اسے رکھتے وقت مدرس کو ہر طرف سے دیکھکر اس کا اطمینان کر لینا چاہیئے۔ اگر نیچے اوپر حرکت کرنے والے تختہ سیاہ ہوں تو یہ مشکل بڑی حد تک دور ہو سکتی ہے۔ گو اس کے لئے کچھ اخراجات زائد عائد ہوں گے لیکن اس سے جو فائدہ حاصل ہوتا ہے وہ کئی گنا زیادہ ہے۔

مسائل صفائی حفظان صحت کے نقطہ نظر سے مدرسہ کی روزینہ صفائی ضروری اور مقدم ہے۔ ہر روز بعد برخاست مدرسہ صفائی کرائی جانی چاہیئے۔ اگر مدرسہ کے موازنہ میں صفائی کا کافی عملہ رکھنے کی گنجائش نہ ہو تو دیگر مدات گھٹا کر اس کے لئے ضروری گنجائش نکالنی چاہیئے۔ روزانہ صرف سرسری صفائی کافی ہے، البتہ ہفتہ میں ایک یا دو مرتبہ گیلے کپڑے سے فرنیچر صاف کیا جائے اور تختہ سیاہ دھویا جائے۔ دیواروں کا رنگ مدہم پڑجائے تو مکرران پر رنگ کیا جائے اگر دیواریں سفید ہوں تو سال میں دو مرتبہ یعنی سرما اور گرما کی چھٹیوں میں آہک پاشی کرائی جائے۔ مدرسہ کا فرش مہینہ میں ایک مرتبہ ضرور دھلوانا چاہیئے بالخصوص بارش کے موسم میں فرش بہت خراب ہو جاتا ہے، ہر جماعت کے داخلہ کے دروازے میں پائیدان بچھاوئے جائے تو فرش بہت کچھ صاف رہ سکتا ہے۔

باوجود روزانہ صاف کرنے کے میزوں اور بنچوں پر کچھ نہ کچھ گرد آہستہ آہستہ جمتی رہتی ہے۔ اسے صاف کرنے کے لئے بعض لوگ سال میں ایک مرتبہ صابن اور پانی سے دھوتے ہیں لیکن اس عمل سے دارنش اڑجاتی ہے۔ اگر اس کی بجائے مٹی کے تیل میں ترکئے ہوئے کپڑے سے صاف کیا جائے تو بہتر ہے۔

متعدی امراض کی اشاعت کے زمانہ میں تمام مدرسہ کی اچھی طرح سے صفائی کرانا ضروری ہے۔ اکثر مدارس میں محض لاپروائی اور وقتی گڑبڑ کے لحاظ سے تساہل برتا

جاتا ہے جو کسی قیمت پر بھی قابل نظر انداز نہیں۔ اس خصوص میں متعلقہ عہدہ داروں کی نگرانی ضروری ہے۔ جہاں وہ اور تعلیمی معاملات سے دلچسپی لیتے ہیں انہیں حفظان صحت کے معاملہ میں کسی قسم کی بے توجہی برتنی نہیں چاہیئے۔

بیت الخلاء اور پیشاب خانوں کی صفائی، صفائی مدرسہ کا ایک اہم جزو ہے۔ بیت الخلاء مدرسہ کی اصل عمارت سے دور ہوں، ہوادار ہوں اور ان کا محل وقوع اس طرح کا ہو کہ ان سے آنے والی ہوا مدرسہ کے کمروں کو متاثر و متعفن نہ کرے۔ انہیں روزآنہ دو مرتبہ صاف کروا کر فینائیل چھڑکوایا جائے۔ پیشاب خانوں میں مسلسل پانی بہتا رہے شہروں کے مدارس میں فلش استعمال کئے جائیں ورنہ عام طور پر اگر بیت الخلاء میں چینی کا فرش ہو تو مناسب ہے۔ بیت الخلاء اور پیشاب خانوں کے درمیان سایہ بانی راستہ ہو تو بارش کے زمانہ میں بچے تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔

بیت الخلاء اور پیشاب خانوں کا روزانہ معائنہ صدر مدرس کا اولیں فرض ہے۔ اس سے ذری غفلت برتنا مدرسہ کی عام صحت کے لئے خطرناک ہے۔

اس کے علاوہ ایک اور تیسری چیز آب نوشی کا انتظام ہے، پانی پینے کے گلاس عموماً امراض کی اشاعت اور منتقلی کا باعث ہوتے ہیں اور اس سے عام طور پر غدود پھولتے، حلق کے امراض پیدا ہوتے اور دانتوں کے امراض پھیلتے ہیں۔ اگر گلاسوں کو ہمیشہ بہتے پانی میں رکھا جائے تو ان امراض کی بہت کچھ روک تھام ہو جاتی ہے۔ بعض ممالک میں پانی کے فوارے بھی مدرسہ میں لگائے جاتے ہیں جو اس مطلب کے لئے بہت مفید ہیں۔

اس سلسلہ میں بچوں کے منہ ہاتھ دھونے کا بھی خاص انتظام ہونا چاہیئے۔ بالخصوص جب بچے ڈرل سے فارغ ہوں یا کام سے تھک گئے ہوں، تو اس وقت منہ دھونا تازگی کا باعث ہوتا ہے۔ مدارس میں اس مقصد کے لئے مخصوص کمروں میں اس کا انتظام کیا جائے نیز اس امر کی نگرانی رکھی جائے کہ طلباء ضروریات سے فارغ ہونے کے بعد بالالتزام منہ ہاتھ دھو کر جماعت میں آیا کریں۔

(۳)

مدرسہ اور حفظان صحت کے تعلق کے سلسلہ میں نہ صرف عمارت مدرسہ، کمرۂ جماعت

اور صفائی کے مسائل ہی آتے ہیں بلکہ طلبا کے دماغی کام، ان کا طبی معائنہ، ان سے متعلقہ امراض اور مدرسہ کی صحت وغیرہ کے مسائل بھی معرض بحث میں آتے ہیں جن کے بغیر اس مسئلہ پر پوری پوری روشنی نہیں پڑتی۔

دماغی کام

طبی نقطہ نظر سے یہ ثابت ہے کہ اگر دماغی کام ایک خاص حد سے زیادہ کیا جائے تو اس سے نہ صرف ذہنی قویٰ کی نشو و نما پر مضر اثر پڑتا ہے بلکہ نظام عصبی اس درجہ متاثر ہوتا ہے کہ پھر سے اسے اپنی فعلیت کا معیار حاصل کرنے عرصہ لگتا ہے، شدید ضرورتوں میں تو اس کے نشو و نما کی اہلیت ختم ہو جاتی ہے۔ اگر تکان محسوس ہونے کے بعد بھی کام کیا جائے تو صلاحیت کار اور اکتساب کی شرح گھٹ جاتی ہے۔ اس موضوع پر ابتداء میں ۱۸۹۱ء میں سرکورا سکی Sir korsky اور برگسٹائین Burgestein نے مدرسہ کے پانچ گھنٹوں کے کام کی نوعیت اور اس سے پیدا ہونے والی تکان پر تحقیقات کر کے چند نتائج شائع کئے تھے لیکن ذہنی تکان ایک ایسا پیچیدہ مسئلہ ہے کہ اس پر محض دو آدمیوں کی تحقیقات پر بھروسہ کر کے کلیات قائم نہیں کئے جا سکتے۔ تاہم ان سے جو عام نتیجے حاصل ہوئے ہیں وہ قابل قبول ہیں۔ حال کے نفسیات دانوں نے بھی اس موضوع پر تحقیق کر کے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ مختلف مضامین کے اکتساب کے لئے مختلف توانائی درکار ہے اور مختلف انسانوں میں توانائی کے مختلف مدارج ہوتے ہیں پس ہمیں دوران تعلیم میں ان کی توانائی کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ تدریسی مضامین کے انتخاب اور مواد کا احضار اس طرح کا ہو کہ بچوں میں کم سے کم تکان پیدا ہو مثلاً ایسا مضمون نہ پڑھایا جائے جو بچہ کے لئے ناقابل فہم ہو یا کسی مضمون کو قبل از وقت شروع نہ کیا جائے۔ ہر دو صورتوں میں تکان پیدا ہوگی اور تعلیم کا نتیجہ صفر۔

تکان کے مسئلہ کا ایک اچھا اور مناسب حل مدرسہ کے نظام الاوقات کی تنظیم ہے۔ اگر ایک ہی قسم کے ذہنی کام میں تسلسل رکھا جائے اور نوعیت نہ بدلی جائے تو تکان پیدا ہوگی۔ سب سے مشکل مضمون اس وقت لیا جائے جبکہ بچے تازہ دم ہوں۔ اس خیال کی بناء پر ریاضی کو اولیت دی گئی ہے اور دوسرے مضامین کو ان کی اضافی مشکل کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نظم و نسق مدرسہ کے اعتبار سے یہ مسئلہ

ان مدارس میں بظاہر مشکل نظر آتا ہے جہاں مخصوص مضامین کے مدرسین ہوتے ہیں۔ تاہم صدر مدرس یا نظام الاوقات مرتب کرنے والے دو تین مشکل مضامین کو پہلے اور دوسرے گھنٹے میں رکھکر اس مسئلہ کو حل کر سکتے ہیں کیونکہ طلبار ابتدائی دو گھنٹوں میں تازہ دم ہی ہوتے ہیں۔ اس کا ایک حل یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہر مشکل مضمون کے بعد ایک آسان مضمون اس طرح کار کھدیا جائے کہ جس سے طلبار کے دماغوں پر بار نہ پڑے مثلاً ڈرائنگ، نقشہ کشی وغیرہ تو اس سے بچوں میں پھر سے تازگی آجائے گی اور وہ مشکل کام کرنے تیار ہو جائیں گے۔ اس سلسلہ میں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ ورزش جسمانی (ڈرل) یا جمناسٹک کے گھنٹہ کو آرام کا گھنٹہ تصور کرنا غلطی ہے۔ مسلسل دماغی کام کے بعد ڈرل کرانا غیر اصولی ہے۔

مسلسل خواندگی اور مسلسل نشست بھی تکان کا باعث ہوتی ہے۔ ہمارے مدارس میں صرف ایک ہی وقفہ دیا جاتا ہے لیکن اصولاً کم از کم ہر دو گھنٹہ کے بعد ۱۰ منٹ کا وقفہ ضروری ہے خصوصاً چھوٹی جماعتوں میں اس کی شدید ضرورت ہے۔

عام طور پر تحتانیہ، وسطانیہ اور فوقانیہ جماعتوں کے گھنٹے (Periods) یکساں طوالت کے ہوتے ہیں۔ یہ غلط طریقہ ہے۔ جماعتوں کی نوعیت اور طلبار کی عمروں کے لحاظ سے گھنٹوں کی طوالت میں مناسب فرق ہونا چاہیئے۔ چھوٹی جماعتوں میں ۱۰ تا ۲۰ منٹ، وسطانیہ میں ۲۰ تا ۲۵ منٹ اور فوقانیہ میں ۳۰ تا ۴۵ منٹ کا گھنٹہ ہو لیکن فوقانیہ جماعت میں بھی ۴۵ منٹ سے زیادہ کا گھنٹہ بیزارگی کا باعث ہوگا۔

ہوم ورک کا مسئلہ بھی تکان سے متعلق ہے۔ ہوم ورک میں اس امر کا لحاظ رکھا جائے کہ اس میں زیادہ تر دستی اور دلچسپ کام ہو ورنہ محض کاپیاں بھرنے یا معائنہ کنندہ افسر پر اپنے کام کا اثر ڈالنے کے لئے طلبار کو اتنا کام دیدینا کہ ان کے نازک دماغ اس کے متحمل نہ ہو سکیں ایک تعلیمی اور اصولی غلطی ہے۔

امتحانات میں بھی تکان کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ روزآنہ دو پرچے کبھی اچھے نتائج برآمد نہیں کرسکتے اور نہ یہ جانچ کا اچھا طریقہ ہے۔ بلکہ روزآنہ ایک پرچہ ہونا چاہیئے۔ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ جب کبھی میں نے اپنا پرچہ (سائنس) صبح میں دیا نتائج کا اوسط اچھا نکلا اور اسی جماعت کو اس معیار کا پرچہ دوپہر میں دیا گیا تو اوسط گرا ہوا تھا۔

یہاں یہ نکتہ ملحوظ رہے کہ دن میں دو پرچے دینے سے گویا ہم طلبار کی تکان کے مخالف مدافعانہ قوت کی آزمائش کرتے ہیں نہ کہ اکتساب کی جانچ۔

طبی معائنہ ایک اور اہم اور ضروری چیز طلبار کا طبی معائنہ ہے۔ مدرسہ ایک ایسا مقام ہے جہاں ہر طبقہ اور تقریباً ہر محلے کے طالب علم جمع ہوتے ہیں۔ اور پانچ گھنٹے تک مل جلکر رہتے ہیں۔ ایسے مراکز بعض اشاعت پذیر اور متعدی امراض کے مولید ہیں۔ اور ایک مریض سے نہ صرف طلبار کی خاصی تعداد متاثر ہوتی ہے بلکہ اس کا اثر شہر یا بستی کے مختلف حلقوں پر پڑتا ہے۔ اسی لئے مدارس میں طلبار کی صحت کی کافی نگہداشت کی جانی چاہیئے۔ اگر کوئی طالب علم مسلسل چار آٹھ روز مدرسہ سے غیر حاضر رہے تو اس کا طبی معائنہ ہوجانا ضروری ہے کیونکہ ممکن ہے کہ وہ ایسے مرض سے متاثر ہو جس کی خود اسے خبر نہ ہو(اکثر امراض ایسے ہیں جو بظاہر معلوم نہیں ہوتے لیکن ان کے اثرات مہلک صورت اختیار کرتے ہیں ۔

اس کے علاوہ سال میں کم از کم دو مرتبہ تفصیلی طبی معائنہ ہونا چاہیئے۔ عام طور پر جو طبی معائنہ ہوتا ہے وہ اتنا سرسری ہوتا ہے کہ اس کی نوعیت تکمیل ضابطہ سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی۔ اس طرح کے معائنہ سے ڈاکٹر مخصوص امراض یا خامیوں کا پتہ لگا نہیں سکتے۔ معائنہ کے وقت مدرس اور طلبار کے والدین کی موجودگی ضروری ہے مدرس طالب علم کی تدریسی خامیوں کو ظاہر کرے گا اور والدین طالب علموں کی سابقہ صحت پر روشنی ڈال سکیں گے۔ اس طرح سے ڈاکٹر کی اچھی رہبری ہوسکیگی اور وہ کم وقت میں صحیح نتیجہ پر پہنچ سکے گا۔ معائنہ کے وقت راز اور تنہائی کا ہونا ضروری ہے کیونکہ اکثر طالب علم مجمع عام میں اپنی خامیاں بتلانے سے شرماتے ہیں۔

یہ بات تسلیم کی جاچکی ہے کہ بچہ کی تعلیمی کمزوری کا سبب محض اس کی دماغی کمزوری یا پس افتادگی نہیں بلکہ صحت کی خرابی، غذا کی کمی اور عصبی تکان بھی اس کے مخصوص اسباب ہیں۔ مناسب طبی علاج سے پس افتادہ لڑکے بھی ذہین طلبا کی فہرست میں جگہ پاسکتے ہیں۔ اس لحاظ سے بھی طبی معائنہ ضروری خیال کیا جاتا ہے۔

مدرس سائنس اور اسکوٹ ماسٹر کے زیر نگرانی ہر مدرسہ میں ایک چھوٹا سا دواخانہ ہونا ضروری ہے۔ اگر ہر دو کو تھوڑی سی طبی ٹریننگ دی جائے تو وہ بچوں کی بہت کچھ

مدد کر سکتے ہیں۔ ہمارے یہاں ابتدائی طبی امداد (First Aid) کا کام سکھلانے کی جو تجاویز ہو رہی ہیں ان میں اگر مدرسین کے لئے کسی قدر زیادہ نصاب رکھا جائے تو مقصد پورا ہو سکتا ہے یا اگر ٹریننگ کالج میں اس کو اختیاری مضمون کی طرح شامل کیا جائے تو میرے خیال اکثر مدرسین سائنس اسے بخوشی پڑھیں گے۔

مدرس کی صحت گو آخری ہی! لیکن سب سے زیادہ ضروری مدرس اور اس کی صحت کا مسئلہ ہے۔ مدرس تعلیمی مشینری کا روح رواں ہوتا ہے اور وہی سارے کام کی کنجی ہے۔ اس لئے مدرس کے انتخاب میں اس کی عام صحت کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ اگر وہ مریض ہو یا اس میں کسی قسم کی خامی ہو تو اسے پیشۂ مدرسی کے لئے منتخب نہ کیا جائے۔ وجاہت اور شخصیت اس پیشہ کے لئے اہم صفات ہیں۔ جیمس کر (James Kerr) نے اپنی کتاب اسکول ہائیجین میں لکھا ہے کہ "بچہ کے مستقبل پر مدرس کے اخلاق اور وجاہت اور ہم عمر ساتھیوں کا اثر اتنا گہرا ہوتا ہے کہ کوئی مضمون اس کے برابر اثر پذیری نہیں رکھتا"

مدرس کو اس کی حیثیت کے موافق دلچسپ کام دیا جانا چاہیئے۔ کیونکہ عدم دلچسپی اور زائد کام (Over - work) کی وجہ سے اس کی صحت خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ جن مدرسین کے ذمہ ضرورت سے زیادہ کام ہوتا ہے ان میں حافظہ کی کمزوری، انہضامی طاقت کا فقدان، دھڑکہ، بالوں کا جھڑنا، درد سر، سستی یا تکان وغیرہ کی شکائتیں پیدا ہوتی ہیں اور وہ بہت جلد بیکار ہو جاتے ہیں۔

عہدہ داروں کا بیجا برتاؤ بھی مدرسین کے نفس کو بری طرح متاثر کرتا ہے کیونکہ بعض مدرسین اس قدر حساس ہوتے ہیں کہ عہدہ داروں کے ناجائز دباؤ اور ناقدری کے باعث، ان میں کام کرنے کی جو امنگ اور جوش ہوتا ہے، پامال ہو جاتا ہے۔ اس حالت میں وہ کام کا بار زیادہ محسوس کرتے ہیں۔ اس لئے مدرس کے کام کی ہمت افزائی کی جانی چاہیئے اور اسے ایسے مواقع دینے چاہئیں کہ وہ کام کو مجبور ہو کر نہیں بلکہ دلچسپی سے کرے۔

بڑی جماعتوں میں چیخنے چلانے اور مسلسل پڑھانے سے بھی مدرس کی صحت متاثر ہوتی ہے۔ جماعتوں میں طلباء کی تعداد معین کر دینے اور نظام الاوقات میں کام کی نوعیت کے لحاظ سے مدرس کو کام دینے سے یہ مشکل دور ہو سکتی ہے۔ بہر حال مدرس کی صحت بھی ایک مخصوص اہمیت رکھتی ہے۔

مُدرِس کی شخصیت

مولوی لیاقت علیخاں صاحب۔ مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ

استاد کی شخصیت کے متعلق ماہرین تعلیم اس بات پر متفق ہیں کہ تعلیمی مسائل میں اُستاد کی شخصیت بہت زیادہ ذمہ دار گردانی جاسکتی ہے۔ چنانچہ مسٹر ولیم چینڈلر بیگلے نے جو ریاست اربانا (متحدہ امریکہ) کے مشہور ماہر تعلیم مصنف ہیں اس خیال کو یوں ظاہر کیا ہے:۔

" بلاشبہ تعلیمی مسائل کے بعض مباحث میں استاد کی شخصیت تمام معائب و محاسن کا سرچشمہ تسلیم کی جاتی ہے۔ ضبط کی کامیابی یا ناکامی میں اس کو بالیقین بڑا دخل ہے"۔

اس کے علاوہ ذیل کے حقائق بھی استاد کی شخصیت کی اہمیت پر تیز روشنی ڈالتے ہیں:۔

گو موجودہ نظریہ تعلیم کے لحاظ سے معلم کو۔ طلباء کے بجائے کام کرنے کے بار سے سبکدوش کر دیا گیا ہے لیکن ساتھ ہی اس سے کئی گنی زیادہ ذمہ داری عائد حال کر دی گئی ہے۔ یعنی استاد کا یہ فریضہ ہوگیا ہے کہ طلباء میں اعتماد ذات۔ محنت اور حوصلے کی صفات اس طرح اُجاگر کر دے کہ طلباء میں اپنی مشکلات آپ حل کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے ظاہر ہے کہ طلباء میں یہ حالت خود بخود پیدا نہیں ہو سکتی۔ جب تک کہ استاد کی رہنمائی شامل حال نہ ہو۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ اس مقصد کے حصول کے لئے جہاں نصاب اور طریقہ ہائے تعلیم ایسے لچکدار وضع ہو رہے ہیں وہیں یہ سب کوششیں یقیناً اکارت ہونگی۔ اگر زیادہ متنوع الصفات تعلیمی۔ معاشری۔ اخلاقی ذمہ داریوں کو محسوس کرنے والے معلم کی رہنمائی مہیا نہ کی جائے۔

معلم کی طلباء کے مقابلے میں کیا حیثیت ہو سکتی ہے؟ ایک سوال ہے جس کا بھی اہمیت شخصیت کی وضاحت کے لئے جواب دیا جانا ضروری ہے۔

یہی ایک واقعہ کہ خود معاشرہ طلباء کے مقابلے میں معلم کو ایک برتر حیثیت عطا کرتا ہے۔ اس سوال کا ایک معقول جواب ہو سکتا ہے۔ کیونکہ سماج کے نزدیک

معلم کا عزت و اقتدار مانا ہوا ہے۔ جس کی بیّن دلیل یہ ہے کہ وہ اپنے نونہالوں کو اسی کے علم و اخلاق اور کردار کے سایہ پروان چڑھنے کی غرض سے اس کے سپرد کردیتا ہے سماج کا عطا کردہ یہ اعتماد استاد کی حیثیت کو روز روشن کی طرح ثابت کررہا ہے۔

اس کے قطع نظر خود طلبا، کو تعلیم کے مقابل رکھ کر پرکھئے تو استاد کی حیثیت طلبار کے مقابلے میں اس سے کئی گنی زیادہ وقیع نظر آئے گی۔

ملاحظہ ہو۔ کون انکار کرتا ہے کہ طلبار میں تقلید کا مادہ ہوتا ہے۔ انہوں نے بنئے کو اناج تولتے دیکھا۔ نیبو کے چھلکوں کی ترازو بنائی۔ مٹی کی ڈھیریاں لگائیں۔ خود کچھ جتیوں اور کاغذوں کے ساتھ چشم بد دور اچھے خاصے ساہو جی بن بیٹھے ٹرین کا انتظام دیکھا۔ اور ادھر دیا سلائی کی ڈبیوں کو آگے پیچھے ٹھیک کرکے اچھا خاصا مٹیرگیج اسٹیشن بنالیا۔ ٹکٹ کی خرید و فروخت بھی ہو رہی ہے۔ بے تنخواہ ٹکٹ کلکٹر اور دیگر ملازمین ریلوے بھی آن موجود ہوئے بغیر دھویں۔ بھاپ کوئلے کے گاڑی فراٹے بھرتی ہوئی آن واحد میں بمبئی۔ پونا۔ کلکتہ۔ دہلی خدا جانے کہاں سے کہاں نکل گئی!

غرض غور کیا جائے تو سینکڑوں ہی قسم کے ایسے مشغلے ہماری آنکھوں کے سامنے پھر جاتے ہیں جن کے متعلق بجز اس کے کوئی رائے نہیں قائم کیجا سکتی کہ یہ فقط ان "بزرگوں" کی تقلیدی جبلت کا نتیجہ ہے اور بس۔

بہرحال یہ ماننا پڑتا ہے کہ استاد کو ابتداً ایک ایسی ننھی مخلوق سے سابقہ پڑتا ہے جنھیں تقلیدی جبلت نچلا بیٹھنے نہیں دیتی۔ لہٰذا ان حالات کے تحت اس واقعہ سے انکار کی گنجائش نہ ہو سکیگی کہ استاد کی حیثیت طلبار کے مقابلے میں ایسی نازک ہوتی ہے کہ وہ طلبار کی زندگی کے صرف کسی خاص پہلو ہی کو نہیں بلکہ تمام شعبوں کو شعوری اور غیر شعوری طور پر ان کی مجموعی سیرت سازی کے لئے بیتابانہ کرتا رہتا ہے۔ اسی لئے یہ بالکل امر واقعہ ہے کہ طلبار پر معلم کے فلسفۂ زندگی طرز عمل اور شخصیت کا بلا واسطہ اثر ہوتا رہتا ہے۔ گویا طلبار کے سامنے معلم شیش محل کے عین وسط میں ٹھیک اس منور شمع کے مماثل ہے جو اپنی پُر تنویر شعاعوں سے گرد وپیش کے ہر آئینہ کو جو اس کی پہنچ کے اندر ہے جگمگا رہی ہو!

کم سن بچوں کے قطع نظر نوجوان طلبا، کی حالت پر بھی غور فرمایا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ نوجوانوں کی یہ مسلمہ نفسیات ہے کہ جس تناسب سے وہ تحکم او ردباؤ سے چراغ پا ہوتے ہیں اسی تناسب سے شخصیت کے قدرتی اثر کو خاموشی خوشی اور سرعت سے قبول کر لیتے ہیں۔ یہ آپ کا ہمارا مشاہدہ ہے کہ قابلیت۔ تہذیب اور مرتبے میں فوقیت رکھنے والے ہستیوں کی۔ بشرطیکہ ان فوقیت والی ہستیوں کو ان نوجوانوں سے محبت بھی ہو۔ وہ رفتار، گفتار۔ کردار اور اطوار میں تقلید کرتے ہوئے عقیدت اور وفاداری کے ساتھ اُن کے ایسے پیرو بن جاتے ہیں کہ ان کی ناراضی کو بہت بڑی سزا اور خوشنودی کو بہت بڑا انعام سمجھنے لگتے ہیں۔

پس۔ جب ایسا ہے کہ معلم اپنی طرز زندگی کا ہر وقت اپنے طلباء پر کیا کم سن اور کیا نوجوان علی التویہ معلوم اور نامعلوم طریقوں سے اثر ڈالتا رہتا ہے۔ تو لامحالہ اس حقیقت کو ماننا پڑے گا کہ ضرورت اور قطعی ضرورت ہے کہ اُستاد اپنے مزاج طرز عمل عادت کے معاملے میں ہر وقت محتاط رہے۔ نیز یہ کہ اپنے اخلاق کو پاکیزہ بنائے اور شخصیت کی تربیت کرے اور اس طرح اپنی ذات کو ان تمام خوبیوں کا زندہ نمونہ بنا کر دکھائے جن کی وہ تلقین کرتا ہے۔ اس کے بعد توقع ہے کہ مدرسہ کے انتظامی معاملات ضبط و تادیب کے مسائل خود بخود سلجھ جائیں گے۔

شخصیت کی اہمیت آپ کے روبرو واضح کر چکنے کے بعد اب میرے لئے ضروری ہے کہ خود اصل شخصیت کی طرف رجوع کروں لیکن ساتھ ہی یہ گذارش ہے کہ شخصیت کا مسئلہ کیمسٹری کے عناصر آکسیجن یا ہائیڈروجن کی طرح کوئی شئے مفرد نہیں۔ اس لئے ایک ایسی مبہم چیز پر وقت واحد میں بحث شروع کرنی تشنگی مضمون کا ہم معنی ہوگا۔ اس لئے میں کوشش کرونگا کہ اولاً شخصیت کا تجزیہ پیش کروں۔

اس غرض کے لئے بجائے اس کے کہ میں خود اپنی دماغی کاوش کا کوئی ناقص تجزیہ پیش کر کے محنت اور وقت دونوں رائگاں کروں مناسب ہے کہ ریاست متحدہ امریکہ کی یونیورسٹی Illinois کے مشہور محقق مسٹر آف۔ ال۔ کلیپ F. L. Glapp کی دلچسپ تشریحات اس خصوص میں پیش کردوں۔

موصوف نے اس خصوص میں عالمانہ دلچسپ انکشافات فرمائے ہیں جن کا خلاصہ

یہ ہے :-

موصوف نے اوّلاً اس مسئلہ کے حل کرنے کے لئے کہ موزوں اور ناموزوں تعلیمی شخصیتوں کے عناصر کیا ہو سکتے ہیں۔ کوئی سو ہتمماں اور پرنسپلز سے حسب مشورہ صاحبان مذکور اُن دس خصائص کی الگ الگ فہرستیں حاصل کیں جو ایک اچھی شخصیت کی صورت گری کا باعث ہوتی ہیں۔

ان جوابات کو جب جانچا گیا تو بقول جتنے منہ اتنی باتیں۔ موصوف کا بیان ہے کہ تقریباً کوئی اعلیٰ خصلت ایسی نہیں رہ گئی تھی جو ان سو فہرستوں میں کسی نہ کسی موقعہ پر جگہ نہ پائی ہو۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی واقعہ ہے کہ تقریباً دس خصائص ایسی ملیں جنھیں فہرستوں کی ایک کثیر تعداد میں جگہ ملی ہوئی تھی۔ یہ دس خصائص اپنی اکثریت رائے کے لحاظ سے یہ ہیں:-

(۱) ہمدردی	Sympathy
(۲) شخصی وجاہت	Personal appearance
(۳) طرز تقریر	Address
(۴) خلوص	Sincerity
(۵) رجائیت	Optimism
(۶) جوش وخروش یا سرگرمی عمل	Enthusiasm
(۷) علمیت	Scholarship
(۸) قوت حیوانی	Vitality
(۹) راستبازی	Fairness
(۱۰) وقار	Reserve or dignity

شخصیت کے متعلق مذکورہ بالا نتیجہ گو معنی خیز ضرور ہے لیکن ساتھ ہی بمشکل قابل اعتبار بھی اس لئے کہ یہ ہمارا آئے دن کا تجربہ ہے کہ انتخاب کنندہ تعلیماتی افسر اساتذہ کے انتخابی مرحلہ میں بہ یک نظر یہ دیکھتے ہیں کہ ملازمت خواہ کے اسناد تعلیمی فرائض کی تشفی کرسکتی ہیں یا نہیں۔ گویا ان کا یہ خیال اس خصوص میں مروجہ General Impression "یا عام تاثر" کا نتیجہ ہے۔ جس کی کامیابی کا تجربہ شاہد ہے۔

اب یہاں اس حقیقت کے سوچنے کے لئے تھوڑا سا وقت دینا چاہیئے کہ اگر افسران

تعلیمات کے اس عام اصول عمل کو بالکلیہ خیر باد کہہ دیا جائے اور اس کی بجائے اساتذہ کے انتخابی مسئلہ کے لئے اساتذہ فن کی مذکورہ ذاتی رایوں کے پیش کردہ ملخص ہی کو معیار انتخاب قرار دے لیا جائے تو کامیاب استاد کا انتخاب اس معیار کے تحت شاید ایک ایسا مسئلہ ہو جائے جس کی یقینی اور حتمی ضمانت نہ دی جا سکے۔ اس لئے کہ جہاں مسٹر کلیپ خود اپنے اس اخذ کردہ نتیجہ کو اس خصوص میں غنی خیز تسلیم کرتے ہیں وہاں اس کے بالکلیہ قابل اعتبار ہونے کے متعلق مشکوک بھی ہیں --- مانا کہ یہ اساتذہ فن ہی کی رایوں کا ملخص ہی لیکن پھر بھی علمی معیار پر پرکھا ہوا کوئی نتیجہ نہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ اساتذہ فن نے اپنے تجربہ کے بعد ہی تو لکھا تھا۔ اور وہی معیار بننا چاہیئے۔ تو اس کا آسان جواب یہ ہے کہ جہاں سو اساتذہ فن کے معیار میں سو طرح کے اختلافات رونما تھے۔ وہاں اس سے زیادہ تعداد کی صورت میں تقریباً اتنے ہی اختلاف رونما ہونے کا امکان ہے۔ اور ایک ایسی اختلافی چیز کے معیار بنانے کا فائدہ معلوم۔

ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ مسٹر کلیپ کو اس تحقیقات سے صرف یہ فائدہ ہوا کہ انہیں اس امر کا ایقان ہو سکا کہ ماہران فن کی اکثریت شخصیت کے کن خصائص پر متفق ہو سکتی ہے۔

اس نتیجہ کو ہاتھ میں لے کر مسٹر کلیپ نے اپنے اس انکشاف سے مذکورہ بالا نقص کو دور کر دینے کے لئے ایک دوسری فاضلانہ مہم کا آغاز کیا۔

اب کی آپ نے ۴۰ اہتمام اور صدر مدارس سے خواہش کی کہ یہ لوگ اپنے اپنے اداروں کے چھ چھ موزوں مسلم الثبوت اساتذہ کا انتخاب اولاً اس طرح کریں کہ سب سے پہلے بہترین شخصیت کا استاد ہو اس کے بعد اس سے کم بہترین شخصیت کا استاد آئے اس طرح چھٹوں کا سلسلہ درج ہو۔

پھر یہی ادارہ ان ہی چھ اساتذہ کی ایک اور فہرست تیار کرے۔ اب کی دفعہ ان دس خصائص کو جو مسٹر کلیپ کے نتائج میں دریافت ہوئے سامنے رکھ کر ہر ایک خصوصیت مثلاً ہمدردی۔ شخصی وجاہت وغیرہ کے اعتبار سے ان ہی چھ اساتذہ کو جانچ کر لحاظ برتری ان کو اس فہرست میں علٰحدہ علٰحدہ جگہ دے۔

اس کوشش سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ پہلے کے سو اساتذہ فن کی رایوں کے ملخص میں جہاں ایک موزوں کامیاب استاد کی ضمانت کی گنجائش معرض اشتباہ میں

رہی جاتی تھی جس پر افسرانِ تعلیمات زیادہ زور دیتے ہیں۔ وہاں اس کوشش میں یہ اشتباہ بالکلیہ رفع ہو جاتا ہے۔

غرض فہرستیں وصول ہونے پر جب ان کا امتحان کیا گیا تو یہی دس خصائص مسلّم الثبوت موزوں کامیاب اساتذہ کے اعتبار سے بلحاظ اپنی اکثریت رائے اس ترتیب سے قائم کئے جا سکے۔

(۱) طرز تقریر۔ (۲) شخصی وجاہت۔ (۳) رجائیت (۴) وقار۔ (۵) سرگرمی عمل (۶) راست بازی۔ (۷) خلوص۔ (۸) ہمدردی۔ (۹) قوت حیوانی۔ (۱۰) علمیت۔

اب اس بیان سے اس نتیجہ پر پہنچنا آسان ہے کہ استاد کی موزوں تعلیمی شخصیت کے کیا اجزاء ہو سکتے ہیں۔

لیکن۔ اس موقعہ پر اپنے سلسلہ کلام کو جاری رکھنے سے قبل اساتذہ فن کے اس نقطۂ خیال کو بھی واضح کر دینا ضروری ہے کہ فن تعلیم میں کسی شخص کا کامیاب استاد بننا اسکی تعلیمی جبلّت یا خلقی خصائل پر منحصر ہے چنانچہ ماہرین کا ایک طبقہ اس امر کا معترف ہے کہ "فن تدریس کی کامیابی کوئی اکتسابی فعل نہیں۔ بلکہ یہ مبداء فیض سے خال خال ودیعت ہوتی ہے"

لہٰذا ان خیالات کی روشنی میں اگر مسٹر کلیپ کی کوششوں کو پرکھا جائے تو وہ کوہ کندن و کاہ برآوردن" والی بات معلوم ہوتی ہے۔ یعنی یہ ماننا پڑے گا کہ مسٹر کلیپ کی یہ ساری کوششیں صرف ایک لاکھ یا ایک کروڑ میں سے صرف اس ایک کے لئے ہے جو مسٹر کلیپ کے اخذ کردہ نتائج کے لحاظ سے شخصیت کے خصائص تمام ازل سے اسی ترتیب کے ساتھ لے کر آیا ہو۔ اور اگر یہ صحیح ہے تو پھر اس انکشاف کے زحمت کی ضرورت بھی ایک بیکاری کے مشغلے سے بڑھ کر وقعت نہیں رکھتی۔ اس لئے کہ صفحۂ ہستی کے ایسے معدودے چند افراد کے لئے جو ان خصائص سے اسی ترتیب کے ساتھ ممتاز ہوں اگر یہ انکشاف کیا بھی گیا ہو تو ان کے لئے کچھ بھی مفید نہیں۔ اس لئے کہ ان کے عادات کا سونا صیقل مشق سے خود منجلی ہو گا۔ مسٹر کلیپ کا اس میں کیا کمال ؟

لیکن واقعہ یہ ہے کہ مذکورۂ بالا خیال صحت اور تجربہ سے کسی قدر دور ہے۔ اس امر کے تسلیم کرنے کے کافی وجوہ موجود ہیں کہ کامیاب تعلیمی شخصیت کا انحصار پیدائشی یا

خلقی خصائل پر تمام و کمال ہونے کے بجائے زیادہ تر تجربہ مشق اور تربیت پر ہے۔ مسٹر کلیپ نے اس کے متعلق کافی مواد فراہم کیا ہے جس کی تشریح فی الوقت ہمارے مضمون کے حدود سے خارج ہے۔ اس لئے نتیجۃً یہ کہنا کچھ بیجا نہیں کہ تعلیمی کامیاب شخصیت کے حصول کے لئے مذکورہ بالا خصائص کے اکتساب کی کوشش معقول نگرانی۔ تجربہ۔ مشق اور تربیت سے کی جائے اور اس طرح ایک شخص کا ایک کامیاب استاد بن سکنا نامعقول نہیں معلوم ہوتا۔ البتہ ان میں سے صرف ایک یعنی قوت حیوانی ایک ایسی خصوصیت ہے جس کا ارتقاء باقاعدہ نگرانی اور تجربہ سے قطعی بے نیاز ہے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی حقیقت ہے کہ اس میں فتور زیادہ تر کم غذا۔ کم نیند۔ کثرت کار وافکار سے رونما ہوتا ہے۔ اور اسی لئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ لاعلاج بھی نہیں۔

شخصیت کی اہمیت اور اس کے اجزاء کی وضاحت کر چکنے کے بعد۔ اب میری یہ کوشش ہوگی کہ شخصیت کے متذکرہ اجزاء کی سرسری وضاحت کرتا چلوں۔

(۱) طرز تقریر:۔ غور کیا جائے۔ استاد کی شخصیت کا یہ کتنا اہم جزو ہے۔ قدرت نے دو انگل کی مضغۂ گوشت زبان ہمارے منہ میں وہ نعمت عطا کی ہے جس سے ہم خیالات۔ تاثرات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ یہی گوشت کا لوتھڑا ہمیں رسوا بھی کرتا ہے اور ہر دلعزیز بھی بناتا ہے۔ یہی چیز ہمارے دشمن زا بھی ہے اور دوست افزا بھی۔ اس سے ہم اپنے کمال کو بھی ظاہر کر سکتے ہیں۔ اور اس طرح دوسروں کو اپنا گرویدہ بھی بنا لیتے ہیں۔ مشہور ہے المرءُ مخبوءٌ تحت لسانہٖ یعنی تا مرد سخن نہ گفتہ باشد۔ عیب و ہنرش نہفتہ باشد۔

یہ سب صحیح۔ لیکن یہ سب اسی زبان کی طرز ادا پر منحصر ہے۔ مشہور ہے بات بات میں انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر۔ یہی زبان شستگی۔ ملائمت۔ شیرینی۔ نفاست اور راستی میں ڈوبی ہوئی ہو تو پھول جھڑاتی ہے۔ اس کے برعکس وہ ایک بے پناہ شمشیر دودم ہے اب استاد کی حالت میں میرے اس بیان کو رکھ کر پرکھئے تو امید ہے کہ استاد کے لئے طرز ادا یا بیان کی برتری کے لزوم کو مان لینے سے انکار نہیں کیا جا سکیگا۔ جائے غور و انصاف ہے۔ وہ استاد جس کی تفہیم طلباء کو مطمئن نہ کر سکتی ہو جس کے احکام اطاعت اور فرمان پذیری کی طرف طلباء کو بخوشی مائل کرنے کے بجائے نافرمانی

اور قانون شکنی کے لئے اکساتے ہوں جس کے نا ملائم طرز تخاطب کے ناگوار اثرات طلبا سے گزر کر محلے اور شہر میں گشت کر رہے ہوں۔ فرمائیے یہ اسی لسان یا طرز بیان کے خاص برا انداز اثرات کے نتائج نہیں تو اور کس کی کرشمہ سازیاں ہیں۔ صمیم قلب سے کہئے ایسا شخص اپنا کیا اثر قائم رکھ سکتا ہے اور ایسی بے اثر ہستی سے نونہالان شرکائے درسگاہ کیا استفادہ کر سکتے ہیں۔ اسی لئے وہلۂ اول ہی میں ضروری ہوا کہ طرز تقریر کو سب سے پہلے اُستاد درست کرنے کا خیال رکھے۔

(۲) شخصی وجاہت:۔ اس سے میں بھی ایک مجسمۂ حسن و خوبی ہرگز مراد نہ لوں گا میں سمجھتا ہوں شخصی وجاہت نہ حسن کا نام ہے نہ پر رعب تن و توش کا۔ نہ نفیس سوٹ ہیں یہ خصوصیت مجھے جلوہ گر نظر آتی ہے۔ اور نہ تعلیم یافتہ حضرات کے نفیس مکلف کسی دیسی لباس میں یہ پنہاں معلوم ہوتی ہے۔ آپ معاف فرمائیں اگر میری رائے خطا نہ کر رہی ہو۔ تو میں اس کو ایک سادی سیدھی چیز سمجھتا ہوں اور بس جیسے ہر ایک انسان۔ اس کی خصوصیت نہیں کہ وہ معلم ہی ہو چاہے تو اپنے نفس پیدا کر سکتا ہے۔ یہ چیز۔ میرا خیال ہے صرف ستھرے لباس۔ راست گفتاری راست کرداری میں اس طرح پیوست ہے جس طرح بو گل میں۔ یہ چیز اپنی نشست برخاست طرز زندگی میل ملاپ کی ہر اس ادا میں گھلی ہوئی ہے جس سے سلیقہ بردباری۔ صبر۔ سکون۔ تحمل۔ اور صلاحیت ٹپکی پڑتی ہوں! بس اسی کا نام میری دانست میں اعلیٰ شخصی وجاہت ہے بے ادبی معاف وہ ایک معمولی دیسی لباس میں بھی جلوہ گر ہو سکتی ہے۔ اور پر رعب فاتحانہ ملبوس میں بھی ملفوف ہو سکتی ہے۔

(۳) رجائیت:۔ اس لفظ کی فلسفی گتھیوں میں اُلجھنے کے بجائے میں صرف اس کو مضمون سے متعلقہ حدود تک اپنے معمولی الفاظ میں جن کو فلسفیانہ موشگافی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ واضح کر دوں گا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ آج ہمارے ملک کا نظام تعلیم وہ نہیں جو آج سے دس سال قبل رہا بیسیوں ہی تغیرات رونما ہو چکے۔ اسکاوٹنگ۔ ڈبیٹنگ۔ تعلیمی تفریحین سوشل جلسے۔ تعلیمی نمائشیں۔ خود مدرسہ کا باغیچہ۔ کھیل کا باقاعدہ پروگرام وغیرہ وغیرہ غور کیا جائے تو بیسیوں ہی چیزوں نے ہمارے نصاب تعلیم میں اس غرض

کے لئے کہ طلباء میں ان کو ماحول کے مطابق کر دینے کی صلاحیت پیدا کی جائے اثر ونفوذ پیدا کر لیا ہے۔ جائے انصاف ہے۔ بچہ ادب کی تعلیم۔ کچھ استادانہ نظم و نثر کی باریکیوں پر عبور۔ کچھ قصے۔ پڑوس اور اطراف عالم کے کچھ ناقابل وثوق معلومات آج کل ہمارے بالکلیہ اجزائے نصاب تعلیم باقی نہیں رہ سکتے۔ جواب سے کچھ عرصہ پہلے تھے اور یہ ضرورت بالکل بدیہی ہے۔ جہاں زمانہ نے کروٹ لی۔ جنگ عالمگیر نے انسانی زندگی کے رخ کی کایا ہی پلٹ دی۔ سائنس کی حیرت انگیز ایجادوں نے عالم کو زیر و زبر کر ڈالا۔ تو ظاہر ہے اس عالمگیر انقلاب کے عالم میں نظام تعلیم کس طرح محفوظ رہ سکتا تھا۔ بفرض محال اگر محفوظ رہ بھی سکتا تو اس کو قطعی مکمل نہ مانا جاتا اس لئے کہ وہ ہماری زندگی کی بڑھتی ہوئی پیچیدگی کو سلجھانے سے قطعی قاصر رہتا۔ اسی لئے ہمارے نصاب میں آئے دن مفید اور صحت بخش اصلاحات کی زیادہ سے زیادہ گنجائش نکالنے کی مساعی بلیغ عمل میں لائی گئیں اور لائی جارہی ہیں۔

اندریں حالات وہ استاد جو ان انقلابات کو تہ دل سے خیر مقدم کرنے کیلئے تیار نہ ہو۔ یقین ہے کہ کبھی ہمارے اس موجودہ نصاب کے لئے جس میں ہماری بڑھتی ہوئی ضروریات کی زیادہ سے زیادہ گنجائشیں محفوظ رکھی جارہی ہیں۔ مفید ثابت نہ ہو سکیگا۔ اور اس لئے نہ اپنے طلباء کو ان ضروریات زندگی کے لئے تیار کر سکے گا جن کی خاطر یہ سب کچھ کیا جارہا ہے۔

(۴) وقار:۔ اس سے مراد استاد کا ایک ایسا خوشگوار رعب طلباء پر قائم کرنا ہے۔ جس سے یہ اچھی طرح واضح ہو جائے کہ وہ طلباء کے ارتقائے نفس میں حارج نہ ہو۔ اس سے مراد طلباء کے ساتھ استاد کی پر وقار سنجیدگی ہے۔ لیکن نہ ایسی کہ طلباء لب کشائی کی جرأت نہ کر سکیں۔ لیکن اس سے ایک ایسی سنجیدگی مراد ہے کہ وہ ایک طرف طلباء کے تفریحی ساعات کا بھی شریک کار رہے اور دوسری طرف اس کی سنجیدگی سیماب طبع طلباء کی شوخیوں سے مجروح بھی نہ ہونے پائے۔

(۵) سرگرمی عمل:۔ ظاہر ہے ستعدی سے معری انسان جہاں زندگی کے ہر پہلو میں ناکام رہنے کا امکان رکھتا ہے۔ ضبط میں کیسے کامیاب ہو سکیگا؟ ظاہر ہے کہ ڈھیلا ڈھالا کھلے بند اڑنے کے آرزومند کھیرو پر کوئی طاقتور روک قائم

نہیں رکھ سکتا۔

(۶) راستبازی:۔ یقین مانئے انسان ہو کر اپنے کو راست گفتار اور راست کردار نہ رکھنے سے تو کچھ اور ہی ہو کر زندہ رہنا اچھا ہے۔ طلبار اپنے ایک ایسے حضرت کو بے ادبی معاف راستے کے بازی گر کی اتنی بھی وقعت دیئے جانے کے مستحق نہیں سمجھتے۔

(۷) خلوص:۔ استاد کے لئے میں اس صفت کو عزت کا رکن اوّل سمجھتا ہوں یا دوسرے الفاظ میں چاند کو روشنی سے شکر کو حلاوت سے حسن کو ملاحت سے جتنی وقعت حاصل ہو سکتی ہے۔ اتنی ہی خلوص سے استاد کی کارکردگی میں چار چاند لگ جاتے ہیں۔

(۸) ہمدردی:۔

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کرّوبیان

بے حس اور غیر ہمدرد انسان اپنی افادی حیثیت میں بجنسہٖ حرف شکستہ یا استخوان بے مغز کے اتنی قیمت رکھتا ہے۔

(۹) قوت حیوانی:۔ بالخصوص ضبط کے بارے میں اس صفت سے عاری استاد کے لئے تو وہی مثل صادق آتی ہے کہ کمزور بلی کو چوہا کہانی سنانے دعوت دے، اور پھر ضبط کی خیریت معلوم!

اس سے یہ مراد نہیں کہ استاد اپنے زمانہ کے زبسکو یا گاما ہی بنے رہیں البتہ اس کے مقابلہ میں بعض اوقات یہ دیکھا گیا کہ مدرسین نحیف، لاغر، دبلے، پتلے ہوتے ہیں۔ چہرے اور ہاتھوں پر جھریاں آنکھوں سے کمزوری اور ڈر عیاں ہوتا ہے یہاں کم سے کم ان ہی چیزوں کے ارتفاع کی جانب توجہ مبذول کرانی منظور ہے کہ نہ صرف ناتجربہ کار کم سن طلبار بلکہ اولیاء کی بھی نظر اولیں میں استاد اپنے جثہ اور جسمانی ساخت کے اعتبار سے کچھ جچ بھی سکے۔

(۱۰) علمیت:۔ استاد کے لئے اس کی ضرورت ظاہر ہے۔ لیکن میں یہاں ایک مشورہ مختصراً دونگا۔ وہ یہ کہ استاد۔ حاضر جواب۔ علمی ظرافت سے پُر اپنے سبق پر خاصا حاوی اور طلبار کو اس طرح مطمئن کر دینے والا ہو کہ وہ اس کی غیبت میں اس کے

پختہ معلومات اور اعلیٰ تفہیم کا پرچار ساتھی۔ اولیاء اور اہل محلہ کے سامنے کرنے کے سوا دوسرا حرف شکایت زبان پر نہ لاسکیں۔

اس میدان میں اس کا دل شیر کی طرح اپنے طلباء سے بھالوں آگے نکلا ہوا ہو۔ وہ اس خصوصیت میں ایسا شہسوار ہو کہ طلباء شرارتاً یا امتحاناً اگر کبھی مقابلہ پر بھی اتر آئیں۔ تو ادھر اس نے اپنے یکہ تاز علم کو مہمیز کیا اور اُدھر شوخ مزاج امتحان کے شوقینوں کو غبار کارواں میں گم ہو کر رہ جانے کے سوائے کچھ بھی سجھائی نہ دے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ تشنگان علم کو پریشان کر کے خود کو خوش کام بنائے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ کبھی کبھی ضرورتاً اپنے جوہر آبدار علم کو لاعلم طلباء کی گھٹا ٹوپ فضاء میں اس طرح جھلکا دے کہ ایک طرف ان کی پر انوار شعاعیں ان کے دیدہ دل کو روشن کر دیں۔ تو دوسری طرف خود ان میں یہ خصوصیت پیدا کر لینے کا شوق اُن کو اُن کی اپنی آبلہ پائی پر پست ہمت نہ ہونے دے!

اب تک میں ایک کمزور شخصیت کے استاد کے لئے وہ امور پیش کر رہا تھا جن پر کاربند ہونے سے انسان ایک اعلیٰ شخصیت کا حامل ہو سکتا ہے۔ لیکن اب اس ضمن میں چاہتا ہوں کہ وہ جراثیم بھی دکھادوں جو اندر ہی اندر گھن کی طرح استاد کی شخصیت کو کھوکھلا کر کے بٹھا دیتے ہیں۔

(۱) ۔ طلباء سے کم سے کم خفیہ طور پر ہی سہی اور اقل قلیل مقدار ہی میں تنفر استاد بھی حق یہ ہے کہ بچوں کے لئے بس کی ایک گانٹھ ہے۔ کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ معلم و متعلم کے نقاط خیال میں بُعد المشرقین کا فرق ہوتا ہے۔ ایک جس چیز کا ارادہ رکھتا ہے۔ دوسرا اس سے کتراتا ہے۔ معلم صیاد ہے تو متعلم آہوئے رم خوردہ۔ پس ایسی صورت میں اگر اسے تنفر کا بھی کوئی فعل استاد سے سرزد ہو تو پھر تعلقات کی شکستگی میں مزید اضافہ کی صورت پیدا ہوتی جائے گی اور اس طرح غرض مفقود ہوتی جائے گی۔ اس لئے ایسی صورت میں استاد کو محض یہ سمجھنے کی بجائے کہ وہ ایک مسلح جنگی سپاہی ہے۔ جسے اپنے مدمقابل ننھے دشمن کو مغلوب کرنے کا کام دیا گیا ہے۔ یہ سمجھے کہ وہ ایک مبصر حکیم ہے۔ جس کے سپرد ایک نازک مرحلہ کا مریض کیا گیا ہے۔ لیکن ساتھ ہی نظم و قوت کو ہاتھ سے نہ جانے دے۔ ملاحظہ ہو۔ طبیب اپنے مریض سے نہ متنفر ہو جاتا ہے۔ نہ اتنی

ہمدردی صرف کرتا ہے کہ خیر خواہی کے سلسلہ میں اُسے لٹا دے۔ نہ وہ مرض کی سختی کو اپنے وقار کے لئے ایک کاری ضرب تصور کر کے مریض سے متنفر ہو کر خود کو بے تعلق کر لیتا ہے۔ بلکہ حق یہ ہے کہ طبیب کے لئے یہ تو ایک موقعہ ہے اپنی اعلیٰ فنی قابلیت کے مظاہرہ کا۔ بلکہ میں تو یہ کہوں گا بقول حضرت غالب

ع۔ رنگ کھلتا جائے ہے جوں جوں کہ اڑتا جائے ہے۔

مرض کی شدت پسندی اس کی طبی مہارت کو ایک پر شوق دعوت عمل دیتی ہے نہ کہ اس کے جذبات کو برانگیختہ کر کے مریض کے خاتمہ کا باعث ہو جاتی ہے۔

یہی حال معلم متعلم کا ہے۔ کہ بچہ کی نازیبا شرارتوں کو متبصر طبیب کی طرح اپنے نفس میں تنفر و برانگیختگی کے خفیف سے جذبات پیدا کئے بغیر اپنی فنی قابلیت کو دعوت عمل دیکر اصلاح اور سدھار کے مسائل پر غور کرے۔ نہ کہ متنفر اور برانگیختہ ہو کر بچہ کی شخصیت کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دے۔

(۲) عدم فراست یا معاملہ نافہمی: مسٹر لیٹر (Mr. Litter) نے اپنی تحقیقات میں اس کو بھی ضبط کے نقص کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔

یہ واقعہ ہے کہ بعض افراد خداداد معاملہ فہمی اپنے ساتھ لاتے ہیں۔ اور کسی معاملہ کے مخاصمانہ پہلوؤں کو فوراً بھانپ کر ان مشکلات سے بچنے کی راہیں سوچ لیتے ہیں۔ لیکن پھر بھی وہ لوگ جو اس معیار پر نہیں اترتے۔ ان کی معاملہ فہمی کی عادت بتدریج تجربہ اور حصول مشورہ سے پختہ ہو جاتی ہے۔

اس معاملہ نافہمی کے سبب بعض حرکات ایسی ہو جاتی ہیں جو جذبات کو مجروح کر دیتی ہیں۔ کیونکہ جذبات عموماً ہر مناسب اصلاح کے مقابلہ میں ناراض ہو جانے کا میلان رکھتے ہیں جس کے بعد مصائب خود بخود بدعو ہونا شروع ہوتے ہیں۔ اس لئے نظم مدرسہ کے لئے بہترین اصول بھی ہے کہ اس کے قواعد جتنے کم ہوں اچھا ہے۔ اور پھر یہ کم قواعد بھی خاص احتیاط اور تفکر کے بعد رائج ہوں۔ گویا اس کا مطلب یہ کہ قاعدہ صرف اس صورت میں نافذ کیا جائے جبکہ اس کی قطعی ضرورت محسوس کی جا رہی ہو۔

ایسی صورت میں خوش قسمت ہیں وہ مدرس جو مافوق الاحساس طلباء سے دوچار ہوں۔ جن کے لئے آنکھ کا ایک اشارہ ہی ضوابط کی ضخیم جلدوں کی تعلیم دے جاتا ہے۔

معاملہ نا فہمی کے سبب بعض اوقات اولیاء طلباء یا افراد قوم سے گفتگو کے مواقع پر عموماً استاد کو شکست اٹھانی پڑتی ہے۔ اس طرح طلباء میں اس کا اثر کمزور ہو کر ضبط کی خرابیوں میں توفیر رو نما ہوتی ہے۔ اس لئے ایسے مواقع پر بہتر یہ اصول یہی ہے کہ استاد خود کو پر سکوں رکھنے کی کوشش کرے۔ تنظیم مدرسہ کے نقطۂ نظر سے ایسے مواقع پر مدرسہ کے اختیار کردہ اُصول کی وضاحت کرنے میں گو ایک تعلیمی ساعت ہی کیوں نہ نذر ہو جائے فضلائے وقت کی نظر میں پھر بھی یہ اس کی حقیقی قیمت سمجھی جاتی ہے۔

(۳) کمزوری رائے :۔ یہ خرابی اگر خلقی ہو۔ تو اس کا اندفاع بھی مشکل اس لئے نہیں کہ جہاں تو ریثی دیگر نقائص مناسب ذرائع سے رفع ہو سکتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ خلقی کمزوری رائے قطعی نا قابل اصلاح ہو۔

یہ نقص عموماً ذمہ داری و اقتدار کے عدم تیقّن سے پیدا ہوتا ہے۔ خصوصاً جب کہ بالغ افراد حکام مدرسہ کے خلاف طلباء کی ہیچ پر تل جائیں۔ ایسی صورتوں میں خصوصاً متنقل مزاج مدرسین کا خاص نقصان اس لئے ہوتا ہے کہ کمزور رائے والے مدرسین خوشامد یا دیگر ذرائع سے عوام میں اثر حاصل کر لیتے ہیں۔ یا یہ کہ مدرسہ کسی کمزور فطرت کے صدر کے تحت ہو جو اپنی پوزیشن کی حفاظت کی خاطر۔ مدرس کا ساتھ چھوڑ کر۔ بقول جان بچی لاکھوں پائے۔ مدرس کو ورطۂ ہلاکت میں پھینک خود طلباء کا طرفدار ہو کر تھیلا ٹنگ جائے۔ اس طرح مدرس بہ مشکل اس حیثیت میں ہو سکیگا کہ قیام ضبط کے وہ ذرائع اختیار کر سکے جو اس کی رائے میں ضروری ہیں۔ غرض ضبط کی یہ خرابیاں کمزوری رائے کا نتیجہ ہیں۔

ایسی صورتوں میں افسر تعلیمات یا صدر مدرسہ کی جانب سے پر خلوص تہ دل سے امداد کے ذریعہ حوصلہ افزائی کی جائے۔

(۴) مغلوب الغضبی :۔ گو کہ اس عادت سے استاد کا یہ منشاء ہوتا ہے کہ طلباء پر اپنا رعب جما سکے۔ اور طلباء اس کے مطیع ہو جائیں لیکن حق یہ ہے کہ ایک ٹھوس ضبط کا یہ خاصہ نہیں۔ پروفیسر (William Lyon Phelps) اپنی کتاب Teaching in School and College) میں لکھتے ہیں کہ طلباء کے سامنے اظہار غیض و غضب کرنے کی بجائے تو یہ مناسب ہے کہ صحن میں ہو جائیں اور کھمبا تو چنا شروع کر دیں۔

وہ کہتے ہیں جب میں معلم تھا۔ ایسے غصہ کی حالت میں کرسی کے ہتھے مٹھیوں میں پکڑ لیتا۔ اور اپنے منہ کے جھاگ کو نگلنے کی کوشش کرتا یہاں تک کہ مجھے اپنے نفس پر قابو حاصل ہو جاتا۔ تب کہیں میں طلباء سے گفتگو آغاز کرتا۔

اتنا لکھ کر موصوف لکھتے ہیں:۔

"بچے یہ سب واقعات دیکھتے۔ اور وہ کچھ سیکھتے جو کتاب نہیں سکھا سکتی...... ؟

غرض اپنی گفتگو ختم کرتے ہوئے میں یہ کہوں گا کہ اگر مدرس کچھ یوں اپنی شخصیت کو ڈھالنے کی کوشش کرے تو توقع کی جا سکتی ہے کہ طلباء ایسی شخصیت سے متاثر ہو کر منضبط ہو سکیں گے۔ اور اسی موزوں شخصیت سے ضبط مدرسہ میں ایک معتدبہ امداد ملنے کی توقع رکھنی بیجا نہیں۔

طلباء کی عام بیماریاں اور ان کا آسان علاج

حکیم محمد فاضل صاحب فاضل — مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ

ملیریا

یہ ایک نہایت موذی اور مہلک مرض ہے تمام دنیا میں مختلف امراض سے جس قدر اموات واقع ہوتی ہیں ان میں سے دو تہائی اموات صرف بخار خصوصاً ملیریائی بخار اور اس کے عوارض سے واقع ہوتی ہیں چنانچہ ہندوستان میں ہر سال ۱۰ لاکھ جانیں اس مرض سے ضائع ہو جاتی ہیں یہ ایک ایسا مرض ہے جس سے سارے نظام جسمانی میں خلل پڑ کر بیسیوں عوارض پیدا ہو جاتے ہیں۔ ہندوستان کا کوئی حصہ ایسا نہیں جہاں ملیریا نہ پایا جاتا ہو اگرچہ سرکاری طور پر اس کے انسداد کے لئے بہت کچھ کوشش ہو رہی ہے مگر جب تک عوام الناس بھی اس نسل انسانی کے خونخوار دشمن کو تباہ کرنے میں اپنی پوری کوشش سے

کام نہ لیں تو خاطر خواہ کامیابی ناممکن ہے۔ چونکہ اس مرض میں بہ نسبت مردوں کے بچے زیادہ مبتلا ہوتے ہیں اس لئے سب سے پہلے اس کا ذکر کیا جاتا ہے تاکہ بچوں کو بھی اس کے انسداد کی تدابیر سے واقف کرایا جائے۔

ملیریا کی ماہیت ملیریا ایک متعدی بیماری ہے جو خون میں ایک خاص قسم کے جراثیم کی موجودگی سے پیدا ہوتی ہے۔

علامات بخار کا ہونا تلی اور جگر کا بڑھ جانا اور کمزوری وغیرہ اس مرض کے خاص علامات ہیں۔

ملیریا کے اسباب ملیریا کا اصل سبب تحقیقات جدیدہ کی رو سے ملیریائی جراثیم ہیں جو زیادہ تر ایک خاص قسم کے مچھر کے کاٹنے سے جس کو ملیریا کا مچھر کہتے ہیں) جسم انسانی میں داخل ہوتے ہیں۔

مقام گرم ممالک نشیبی اور مرطوب مقامات اور دلدلی زمین ملیریا کے لئے زیادہ موزوں ہوتی ہے۔

انسداد کی تدابیر (۱) مچھروں سے محفوظ رہنے کے لئے مچھر دان استعمال کریں یا کم از کم سوتے وقت سرسوں کا تیل یا روغن گندمنہ اور ہاتھ پر مل لیں اس طرح عمل کرنے سے مچھر نہیں کاٹتے۔

(۲) چونکہ مچھر کثیف اور اندھیرے مکانوں میں رہتے ہیں اس لئے مکانوں کی صفائی نہایت ضروری ہے۔ مکان میں ہر طرف جھاڑو دیجائے خصوصاً کونوں میں اندروں کے نیچے اور الماریوں کے پیچھے ضرور جھاڑا جائے تاکہ مچھر ان مقامات سے بھاگ جائیں۔

(۳) روزانہ کمرے کے دروازوں اور دریچوں کو دھوپ کے وقت دو تین گھنٹہ کے لئے کھلا رکھنا چاہیئے تاکہ اور ہوا اور روشنی کا بخوبی گزر ہو اور مچھر نکل جائیں۔

(۴) کمروں میں عود، گوگل، خصوصاً عاقر قرحا کی دھونی دی جائے کیونکہ اس سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔

(۵) چونکہ مچھر بند پانی میں انڈے بچے دیکر اپنی نسلیں بڑھاتے ہیں اس لئے موریوں کو اچھی طرح پاک صاف رکھا جائے اور گھر میں اور گھر کے اطراف کسی جگہ پانی ٹھہرا رہنے نہ دیا جائے اگر کسی گھر میں کنواں ہو اور اس میں مچھروں کے انڈے بچے پائے جائیں تو

ایسی صورت میں تھوڑا اسا مٹی کا تیل چھڑک دینے سے وہ تلف ہو جاتے ہیں۔ اس طرح کبھی کبھی موریوں میں بھی تھوڑا اسا مٹی کا تیل چھڑک دیا جائے۔

(۶) تبدیل موسم کے وقت خصوصاً گرمیوں کے آخر میں اور برسات کے موسم میں چونکہ ملیریا کا اثر زیادہ ہوتا ہے اس لئے ان ایام میں پانی کو جوش دیکر پیا جائے اور تھوڑی مقدار میں چائے کا استعمال بھی مفید ہوتا ہے اور غذا میں سرخ مرچ کی بجائے کالی مرچ کا استعمال مناسب ہے۔

(۷) برسات کے موسم میں رات کی سردی اور شبنم سے اور دن میں زیادہ دھوپ میں پھرنے سے پرہیز کیا جائے۔

اقسام ملیریا

علامات کے لحاظ سے ملیریائی بخاروں کو دو جماعتوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(۱) نوبتی بخار۔ یعنی باری کا بخار۔

(۲) لازمی بخار۔ (جس میں دھیمی حرارت ہر وقت رہتی ہے اور دن میں ایک دو دفعہ تیز ہو جاتی ہے۔

نوبتی بخار کی قسمیں (۳)

ا۔ روزانہ بخار جس کا دورہ ۲۴ گھنٹے کے بعد ہوتا ہے۔

ب۔ تجاری بخار جس کا دورہ ۴۸ گھنٹے کے بعد ہوتا ہے۔

ج۔ چوتھیا بخار جس کا دورہ ۷۲ گھنٹے کے بعد ہوتا ہے۔

نوبتی بخار کی علامات ان نوبتی بخاروں میں عام طور پر کم و بیش ابتدا میں سردی محسوس ہوتی ہے پھر جسم گرم ہو جاتا ہے بعد از اں پسینہ آکر بخار اتر جاتا ہے۔

بحالت بخار عام علاج اگر کھانا کھانے کے بعد بخار چڑھے تو مقی دوا پلا قے کرا دینی چاہیئے چنانچہ اس مطلب کے لئے آدھی چھٹانک نمک آدھ سیر گرم پانی میں ملا کر پلا دیں تاکہ خوب مکمل قے آجائے اور طبیعت ہلکی ہو جائے پھر مذکورہ بالا مدارج بخار میں سے ہر درجہ کا علاج سلسلہ وار شروع کر دیں۔

ا۔ جب سردی محسوس ہونے لگے تو گرم کپڑے اڑھائیں اور گرم اینٹ یا گرم پانی کی

بوتلوں سے ہاتھ پاؤں وغیرہ کو سینک کر گرمی پہونچائیں۔

۲۔ جب سردی کا درجہ ختم ہو جائے اور گرمی محسوس ہونے لگے تو گرمی کا علاج کریں یعنی گرمی دور کرنے کے لئے پنکھا کریں اگر بخار تیز ہو جائے تو سر پر برف یا ٹھنڈے پانی میں کپڑا بھگو کر رکھیں۔ اور بطور دوا معرقات (پسینہ لانے والی دوائیں) مدرات (پیشاب لانے والی دوائیں) مسہلات حسب ضرورت و مناسبت وقت استعمال کریں۔ بصورت قبض رفع قبض کی سب سے پہلے فکر کریں۔

بخار اتر جانے کے بعد

کونین کا استعمال شروع کردیں جو ملیریائی بخاروں کو دور کرنے میں سب سے زیادہ زوداثر دوا ہے اس طرح کہ پہلے تین چار روز تک پانچ پانچ گرین کی تین خوراکیں استعمال کروائیں اس کے بعد ایک ہفتہ تک دو تین گرین کونین روزانہ استعمال کرتے رہیں مگر کونین کے استعمال سے پہلے مسہل دیکر معدہ کو صاف کردینا ضروری ہے تاکہ بجائے قبض فضلہ کا زہریلا مادہ خون میں جذب ہو کر اس کی قوت مدافعت کو کم نہ کردے۔ اگر کونین کے ساتھ مریض دودھ کا استعمال زیادہ رکھے تو پھر کونین کی گرمی اور خشکی معلوم نہیں ہوتی کم عمر بچوں کو بجائے معمولی کونین کے جو بہت تلخ ہوتی ہے بے ذائقہ کونین جس کو یوکونین کہتے ہیں شربت یا دودھ کے ہمراہ دینی چاہیئے۔

درج ذیل مفردات کا استعمال بھی مسہل کے بعد چند روز تک متواتر رکھیں تو فائدہ مند ہے۔

اجوائن سادہ ۷ ماشہ پانی میں جوش دیکر استعمال کریں۔

گجگے کے مغز کا سفوف ایک ماشہ کی مقدار میں، ۷ عدد کالی مرچ کو پانی میں رگڑ کر اس کے ساتھ استعمال کریں۔

غذا حالت بخار میں سادہ آش جو یا اس میں سوڈا واٹر یا دودھ ملا کر استعمال کرائیں۔ وقفہ کی حالت میں دودھ چاول مونگ کی دال شوربا وغیرہ دیں۔

پرہیز ثقیل اور نفاخ اغذیہ سے پرہیز کریں۔

زکام

ماہیت یہ ایک چھوت دار مرض ہے جس میں ناک کی اندرونی لعابدار جھلی متورم

ہو جاتی ہے تحقیق جدید میں اس مرض کا باعث ایک خوردبینی کیڑا ہے جو شدید زکام کی حالت میں ناک کی ریزش اور لعاب دہن میں پایا جاتا ہے۔

اسباب | ٹھنڈ لگنا خصوصاً گردن اور پاؤں کو سردی لگنا سرد ہوا میں یا سیلی زمین پر بہت عرصہ تک بیٹھنا رات کو دیر تک سردی میں رہنا۔ گرم کھانا کھاتے ہوئے سرد پانی پینا۔ یا خراش پیدا کرنے والے ذرات یا بخارات کا ناک میں داخل ہونا عام طور پر اس مرض کے اسباب موید خیال کئے جاتے ہیں۔

علامات | اس مرض میں طبیعت سست کنپٹیوں میں بوجھ سر میں خفیف درد، ناک بند رہتی ہے چھینکیں آتی ہیں شدت کی حالت میں قوت شامہ سامعہ اور ذائقہ میں بھی قدرے فتور واقع ہو جاتا ہے حلق کی اندرونی جھلی بھی سرخ اور متورم ہو جاتی ہے اس کے ساتھ جسم میں خفیف حرارت بھی رہتی ہے۔

علاج | خفیف حالت میں علاج کی چنداں ضرورت نہیں کیونکہ معمولی احتیاط اور پرہیز سے دو تین روز میں آرام ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں سردی سے بچنا۔ پانی حتی الامکان کم پینا اور ٹھنڈا پانی نہ پینا اور رات میں کمبل یا لحاف اوڑھ کر سونا چاہیئے اور سوتے وقت گرم چائے یا تھوڑا گرم پانی بطور چائے استعمال کرنا اچھا ہے تاکہ جسم گرم ہو کر کچھ پسینہ نکل آئے۔

غذا | لطیف اور زود ہضم غذا استعمال کریں۔

پرہیز | ترش چیزوں سے پرہیز کیا جائے۔

کھانسی

عام طور پر اس کو معمولی مرض سمجھا جاتا ہے اور اس کے علاج کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں کی جاتی حالانکہ یہ مرض لاپرواہی کی حالت میں خطرناک صورت اختیار کر لیتا ہے اور مرض سل پیدا ہو جاتا ہے پھر جس سے جانبر ہونا دشوار ہو جاتا ہے۔

ماہیت | یہ آلات تنفس کی ناطبعی حرکت ہے جو دفع اذیت کیلئے ہوتی ہے۔

اسباب | شش کے مزاج کی خرابی خواہ سادہ ہو یا کسی خلط کے سبب سے ہو شش میں ورم یا بثور یا قرحہ ہو جائے۔ یا کوئی ناطبعی چیز جیسے غبار وغیرہ آلات تنفس میں

ہو پہنچ جائے۔ کبھی یہ مرض دوسرے اعضاء کی مشارکت سے بھی ہوتا ہے۔

علاج معہ علامات اگر موسم گرما میں خشکی کا سفر یا گرم ہوا میں زیادہ قیام یا گرم غذاؤں کے استعمال سے شش کے مزاج میں گرمی پیدا ہو جائے تو اسپغول اور آش جو استعمال کریں اور ٹھنڈی ہوا میں رہیں اگر نزلہ حار دماغ سے شش پر گرے تو اس کی علامت یہ ہے کہ کھانسی رات میں اٹھتی ہے تو ایسی صورت میں خشخاش کے ڈونڈوں کو جوشاندہ کر غرغرہ کریں اور نزلہ کے دفعیہ کی تدبیر کریں اگر شش کا مزاج سادہ سردی کے سبب بگڑ جائے جیسے سرد ہوا میں زیادہ عرصہ تک رہیں یا زیادہ سرد پانی کا استعمال کیا جائے تو ایسی حالت میں انجیر منقی اور ملٹھی کا جوشاندہ استعمال کریں۔

اگر زکام کے بعد کھانسی ہو جائے تو ایسی صورت میں انجیر اور زوفا کا جوشاندہ استعمال کرنا مفید ہے یہ مرض شش میں رطوبت کی زیادہ تولید کے سبب بھی ہوتا ہے یہ صورت بلغمی مزاج والے بچوں اور مرطوب مزاج بوڑھوں میں زیادہ پائی جاتی ہے ایسی صورت میں تنقیہ بلغم کی کوشش کریں اس طرح کہ ملٹھی اور سولی کے بیجوں کو جوش دیکر اور اس میں شہد ملا کر پلائیں اور قے کرائیں۔ اور تھوڑی مقدار میں ہینگ کا استعمال مفید ہوتا ہے۔

اگر غبار یا دھواں یا زور سے چیخنے کے سبب شش میں خشونت پیدا ہو جائے تو ایسی صورت میں مرطب حریرے زیادہ مفید ہیں۔ اگر قرحہ یا بثور کے سبب یہ مرض ہو تو کسی لائق طبیب سے رجوع کریں۔

مسوڑھوں سے پیپ نکلنا (پائیوریا)

یہ مرض بھی آج کل بہت عام ہے اس کے سبب چونکہ صحت جسمانی بہت جلد خراب ہو جاتی ہے اس لئے اس کی طرف بھی خاص توجہ کی ضرورت ہے کیونکہ اس مرض میں علاوہ گندہ دہنی کے پیپ کی سمیت خون میں جذب ہو کر دق کی شکایت بھی پیدا ہو جاتی ہے علاوہ ازیں کئی قسم کے موذی امراض پیدا ہو جاتے ہیں

علامات ابتدائی مرض میں مسوڑھے پھول جاتے ہیں اور ان میں سے خون نکلتا ہے اور آخر درجہ مرض میں مسوڑھے سکڑ کر پیلے پڑ جاتے ہیں اور مسوڑھوں کو دبانے سے

پیپ بھی خارج ہوتی ہے دانتوں کی جڑیں برہنہ ہو جاتی ہیں اور وہ ہلنے لگتے اور آخر میں گر جاتے ہیں ۔

اسباب | منہ اور دانتوں کا میلا رہنا ۔ بعد غذا غذا کے ذرات کا دانتوں کی جڑوں میں پھنسا رہنا اور وہیں متعفن ہو جانا ۔

حفظ ماتقدم | ہمیشہ منہ اور دانتوں کو صاف و پاک رکھا جائے اور صبح منہ دھوتے وقت ببول یا نیم کی تازہ نرم مسواک کرنی چاہیئے ۔

علاج | دانتوں کو پاک وصاف رکھا جائے اور مسوڑھوں کی تقویت اور صفائی کیلئے قابض اور کرم کش ادویہ استعمال کی جائیں اس طرح کہ سرکہ میں مسور اور رخشک دھنیے کو جوش دیکر مریض کو کلیاں کرائیں اور کافور گھس کر مسوڑھوں پر لگائیں ۔

سنگ جراحت جس کو عام طور پر بلغم کہتے ہیں (جو ایک معدنی چیز ہے) اس کو جلا کر سفوف بنالیں اور بطور منجن استعمال کریں تو یہ مسوڑھوں کو مضبوط کرنے کے علاوہ دانتوں کو صاف کرتا ہے ۔

کان بہنا

ماہیت | اس مرض میں کان کی بیرونی نالی کی جھلی متورم ہو جاتی ہے اور اس میں سوزش ہو کر کان سے پیپ بہنے لگتی ہے ۔

سبب | اس کا سبب اکثر سردی اور بدہضمی ہے اور کبھی یہ مرض بعض جلدی امراض کے ضمن میں بھی ہو جاتا ہے ۔

علاج | ہائیڈروجن پر اکسائیڈ سے کان صاف کریں بعد ازآں بورک ایسڈ کان میں پھونک دیں ۔ یا سونف اور نیم کے پتوں کو جوش دے کر اور اس میں تھوڑا تھوڑا شہد ملا کر کان میں پچکاری کریں اور پھر رطوبت کو خشک کرنے کے لئے کپڑے کی ایک باریک بتی بنا کر اس پر باریک پسی ہوئی پھٹکری چھڑک دیں اور اس کو کان میں رکھیں جب اس طرح اندر کی رطوبت خشک ہو جائے تو پھر زرد کوڑی کو جلا کر اس کی راکھ کان میں پھونک دیں یا مازو سوختہ کو باریک پیس کر سرکہ اور روغن گل میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں ۔

نظر کی کمزوری

آج کل بچوں میں یہ شکایت بھی عام ہے جس کے سبب وہ بغیر چشمہ کی مدد کے لکھ پڑھ نہیں سکتے۔

سبب اس کا بڑا سبب دماغی یا عصبی کمزوری ہے اور اکثر یہ شکایت کثرت مطالعہ یا باریک بینی سے پیدا ہو جاتی ہے۔

علامات تھوڑی دیر لکھنے پڑھنے سے آنکھیں دکھ جاتی ہیں اور سامنے اندھیرا سا آجاتا ہے کبھی پڑھتے وقت حروف کے نقوش کچھ غیر متاثر ہو جاتے ہیں آنکھوں سے پانی آنے لگتا ہے اور اس کے ساتھ سر میں خفیف درد بھی محسوس ہونے لگتا ہے۔

علاج اصل سبب کو رفع کریں یعنی اگر دماغی کمزوری ہے تو تقویت دماغ کے لئے مغزیات استعمال کریں باریک بینی ترک کریں آنکھوں کو آرام دیں سرد پانی سے آنکھ دھوئیں صبح شام پر فضا اور سبزہ زار مقامات کی سیر کریں۔

بطور دوا صبح و شام درمیان غذا شربت فولاد استعمال کریں یا سونف اور شکر سفید مساوی سفوف بنا کر سوتے وقت تولہ ڈیڑھ تولہ کھا لیا کریں۔

غذا ثقیل اور نفاخ اور ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔ ہلکی غذا کھائیں اور تمباکو نوشی بالکل ترک کر دیں۔

شذرات

آج بتاریخ ۲۶ شہریور ۱۳۴۶ف بوقت ۱ بجے دن باجلاس عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات زیر صدارت عالیجناب موصوف جملہ عہدہ داراں و اہلکاراں دفتر نظامت تعلیمات و صدر مہتمم صاحب تعلیمات بلدہ کا ایک جلسہ بغرض اظہار تاسف انتقال پر ملال نواب مسعود جنگ بہادر مرحوم سابق ناظم تعلیمات سرکار عالی منعقد ہوا۔ قرار پایا کہ جملہ مسلمان اصحاب سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ کر مرحوم کی روح کو اس کا ثواب پہنچائیں اور اس کے بعد حسب ذیل رزولیوشن پاس کیا گیا۔

"عہدہ داران و ارکان عملہ دفتر نظامت تعلیمات نواب مسعود جنگ بہادر کے

اچانک انتقال پر بے حد اظہار تاسف کرتے اور خدائے غفور الرحیم سے
دعا کرتے ہیں کہ وہ مرحوم کو غریق رحمت فرمائے اور ان کے پسماندگان
کو صبر جمیل عطا فرمائے۔" اور
طے پایا کہ اس رزولیوشن کی ایک کاپی بذریعہ تار مرحوم کی والدہ صاحبہ کی خدمت میں
بمقام علیگڑھ روانہ کردی جائے۔

تنقید و تبصرہ

تجرباتی تعلیم | یہ مجلد ۲۰۴ صفحات کی کتاب جس کی کتابت و طباعت اچھی ہے مولوی حبیب احمد صاحب بی۔اے۔ ڈپ ایڈ (عثمانیہ) کی تالیف ہے۔ اردو دنیا کی خوش قسمتی سمجھنا چاہئیے کہ ایسی مفید کتاب جلد منظر عام پر آگئی جس کے متعلق مغربی السنہ میں بھی بہت کم مواد حاصل ہوتا ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کن اصول پر کاربند ہوکر طلبا کی فلاح و بہبود کا ذریعہ بنتے ہیں۔ ان کی فطرت، استعداد، ذہنی اور دماغی قابلیتوں کا پتہ کیسے چلاتے ہیں، مستقبل کو درخشاں اور تابناک بنانے میں کس سعی اور کاوش سے کام لیتے ہیں۔ کتاب کی بروقت تالیف نے مدرسین کی ایک بڑی ضرورت کو پورا کردیا ہے اور یقیناً ان کے لئے یہ ایک بہتر مشیر اور شمع ہدایت ثابت ہوگی۔ حجم کا لحاظ کرتے ہوئے گو قیمت زیادہ ہے مگر مغز کے لحاظ سے بری نہیں۔

تبسم پارے | یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے مولوی حبیب احمد صاحب بی۔اے۔ ڈپ ایڈ (عثمانیہ) کے تین مختصر مزاحیہ مضامین پر مشتمل ہے۔ الفاظ اور اصطلاحات مثل وضو باز، وبیز برادری نوٹ نما، مارشل لا، حفظ ما تقدم، وغیرہ وغیرہ کے موقعہ بہ موقعہ برجستہ معنی آفریں استعمال نے تحریر کو پرلطف بنادیا ہے۔ بعض مقامات پر اس غضب کا دلچسپ مذاق کیا ہے کہ انسانی فطرت کو یہ بے ساختہ گدگدیاں بے اختیار لٹا لٹا دے رہی ہیں۔
دوسرے مضمون کا، ہم نے انگریزی اور صاحب نے اردو کس طرح سیکھی" معیار اچھا ہے۔ ان مضامین کی افادی حیثیت پر نظر کرتے ضرورت ہے کہ ایسے ہی معیار کے مضامین کچھ زیادہ تعداد میں کتابی صورت میں شائع ہوں۔

مبادیات کشافہ مصنفہ جناب علی موسیٰ رضا صاحب مہاجر بی۔اے۔ وگار آر گنا ئزنگ کمشنر حیدرآباد بائے اسکوٹس ممالک محروسہ سرکار عالی۔ مطبوعہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن قیمت (عاں) مقامی کتب فروشوں سے مل سکتی ہے۔

لارڈ بیڈن پاول کی عالمگیر تحریک اسکاوٹنگ پر یہ کتاب اردو زبان میں لکھی گئی ہے۔جس میں ٹنڈر فٹ اور سکنڈ کلاس کے نصاب کی تفصیل ہے۔تشریح اور توضیح کیلئے تصاویر اور خاکوں سے کام لیا گیا ہے۔

اردو زبان میں ویسے تو اور بھی کئی کتابیں اس عنوان پر موجود ہیں مگر ان سب میں زیر تنقید کتاب بلحاظ علمی معلومات سلاست و جامعیت سب سے بہتر اور بلاشبہ اردو ادب میں قابل قدر اضافہ ہے۔ زبان صاف ستھری اور سلجھی ہوئی ہے۔طرز بیان شروع سے آخر تک دلچسپ ہے۔ہمیں یقین ہے کہ اسکاوٹ اور اسکاوٹ ماسٹر صاحبان اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔بلکہ یہ توقع بیجا نہیں ہے کہ اس تحریک سے ملک کو روشناس کرنے اور ہر دلعزیز بنانے میں "مبادیات کشافہ" بے حد مددو معاون ہو گی۔قابل مصنف کو ہم اس کامیابی پر دلی مبارکباد دیتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ان کی مساعی مشکور ہوں گی۔

داغ مصنفہ مولوی نور اللہ محمد صاحب نوری۔مطبوعہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن قیمت (۱۲؍)

یہ نواب فصیح الملک بہادر داغ دہلوی کی سوانح حیات اور ان کے کلام پر مبسوط تبصرہ ہے۔مرحوم کے حالات زندگی جس شرح و بسط سے لکھے گئے ہیں وہ کافی ووافی ہیں۔قابل مصنف نے نہ صرف اس کتاب کو داغ مرحوم کے حالات زندگی تک محدود رکھا ہے بلکہ مرحوم کی شاعری اور اصناف شاعری سے بھی تفصیل کے ساتھ بحث کی ہے اس کے ساتھ ہی مرحوم کے اسلوب بیان، روزمرہ، سلاست زبان محاورات وامثال، کلام کی شوخی بے باکی و بے تکلفی وغیرہ پر اچھی طرح روشنی ڈالی ہے۔غرض اصناف سخن سے ہر صنف کی وضاحت میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھا ہے آخر میں مرحوم کے ان شاگردوں کے کلام کا بھی نمونہ ہدیہ ناظرین کیا ہے۔بہر حال ایسی جامع کتاب آج تک ہماری نظر سے نہیں گزری طباعت بھی متوسط درجہ کے کاغذ پر نہایت صفائی اور عمدگی سے ہوئی ہے امید ہے کہ ناظرین کرام نہایت قدردانی کے ساتھ اس کا مطالعہ فرمائینگے۔

افتتاحیہ

نواب سر مسعود جنگ بہادر کا انتقال

There was a time, and in India it was not long ago, when schools existed simply to prepare students for examinations or at best to give them knowledge. Happily, it is now being increasingly realised that what the school has to aim at is not merely intellectual training, but developing the personality, character and individual capacities of the child and training him in citizenship, so that when he grows up he may take his rightful place in society and

1. An address delivered at the 12th All-India Educational Conference held at Gwalior in December, 1936.

Moral Instruction without Moralizing

BY

Frederick J. Gould (London).

A crowd of professors and teachers from many nations sat as silent listeners behind a class of children to whom I told short stories on "Family, Country, Humanity" at the first International Congress of Moral Education (London, 1908). Among the listeners was Mr. W. H. Sharp, Director of Public Instruction, Bombay (He died in 1917). At Mr. Sharp's suggestion I visited the Bombay Presidency (January — February 1913), and gave similar lessons to classes of Secondary School youths in Bombay, Dharwar, Belgaum, Poona, Karachi, Hyderabad (Sindh), Ahmedabad, Surat, and, by invitation of H. H. the Gackwar, at Baroda. My talk in London comprised anecdotes of Eskimo women, a Hungarian mother, King Alfred of England, the Italian patriot Manin, and the English Dr. Hall Edwards, who experimented with X-rays, and, in the service of humanity, injured his own health very seriously. The reader will now understand Mr. Sharp's remark to me when I observed that I never gave Moral Instruction apart from illustrative anecdotes Mr. Sharp said: "If you had merely talked of morals without the stories, we would never have invited you to Bombay". On the same principle I have stood,—black-board on my left, and a score of girls and boys in front, many hundreds of times in Britain and the United States. My various note-books, printed or manuscript, contain a store of some 4000 little stories drawn from legend, history, biography, and newspapers. The general scheme of ethical topics, which I first outlined in 1897, embraces—self-control, self-respect, order, modesty, trustworthiness, honesty, honour, kindness, generosity, personal service, social service, work, justice, mercy, courage, prudence, persistence, animals, international peace and co-operation, humanity, ideals, and so on. Never have I exhorted children to be kind, helpful,

The Hyderabad Teacher

CONTENTS

VOL. XII No. 1

THE HYDERABAD TEACHER


JULY—SEPTEMBER 1937.

Quarterly Magazine of the Teachers' Association, Hyderabad-Deccan.
Under the Patronage of
SYED MOHAMED HUSAIN JAFERI Esq., B. A., (Oxon).
Director of Public Instruction.

Editorial Staff

SECUNDERABAD-DECCAN
PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD
1937

Annual Subscription Rs. 3.



THE LATE SIR ROSS MASOOD
(NAWAB MASOOD JUNG BAHADUR)

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ آذر لغایتہ بہمن سنہ ۱۳۴۲ف

فہرست مضامین

جلد (۱۲) شمارہ (۲)

تاریخ ریاضیات

ابتدائے افرینش سے ۱۸۰۰ ق۔م۔ تک

از

سیّد عبدالحکیم یم۔ یس سی۔ ایل۔ ٹی

ماہرین تعلیم خصوصاً فروبل اور پسٹالوزی سائنٹیفک مضامین کی درس و تدریس کے لئے تاریخی طریقہ تعلیم کے حامی ہیں۔ ان کا استدلال یہ ہے کہ چونکہ فرد کا دماغ نوع انسان کے دماغ کے مشابہ ہوتا ہے لہذا بچہ کی تعلیم اپنے اصول اور ترتیب میں تاریخی حیثیت سے نوع کی تعلیم کے مماثل ہونا چاہئے۔ یا بہ الفاظ دیگر ہر بچہ کی تعلیم کا وہی قدرتی راستہ ہونا چاہئے جس پر انسان اپنی تعلیم میں گامزن رہ چکا ہے۔ گو اس نظریہ کے موافقت اور مخالفت میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے۔ لیکن اس امر سے مطلق انکار نہیں کیا جا سکتا ہے کہ ریاضیات کے مثل علمی مضامین کی تعلیم کے لئے ان علوم کی تاریخی ارتقاء سے واقفیت نہایت ضروری ہے۔ تاریخ ریاضیات کے مطالعہ کے بعد ایک صاحب فکر استاد اپنے اسباق کو قبل سے زیادہ دلچسپ اور اصولاً زیادہ بہتر بنا سکتا ہے اس منشا کی تحت ذیل میں اس موضوع پر ایک مختصر سا مضمون دیا جاتا ہے۔

اپنی نوعیت کے اعتبار سے ریاضیات کی تاریخ چار خصوصی دور پر مشتمل ہے۔ ایک وہ طویل دور جو آغاز کائنات سے شروع ہو کر تقریباً پیدائش مسیح سے ۵۰ ہزار برس قبل ختم ہو جاتا ہے۔ اس زمانہ کو ہم زمانہ قبل از تاریخ کے نام سے موسوم کریں گے۔ دوسرا وہ دور ہے جبکہ تہذیب اور تمدن کی ہلکی ہلکی شعاعیں دنیا کے چند خوش نصیب ممالک پر پڑنا شروع ہوتی ہیں۔ یہ زمانہ پیدائش مسیح سے تقریباً ۵۰ ہزار برس قبل

شروع ہو کر ۱۰۰۰ ق۔م۔ پر ختم ہوتا ہے اس زمانہ کو ہم زمانہ قدیم کے نام سے موسوم کریں گے۔ ریاضیات کی تاریخ کا تیسرا دور ۱۰۰۰ ق۔م۔ سے شروع ہوتا ہے اور تقریباً ۱۵۰۰ء میں ختم ہوتا ہے۔ یہ زمانہ اہل یونان، ہندوستان، چین اور اہل عرب کے کارناموں کا زمانہ ہے۔ ہم اس کو قرون وسطیٰ کے نام سے موسوم کریں گے۔ ریاضیات کا چوتھا دور موجودہ زمانہ ہے۔ جو اپنی عمر میں گذشتہ تین زمانوں سے بہت چھوٹا ہے۔ لیکن اپنی رفتار ترقی میں سب سے بازی لے گیا۔

زمانہ قبل از تاریخ ابتدائے آفرینش سے ۵۰ ہزار برس قبل مسیح۔

فی زمانہ جب ہم اپنے نظام شمسی کی پیدائش پر غور کرتے ہیں اور اپنے دوربین کے زاویہ کو کسی ایسے ہیولا یا دھیمی دھیمی روشنی سے چمکنے والے ستاروں کے جھرمٹ کی جانب پھیر دیتے ہیں جو عنقریب کسی کائنات میں مبدل ہونے والے ہیں تو ہم اس واقعہ سے نہایت متحیر ہوتے ہیں کہ یہ ستاروں کا ہجوم ایک بے پایاں مادی گیسوں کا مجموعہ ہے جو ایک خاص طریق بشکل پیچاں "◎" پر متحرک ہے۔ (یہ ایک ایسا طریق یا منحنی ہے جس کے تفصیلی خواص کی تحقیق انسانی ارتقاء کے بہت بعد عمل میں آئی) اس انکشاف کے علاوہ ہم کو یہ بھی معلوم ہے کہ یہ اجسام فلکیات مختلف ایسے طبعی قوانین کے تابع ہیں۔ جن کو عموماً ریاضی کی زبان میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ ان میں سے کوئی خاص قوتوں کے زیر عمل کسی بیضاوی راستہ پر گردش کرتے ہیں۔ کوئی (Parabola) کا خاکہ بناتے ہوئے کسی لامحدود فاصلے سے ہمارے نظام شمسی میں داخل ہوتے ہیں۔ اور پھر لاکھوں برس کے واسطے اس طریق کی دوسری ساق پر رواں ہو جاتے ہیں۔

زمین کا ستارہ بھی اسی طرح آج سے اربوں سال قبل کسی ہیولا کے گیسی مادہ سے پیدا ہوا ہوگا۔ اور آخر میں سورج کے گرد ایک بیضوی راستے پر محو گردش ہو گیا۔ جب آہستہ آہستہ عمل تبرید سے اس کی بیرونی سطح کی تپش کم ہونے لگی تو جن عناصر اور مرکبات سے یہ مرکب تھا وہ ریاضیات سے متعلقہ عجیب و غریب کرشمات کے

حامل بن گئے۔ اس طرح کاربن کے ذرات آپس میں ایک دوسرے سے ترکیب ملاکر ہیرے کے جگمگاتے منتظم ہشتمن شکل کے قلموں میں تبدیل ہو گئے۔ سلکا مخروطی سروں کے مسدسی منشوروں میں ظاہر ہو گئے۔ اور پانی کے بخارات النو یا نچ میں تبدیل ہو کر سفید روئی کے گالوں کی طرح گل نما قلموں کی صورت بن کر فضا میں اُڑنے لگے۔ انہیں مشاہدات سے متاثر ہو کر افلاطون کہتا ہے کہ "صانع قدرت روز ازل سے ایک مہندس ہے"۔

آثار حیات آہستہ آہستہ بے شمار تغیرات کے بعد جب زمین کی بیرونی سطح اس تپش پر آگئی کہ اس پر حیات کا آغاز اپنی ابتدائی شکل میں نمودار ہو جائے تو ہائیڈروجن اور آکسیجن کا وہ سادہ ترین مرکب جو فضا میں بشکل بخارات پھیلا ہوا تھا بادل کی گھنگھور گھٹاؤں میں تبدیل ہو گیا۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں چلیں اور اس ویرانہ پر بارش کا سلسلہ شروع ہوا۔ یہ سلسلہ صدہا سال قائم رہا۔ دریا و سمندر پانی سے بھر گئے۔ ان سمندروں کے ساحل پر حیات بصورت کائی جو ایک نرم جلاطینی مادہ پر مشتمل تھی پیدا ہوئی۔ اس جلاطینی مادہ سے ایک طرف سمندری گھانس اور پھر گھانس سے دیگر نباتات کا وجود ہوا۔ اور دوسری طرف گھونگے، سرطان اور بالآخر مچھلی پیدا ہوئی۔ کائنات پر حیات کا آغاز ہوتے ہی ریاضیات کا ایک نیا دور شروع ہوا اب تک صناع قدرت کی ریاضیات کا اظہار ریبلا کے طریق ہیجان میں یا معدنیات کے عمل قلماؤ میں تھا۔ اب وہی صفت حیوانات و نباتات کی اشکال میں ایک نئے انداز سے ظاہر ہوئی۔ پودوں کی جڑیں اور پتیاں ایک خاص نظام کے تحت جیومٹرک اور ہارمونک سلسلوں میں مرتب ہو کر ڈنٹھل اور شاخوں پر نمایاں ہو گئیں پتیاں اور پھل مختلف ہندسی اشکال میں نمودار ہوئے۔ مثال کے طور پر خربوزہ، اناس، ککڑی، سنگھاڑے کی کروی، بیضاوی، سہ پہلوی اور مثلثی ساخت پر غور کر لیجئے۔ ہم کو معلوم ہے کہ یہ پودے تقسیم غذا میں بھی قانون معاشیات پر پورا عمل کرتے ہیں۔ یہ امر دلچسپی سے خالی نہیں ہے کہ اس قانون اور قرنی پودے کے بہت سی حصہ میں جو تعلق ہے وہ ریاضی کے ضابطہ $\frac{1}{2}(\sqrt{5}-1)$ سے ظاہر ہوتا ہے

نباتات کے بعد جب حیوانات کی زندگی کی ابتدا ہوتی ہے تو ایسے ذی شعور تصورات کی بنیادیں پڑتی ہیں جو شکل تعداد اور فاصلہ کی کمی و بیشی سے متعلق ہیں۔ مثلاً ایک شکاری کتا جانتا ہے کہ اس کے اور شکار کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا راستہ خط مستقیم ہے یا وہ جب اپنے شکار کے تعاقب میں ہوتا ہے تو اپنی اور شکار کی رفتار کے باہمی تعلق کو خوب سمجھتا ہے۔ چمپا نزی کو یہ معلوم ہے کہ پانچ اشیاء کی تعداد چار سے زیادہ ہے۔ حتیٰ کہ چھوٹے چھوٹے کیڑے مثلاً چیونٹی اور دیمک اپنے اپنے گروہوں کی مقابلتاً تعداد سے واقف ہیں۔ ان مشاہدات سے ہمارا یہ قیاس غلط نہ ہوگا کہ ماقبل تاریخ کے حیوانات جن کے اکازی (فیات کے ڈھانچوں سے پتہ چلتا ہے کہ ان میں سے بعض بعض ایسے دیوہیکل تھے جو اپنے طول اور قامت میں سو سو فٹ تک پہنچتے تھے اس قسم کے ابتدائی ریاضیات سے ناواقف ہوں۔ یہ تصورات صرف اعداد و شمار کے ایک غیر واضح مفہوم پر ختم نہ ہوتے تھے بلکہ علم ہندسہ میں بھی ان کو ایسا ہی دخل تھا۔ مکڑی جب اپنا جال بناتی ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مستقیم الاضلاع اور باقرینہ اشکال کے جملہ خصوصیات سے واقف ہے۔ شہد کی مکھیاں اپنا چھتا تعمیر کرنے میں چھوٹے بڑے مسدسی خانے اس خوبی سے بناتی ہیں کہ گویا وہ کلیات اعظم و اقل پر کامل دسترس رکھتی ہیں۔ اور اس سے زیادہ حیرت اس مشاہدہ سے ہوتی ہے کہ ان کی ملکہ بڑے خانوں میں بڑے انڈے چھوڑتی اور چھوٹی خانوں میں چھوٹے گویا کہ وہ انڈے کی جسامت اور جگہ کی موزونیت کو سمجھ سمجھ کر اپنے فعل کو انجام دیتی ہے۔ دیمک کی منظم زندگی اور ان کے شہر کی تعمیر سے پتہ چلتا ہے کہ گویا وہ زاویوں کی پیمائش اور مساحت کا علم رکھتی ہیں۔ پرندے بھی اپنا گھونسلا بناتے ہیں ہندسی عمل کا بیّن ثبوت دیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ یہ علم حیوانوں اور پرندوں نے کس استاد سے سیکھا ہو ان رنگوں میں خاص خاص ہندسی اشکال کی گوناگوں آمیزش کس مصور نے کی ہو ناظرین خود اس کا فیصلہ فرمالیں۔ استاد کو چاہیئے کہ ریاضیات کی تعلیم میں طلباء کے خیالات کو اس جانب موقع اور محل کے

ملاحظہ سے وقتاً فوقتاً منعطف کرتے رہیں تاکہ مضمون میں دلچسپی کے ساتھ ہی ساتھ صانع قدرت کی شان اور احترام ان کے دلوں میں پیدا ہو۔

نسل انسانی کا آغاز

انسانی نسل کا آغاز ہوتے ہی جس کو کم از کم دس لاکھ برس کے زمانہ گزرے ہیں رو ئداد تاریخ ریاضیات کا ایک نیا باب کھل جاتا ہے۔ اب تک پرندوں اور حیوانوں میں اعداد و علم ہندسہ کا جو اظہار ہوتا تھا وہ ایک بڑی حد تک ان کے عادات اور جبلتوں سے متعلق تھا۔ جس طرح کپڑے کی ایک مشین سے معینہ طول کا کوئی کپڑا جس پر ہندسی اشکال کے گل و بوٹے بنے ہوں نکلتا رہتا ہے لیکن مشین اپنے کارناموں سے ناواقف ہے تقریباً بالکل اسی طرح حیوانات بھی اپنے کارناموں کو باقاعدہ مشین کے پرزوں کی طرح انجام دیکر خود اس سے بے خبر رہتے ہیں۔ ایک مچھلی آبدوز کشتی کی طرح کبھی پانی کے اندر اور کبھی باہر آتی ہے لیکن وہ نہ ارشمیدس کو جانتی ہے اور نہ اس کے اصول کو یہی حال مکڑی، چیونٹی اور دوسرے حشرات کا ہے۔ لیکن انسان جو کچھ کام کرتا ہے۔ وہ اس کے لئے بامعنی ہوتا ہے گو ابتدا میں اس کا معیار کچھ برائے نام ہی حیوانات سے بڑھا ہوا تھا۔

ابتدائی اعداد و شمار

ابتدائی انسان کی ضروریات نہایت مختصر تھے۔ وہ درختوں کے پھل و پھول یا کسی جانور کا شکار کرکے اپنی زندگی بسر کرتے تھے۔ اُس کا خاندان صرف چند افراد پر مشتمل تھا یا اُس کو دو چار دشمنوں سے سابقہ تھا۔ ان معمولی ضروریات کے تحت اس کے اعداد و شمار کا ذخیرہ ایک اور دو اعداد سے زیادہ نہ تھا۔ شکار کے بعد جب اس نے گلہ بانی کا پیشہ اختیار کیا تب بھی اُس کے اعداد میں کوئی خاص اضافہ نہ ہوا۔ اس وقت وہ گو اپنے جملہ چوپاؤں کو شمار کرنے کی اہمیت نہ رکھتا تھا مگر ان کی شکلوں سے یہ بتا سکتا تھا کہ فلاں فلاں چوپایہ اُس میں سے کم ہے۔ البتہ اس منزل پر آنے کے بعد اُس کی زبان میں اس قسم کے الفاظ بن گئے تھے جو بہت، زیادہ، کثیر، ڈھیر اور ہجوم کے ہم معنی تھے۔

یہ قیاسیات مختلف وحشی اقوام کی زندگی کے مطالعہ سے بہ آسانی حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ چنانچہ گذشتہ صدی میں کم از کم تیس مختلف اسٹریلیا کے اصلی باشندوں کی زندگی کا مطالعہ کیا گیا۔ ان اقوام کی اکثر زبانوں میں ایک اور دو کے علاوہ دوسرے اعداد کے لئے کوئی الفاظ نہ تھے۔ ان میں صرف چند زبانیں ایسی تھیں جن میں دو کے بعد چار تک کے اعداد کے لئے الفاظ موجود تھے۔ چار سے بڑے اعداد کے لئے "بہت" یا متعدد کے مترادف الفاظ تھے اعداد و شمار کی یہ کم مائیگی صرف اسٹریلیا کے باشندوں میں ہی نہ تھی بلکہ عموماً ہر ایسے قبائل کی یہی حالت تھی جو اپنے ملک کی جغرافیائی حالت کے لحاظ سے دوسرے مہذب ممالک سے بیگانہ رہے چنانچہ انڈمان کے اصلی باشندوں کی زبان میں بھی دو سے بڑے عدد کے لئے کوئی لفظ نہیں ہے وہ اپنے مخصوص طریقہ پر دس تک شمار کر لیتے ہیں وہ اپنے ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی سے ناک چھو کر کہتے ہیں ایک (اُباتول)، پھر دوسری انگلی سے ناک چھو کر کہتے ہیں دو (ایک پور)، پھر یکے بعد دیگرے ناک چھو کر کہتے ہیں "اور یہ۔ اور یہ (اُنکا) اور جب دونوں ہاتھوں کی دسوں انگلیاں ختم ہو جاتی ہیں تو دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر کہتے ہیں "اُر و رو" یا تمام شد۔

مجرد اعداد کا شمار ابتدا میں انسان مجرد اعداد کے شمار سے بالکل قاصر تھا۔ وہ ہمیشہ اعداد کو کسی اشیاء سے مربوط کر کے کہتا تھا۔ مثلاً کسی شے کے طول کی پیمائش میں وہ بوقت پیمائش ایک ہاتھ، دو ہاتھ، تین ہاتھ کہتا جاتا تھا۔ ایک۔ دو۔ تین مجرد اعداد کو ہاتھ کی اکائی سے علیحدہ کر کے نہ سمجھتا تھا۔ انگریزی نظام میں طول کی پیمائش کی اکائیوں کی بنیادیں اکائی سے مجرد اعداد علیحدہ کرکے اسی اصول کے تحت پڑیں۔ مثلاً فٹ (قدم)، انچ (انگوٹھا)، فرلانگ (Furrow-long) کی اکائیاں اس واقعہ پر روشنی ڈالتی ہیں کہ کبھی یہ الفاظ اعداد کے ساتھ وابستہ تھے۔ بعد میں ہزارہا سال گذر جانے کے بعد جب انسان مجرد اعداد کا مفہوم سمجھنے لگا تو یہ الفاظ طول کی اکائیوں کے معنی میں مستعمل ہو گئے۔

ابتدا میں انسان کو بھی ہندسہ مثلاً ۲ ان اکائیوں سے علیٰحدہ کر کے نہ سمجھتا تھا ملایا اور میکسیکو کے باشندوں میں اعداد کے ناموں کے لغوی معنی ایک پتھر، دو پتھر اور تین پتھر ہوتے ہیں۔ اسی طرح بحر الکاہل کے جنوبی جزائر کے باشندوں میں اعداد کے نام ایک ثمر، دو ثمر اور تین ثمر ہیں۔ اور اہل جاوا اپنے اعداد کو ایک دانہ۔ دو دانے۔ اور تین دانوں کے نام سے پکارتے ہیں۔ اسی طرح جب افریقہ کا ایک زولو چھ کا عدد کہنا چاہتا ہے تو اپنے ہاتھ کا انگوٹھا پکڑ کر کہتا ہے "ٹے۔ بِس۔ ٹوپا" (انگوٹھا پکڑا)۔ اُس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ ایک ہاتھ کی تمام انگلیاں شمار کر چکا ہے اور اب چھ کے عدد پر پہنچا ہے۔ سات کا عدد شمار کرنے میں وہ انگوٹھے کے بعد کی انگلی پکڑتا ہے اور کہتا ہے "یو کمبائیل" یعنی وہ انگوٹھے کی بعد والی انگلی پر پہنچا۔ اسی بنا پر ہم یہ اصول اخذ کرتے ہیں کہ ابتدا میں بچوں کو مقرون اشیا کی تحت تعلیم دینا چاہئے۔ اُن کا دماغ نوع کے دماغ کی طرح مجرّد تعلیم کے لئے موزونیت نہیں رکھتا ہے۔

تعین معیار ترقی عدد سلسلہ اعداد میں انسان کو جو پہلا عدد ملا وہ ایک تھا۔ آگے بڑھ کر جب اُس نے ایک سے زائد اعداد کی ضرورت محسوس کی تو اِس کے سوا اور کچھ نہ کر سکا کہ وہ اسی بڑے عدد کو چند اکائیوں کا مجموعہ سمجھے۔ مثال کے طور پر اہل بابل اور قدیم مصر کے باشندوں کے ہندسی کتابت پر غور کیجئے۔ (اہل بابل پانچ یوں لکھتے تھے ۷۷۷۷۷۔ اہل مصر ۱۱۱۱۱)۔ ایک کے بعد انسان کا دوسرا عدد ۲ تھا۔ ابتدا میں جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ انسان کی جملہ گنتیاں دو سے زیادہ نہ تھیں لہذا اس کا معیار ترقی عدد بھی دو سے آگے نہ بڑھا۔ چنانچہ اہل شام کے ایک کتبہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک زمانہ میں اُن کا معیار عدد دو تھا۔ وہ اپنے اعداد کو یوں لکھتے تھے۔ ۱ ۲ ۱۲ (۳) ۲۲ (۴)۔ کوئینس لینڈ کے باشندوں کا شمار کرنے کا طریقہ بھی ایسا ہی ہے۔ ایک۔ دو دو اور ایک دو اور دو وغیرہ۔ افریقہ کے کوتاہ قد قبیلے اسی طرح شمار کرتے ہیں۔

دو کے مقابلہ میں تین اور چار معیار عدد زیادہ رہا ہے۔ چنانچہ لاطینی، یونانی، انگریزی اور فرانسیسی زبان میں اب بھی تحریر نظم میں بعض اوقات تین بہت کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ قدیم فونیقی زبان میں بھی ۳ کا معیار عدد ہونے کا پتہ چلتا ہے مثلاً اُن کا طریق شمار یوں چلتا تھا۔ ایک، دو، تین، تین اور ایک، تین اور دو، وغیرہ۔ جنوبی امریکہ کے بعض قبائل میں اب بھی معیار عدد چار ہے۔

پہلا معیار جو قدیم زمانہ میں وسیع پیمانہ پر مستعمل تھا وہ پانچ تھا۔ دو، تین اور چار کو معیار صرف چند خاص خاص قبائل نے اختیار کیا۔ لیکن جب انسانی ضروریات وسیع ہوئیں اور اس کو بڑے اعداد کو شمار کرنے کی ضرورت پڑی تو اُس نے اپنے ہاتھ کی پانچ انگلیوں سے کام لیا۔ اس نظام میں ۵، ۲۵، ۱۲۵، ۶۲۵ ایک دوسرے کے ضعف ہیں۔ یہ طریقہ شمالی امریکہ کے ریڈ انڈین میں مروج ہے۔ سائیبریا کے اسکیمو میں بھی یہی طریقہ جاری ہے۔ وسط اور جنوبی امریکہ کے قدیم باشندوں میں اس کا عام استعمال ہے۔ وہاں کے چند قبائل اپنے ہاتھ کی عدد سے یوں شمار کرتے ہیں ایک دو تین چار پنجہ (ہاتھ) پنجہ اور ایک (چھ) پنجہ اور دو (سات) وغیرہ۔

معیار دس

تعین معیار عدد کی نسبت اقوام میں مختلف طریقے جاری رہے لیکن عام طور پر جو عدد معیار ترقی عدد کے لئے منتخب ہوا وہ دس تھا۔ اس انتخاب کے لئے انسان ایک بڑی حد تک اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی تعداد کا مرہون منت ہے۔ تقریباً ۷۰ سے زیادہ افریقہ کے قبائل میں معیار عدد دس ہے جب انسان نے ایک ہاتھ کی پانچ انگلیوں کے معیار پر کامل دستگاہ حاصل کر لی اور اس کو قبل سے زیادہ بڑے اعداد کو شمار کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تو وہ طبعی طور پر پانچ سے دس پر جو دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کا مجموعہ تھا راست چلا گیا۔ درمیانی اعداد کا معیار شاذ و نادر ملتا ہے۔ رومن میں پانچ کا ہندسہ یوں لکھتے ہیں V۔ اس علامت کے متعلق خیال ہے کہ یہ ہاتھ کے کھلے ہوئے پنجے کو

ظاہر کر رہا ہے۔ جس میں طرفین کی دو انگلیاں انگوٹھا اور چھوٹی انگلی کے علاوہ درمیانی تین انگلیاں حذف کر دی گئیں ہیں۔ پانچ کے بعد اس علامت کے موجد دس پر کیسے پہنچے۔ دس کی ساخت سے صاف پتہ چلتا ہے X یہ علامت دونوں ہاتھوں کو اُلٹ کر متحد کر دینے سے حاصل ہوتی ہے۔ کچھ تو میں ایسی بھی تھیں جنہوں نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے مجموعہ پر اکتفانہ کی اور دونوں ہاتھ اور دونوں پیروں کی انگلیوں کے مجموعہ کو معیار قرار دیا۔ پانچ کے معیار کے بعد ایزٹیکس کے قبائل بیس پر کیسے آئے۔ ذیل کی مثال سے واضح ہوگا۔

۱+۵+۱۰ ۵+۱۰ [] ۱۰ ...... ۲+۵ ۱+۵ [] ۵ ۴ ۳ ۲ ۱

معیار دس و پانچ مخلوط — معیار پانچ

[] ۲۰ ... | ۲+۵+۱۰

۱۰+۲۰ .... ۱+۲۰

معیار بیس

فرانسیسی زبان میں اب بھی ایسے الفاظ موجود ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ قدیم زمانے میں اِن کے بزرگ بیس کا معیار رکھتے تھے۔ مثلاً ۸۰ کے لئے اس زبان میں جو لفظ ہے اُس کا مفہوم چار بیس ہے اور نوّے کے لئے چار بیس + دس ہے۔ افریقہ کے دیری نامی قبائل میں بھی بیس معیار عدد ہے وہ اپنے اعداد یوں لکھتے ہیں:-

...۱+۲۰ || ۲۰ ...... ۱+۵+۱۰ || ۱۰ .... ۲+۵ ۱+۵ ۵

۲۰+۱۰ || اور پھر ۴۰ = ۲۰ + ۲۰ ۵۰ = ۲۰ + ۲۰ + ۱۰ اور اسی طرح ۷۰ =

۲۰+۲۰+۲۰+۱۰ اور ۹۹ = ۲۰+۲۰+۲۰+۲۰+۱۰+۵+۴ ۔

ہندوستانی زبان میں بھی بعض چیزوں کا شمار بیس یا کوڑیوں میں ہوتا ہے اور غالباً زمین کی پیمائش میں ۲۰ بسوانی ایک بسوہ اور ۲۰ بسوہ ایک بیگھ کا پیمانہ معیار بیس کی قدیم یادگار ہے۔

۱۲ کے معیار اگر انسان اتنا خوش قسمت ہوتا کہ اُس کے ہاتھوں میں پانچ پانچ انگلیوں کی بجائے چھ چھ انگلیاں ہوتیں تو یقیناً آج دنیا کا معیار

ترقی مدد دس کی بجائے بارہ ہوتا۔ اور یہ معیار دس کے مقابلہ میں حسابی معاملات میں زیادہ سہولت بخش ہوتا۔ کیونکہ بارہ ایک ایسا عدد ہے جو دوؔ تینؔ چارؔ اور چھؔ پر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔ لیکن دس صرف دوؔ اور ۵ پر تقسیم ہوتا ہے۔ اس طرح ہم متعدد روزمرہ میں استعمال ہونے والی کسور کو زیادہ آسانی کے سادے ہندسوں میں ظاہر کر سکتے اور تقسیم کا عمل مقابلتاً زیادہ آسان ہو جاتا۔ اضافہ صرف اس قدر ہوتا کہ دس اور گیارہ کے لئے دو علامتیں اور بنانا پڑتیں۔ فرض کرو دس کی علامت ع یہ ہوتی اور گیارہ کی M یہ ہوتی۔ تب ہم بارہ دس کی طرح لکھتے، چوبیس بیس کی طرح اور ۳۶ تیس کی طرح۔ لیکن تب ۲۲ = ۱ع اور ۲۳ = ۱M یوں لکھا جاتا۔ اسی طرح ۳۴ = ۲ع اور ۳۵ = ۲M یوں لکھا جاتا۔ ہم کو اپنے پہاڑوں کا سلسلہ بھی دس کی بجائے بارہ پر ختم کرنا پڑتا۔ اِس امر کو تسلیم کرنے کے لئے کافی ثبوت موجود ہیں کہ زمانہ قدیم میں مختلف قومیں بارہ کو معیار عدد قرار دے چکیں ہیں۔ اور پیمائشی ضروریات میں یہ خاص طور پر مستعمل تھا۔ چنانچہ ۱۲ انچ کا فٹ، ۱۲ آؤنس کا قدیم پاونڈ، ۱۲ پائی کا آنہ، ۱۲ اسیر کا من، ۱۲ اشیاء کا درجن اس کی مقبولیت پر دلالت کرتے ہیں۔ ملک سوئیڈن کے ایک فرمانروا نے یہ کوشش بھی کی کہ دس کے بجائے ۱۲ معیار ہو۔ مگر عام رواج کو حکم شاہی بھی نہیں تبدیل کر سکتا ہے۔

زمانہ قدیم ۵۰۰۰۰ تا ۱۰۰۰ ق م
۵۰ ہزار تا ایک ہزار

زمانہ قبل از تاریخ کے متعلق جو کچھ بیان کیا گیا ہے۔ وہ بالکلیہ ہمارے تخیلات اور قیاسیات کا نتیجہ ہے۔ ہمارے پاس اس زمانہ کے نہ تو کوئی ماخذ ہیں اور نہ کوئی شواہد ہیں ہماری قیاس آرائیاں موجودہ یا گزشتہ صدی کے ان وحشی اقوام کی زندگی کے مطالعہ پر مبنی ہیں۔ جن کو مہذب اور متمدن ممالک کے باشندوں سے ملنے جلنے کا کوئی موقع نہ ملا۔ اور جو اپنے معیار علم میں زمانہ قبل از تاریخ کے انسان سے بہتر نہ ہوں۔ رہا ریاضیات کے وہ حقائق جن کا وجود نباتات اور جمادات کی ساخت یا زمین کے طریق گردش میں تھا۔

ان کے متعلق صرف اتنا کہدینا کافی ہے کہ جس طرح آج چار کا مربع سولہ کے مساوی ہے اور وہ ماضی و مستقبل میں بھی سولہ تھا اور سولہ رہے گا اسی طرح قانون قدرت کے یہ سرچی اصول بھی ہمیشہ سے یوں ہی کار فرما تھے اور کار فرما رہیں گے زمانہ قبل از تاریخ سے گزر کر جب ہم انسانی ارتقا کی تاریخی منزل میں داخل ہوتے ہیں تو ہم بالکلیہ اپنے بیانات کی بنیادیں قیاسیات پر نہیں رکھتے ہیں اب ہمارے بیانات کے ثبوت میں آثار قدیمہ کی وہ یادگاریں ہیں جو انسان نے کتبوں، نقوش نوشتوں اور دیگر صورتوں میں ہمارے لئے چھوڑی ہیں۔ ان باقیات کے لحاظ سے تاریخ ریاضیات کا یہ قدیم دور تین نمایاں زمانوں میں منقسم ہو جاتا ہے۔ ایک وہ دور ہے جو پتھر کا ابتدائی زمانہ کہلاتا ہے۔ اس کا آغاز زمین پر تیسرے برفانی زمانہ کے گزر جانے کے بعد مسیح کی پیدائش سے تقریباً ۵ ہزار برس پیشتر شروع ہوتا ہے۔ اس زمانہ کے باقیات میں پتھر کا اس قسم کا سامان ملتا ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ اس دور میں انسان میں تجارتی لین دین شروع ہو گیا تھا۔ اور اس کے واسطے علم اعداد و شمار کی ضرورت پڑنے لگی تھی۔ اور ان میں غیر مجرد اعداد کا مفہوم پیدا ہو گیا تھا۔ ریاضیات کا دوسرا دور پیدائش مسیح سے تقریباً ۱۵ ہزار برس قبل پتھر کے درمیانی زمانہ میں شروع ہوتا ہے۔ اس وقت کائنات کا چوتھا برفیلا دور گزر چکا تھا۔ اس زمانے کے فنون کے جو قدیم ترین نمونے ملے ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان اس وقت تک مجرد اعداد کے مفہوم سے واقف ہو چکا تھا۔ پتھر کا آخری زمانہ قبل کے دو زمانوں سے مقابلتاً بہت چھوٹا ہے۔ یہ تقریباً ۶۰۰۰ ق۔م۔ سے شروع ہوتا ہے اس وقت تک اعداد و شمار کا باقاعدہ نظام مرتب ہو چکا تھا۔ اور ستاروں کے مشاہدات علم نجوم کی صورت میں تشکیل پا چکے تھے۔ یہ ریاضیات کے قدیم دور کا آخری زمانہ تھا۔ اس زمانہ میں تقریباً ۴۰۰۰ء ق۔م۔ میں جزیرہ نمائے سینائی میں دھات کا انکشاف ہوا۔ اس کے کچھ عرصہ کے بعد تقریباً ۳۵۰۰ء ق۔م۔ میں تحریر کا وجود ہوا۔ اور تقریباً اس کے ۵۰۰ برس بعد مصر میں


اولیں پتھر کی عمارت تعمیر ہوئی۔ اور اس سے ایک صدی بعد سنہ ۲۹ ق۔م۔ میں اہرام مصر جو دنیا کے ہفت عجائبات میں سے ہے مصر میں تعمیر ہوئے۔ ان واقعات سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اب ریاضیات اعداد و شمار سے تجاوز کر کے عملی ہندسہ، مساحت اور نجوم کے ابتدائی مدارج پر پہنچ چکی تھی۔ لیکن علم ریاضیات کی یہ اولیں صبح صرف دنیا کے چار خوش نصیب ممالک میں نمودار ہوئی تھی۔ دنیا کے باقی حصوں میں اب بھی وہی زمانہ قبل از تاریخ کی سیاہی چھا رہی تھی۔ یہ خوش قسمت ممالک چین، ہندوستان عراق (بابل) اور مصر تھے۔ ان میں سے ہر ملک کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ اپنی ریاضیات اور دوسرے علوم کی تحقیق، تنظیم میں دوسروں پر شرف اولیت رکھتا ہے۔ اس امر کا قطعی فیصلہ کرنا کہ شرف اولیت کس کو حاصل ہے ایک حد تک ناممکن ہے لیکن اس واقعہ سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے کہ یہ چاروں ممالک قدیم ترین تہذیب اور تمدن کے حامل تھے اور ان کا دعویٰ ایک بڑی حد تک اپنی جگہ پر معقول وجوہات اور استدلال پر مبنی ہے۔ ذیل میں علیحدہ علیحدہ ان چاروں ممالک کی قدیم علوم ریاضیات کا ذکر مختصر طور پر کیا جاتا ہے۔

چین اہل چین کا دعویٰ ہے کہ وہ سنہ ۱۷ ق۔م میں جو ابتدائی پتھر کے دور کا آخری زمانہ تھا علم نجوم میں اتنی مہارت رکھتے تھے کہ وہ Constellation سے واقف تھے۔ اور انہوں نے سنہ ۱۲۷ ق۔م میں منطقۃ البروج کی تقسیم بارہ[۱۲] برجوں میں کی تھی۔ اس معیار کو حاصل کرنے کے واسطے ظاہر ہے کہ ان کو وقت اور زاویوں کی پیمائش اور حساب کے ابتدائی اصولوں پر کافی دستگاہ ہو گی گو اہل چین اپنے اس دعویٰ کے ثبوت میں کوئی باقاعدہ وثیقہ نہیں رکھتے ہیں تاہم اس امر کے کافی استدلال موجود ہیں کہ ان کی ریاضیات بہت قدیم ہے شہنشاہ فوہی کے عہد میں جس کا زمانہ حکومت سنہ ۲۸۵۲ ق۔م تا سنہ ۲۷۳۸ ق۔م ہے۔ اہل چین علم فلکیات پر کافی دسترس رکھتے تھے۔ اس وقت انہوں نے منطقۃ البروج کو اٹھائیس[۲۸] حصوں میں تقسیم کیا تھا۔ اور ہر برج کو ایک جانور کی شکل سے ظاہر کیا تھا

۲۲۰۰ ق۔م۔ شہنشاہ ہانگ تی کی زیر پرستی میں لیشو نامی ایک شخص نے علم نجوم پر ایک کتاب لکھی۔ ایک دوسرے شخص تا نو نے اعداد و شمار کے واسطے ساٹھ کا معیار قائم کیا شہنشاہ کو خود بھی نجوم اور ریاضیات میں اتنی دلچسپی تھی کہ کہا جاتا ہے کہ اس نے بھی ایک تصنیف حساب پر اور ایک علم نجوم پر کی۔


آئی کنگ
۱۱۵۰ ق۔م

اس کتاب میں اعداد کی تقسیم طاق و جفت میں کی گئی ہے چینی جفت عدد کو ئینگ (نر) اور طاق کو یِنگ (مادہ) کے نام سے موسوم کرتے تھے۔ اور ابتدائی آٹھ ہندسوں کو یوں ظاہر کرتے تھے۔



صفر ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷

ان ہندسوں کو خاص خاص آسمانی اثرات کا حامل سمجھا جاتا ہے اور خیر و برکت اور نیک شگون اور بلیات کے دفعیہ کی خاطر اب بھی چین اور تبت میں قطب نما۔ پنکھوں، گملوں اور گھر کے برتنوں پر یہ ہندسہ کندہ رہتے۔ اسی تصنیف میں طلسمی مربع اور اس کے اثرات کا تذکرہ ہے اور اس کو تعویذوں میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ذیل میں لوشو نام کا ایک طلسمی مربع جو اس نسخہ میں ہے درج کیا جاتا ہے۔



لوشو۔ آئی کنگ سے اخذ شدہ سیاہ دائرہ (جفت) اور خالی دائرہ (طاق) اعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔

فی زمانہ
یہی طلسمی مربع یوں لکھا جاتا ہے

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

اس طلسمی مربع کے متعلق ایک مشہور قصہ یہ ہے کہ جب شہنشاہ یو (۲۲۰۰ ق م) دریائے زرد، کے کنارے کھڑا ہوا تھا ایک آسمانی کچھوا ظاہر ہوا۔ اور اس کی پیٹھ پر

دو نقش کندہ تھے ان میں سے ایک ہی طاسمی مربع تھا۔

شاؤ پی۔ اس کتاب کے متعلق خیال ہے کہ اس کی تصنیف ۱۱۰۰ ق۔م۔ میں شہنشاہ شاؤ کنگ کے آخری زمانہ میں عمل میں آئی۔ یہ اہل چین کا خاص ریاضیات سے متعلقہ قدیم ترین نسخہ ہے۔ اس کے چند اقتباسات ذیل میں درج کئے ہیں۔

(۱) اعداد کا فن دائرہ اور مربع سے حاصل ہوا۔

(۲) خط کی تقسیم کرو اور عرض کو (۳) اکائیاں اور طول کو (۴) اکائیاں رکھدو۔ تب گوشوں کا درمیانی فاصلہ ۵ ہوتا ہے۔

(۳) اشکال کروی یا نقطہ دار ہوتے ہیں۔ نمبرات طاق یا جفت ہوتے ہیں

(۴) آسمان ایک مدور راستہ پر گردش کرتا ہے۔ اس کے تحت اعداد طاق ہیں۔ زمین ایک مربع پر قائم ہے اس کے تحت اعداد جفت ہیں

اس تصنیف میں کیلنڈر یا تقویم کا بھی ذکر ہے۔ اس میں دن و رات کو ۱۲ گھنٹوں میں تقسیم کیا گیا۔ اور ہر گھنٹہ کو ۸ حصّوں میں۔ اس طرح ہر گھنٹہ موجودہ ۱۲۰ منٹ کا تھا۔ اور پھر گھنٹہ کا ہر حصہ ۱۵ منٹ کا تھا۔

نو حصص شاؤ پی کے بعد اپنی قدامت کے لحاظ سے اہل چین کی ریاضیات سے متعلقہ دوسری تصنیف ہے اس کے مصنف اور تاریخ تصنیف کا ٹھیک پتہ نہیں چلتا۔ لیکن اتنا بادثوق استدلال کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ ۱۰۰۰ ق۔م کی پیشتر کی کتاب ہے۔ یہ ایک بڑی حد تک علم الحساب کی کتاب ہے۔ اور اس میں تناسب، فیصد، شراکت، آمیزش، کمی و بیشی، کتے و خرگوش کی دوڑ، جذر اور جذر المکعب، ہمزاد مساوات اور مثلث قائم الزاویہ پر بحث ہے۔

ان تصانیف سے پتہ چلتا ہے کہ اہل چین اپنی قدیم ریاضیات میں اپنے ہمعصر قوموں سے پیچھے نہ تھے۔ اور چین ان قدیم مہذب ممالک میں سے ہے جو ابتدائی علوم ریاضیات کی تشکیل کے پیشرو رہ چکے ہیں۔


ہندوستان

اگرچہ ہندوستان کی تہذیب نہایت قدیم ہے اور یہاں کے آریہ نسل کے باشندوں کے دماغ قدرتاً ریاضیات کیلئے نہایت موزون تھے۔ لیکن ان میں ایک بڑا نقص یہ تھا کہ وہ اچھے مورخ نہ تھے اور وہ اپنے بزرگان سلف کے کارناموں کو محفوظ رکھنے کے عادی نہ تھے۔ چنانچہ یہاں کے مستند قدیم تاریخی حالات کا صحیح پتہ اسلام کے پہلے حملہ (٦٦٤ء) سے قبل کا نہیں چلتا ہے۔ یہاں کی تاریخ ریاضیات کے متعلق جو کچھ کہا جا سکتا ہے اس کے ماخذ یہاں کی دو قدیم مذہبی کتابیں مہابھارت اور رامائن ہیں۔ اس کے علاوہ تھوڑا بہت اندازہ یہاں کے چند قدیم سکوں اور کتبوں سے بھی لگایا جا سکتا ہے۔ مہابھارت سے اس واقعہ پر روشنی پڑتی ہے کہ اس قدیم زمانے میں ہندوں کا اعداد و شمار سے متعلق معیار کیا تھا۔ سکوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۰۰۰ برس قبل ریاضیات سے متعلقہ کس قسم کی علامات تشکیل پا چکی تھیں۔ ویدوں کی مقدس کتابیں یہ بتاتی ہیں کہ سنہ ۱۰۰۰ ق۔م سے قبل علم فلکیات کی جانب بھی توجہ کیجاتی تھی اور وہ اپنے ہمعصر ممالک چین بابل اور مصر سے اس علم میں کسی طرح پیچھے نہ تھے۔

بابل

موجودہ عراق و عجم کا علاقہ جو دریائے دجلہ و فرات سے سیراب ہوتا ہے زمانہ قدیم میں کلدان یا بابل کے نام سے مشہور تھا۔ تاریخ ریاضیات کا قدیم مستند ریکارڈ جتنا اس علاقہ میں دستیاب ہوا ہے دوسری جگہ نہیں ملتا ہے۔ چونکہ اس علاقہ میں پتھر کمیاب ہے لہذا اہل بابل اپنی تواریخ اینٹوں پر کندہ کرتے تھے۔ اس کا طریقہ یہ تھا کہ وہ ابتدا میں چکنی مٹی کی بڑی بڑی اینٹیں بنا لیتے تھے اور جبکہ وہ ابھی خام ہوتی تھیں کسی نوکدار چیز سے اس پر لکھ دیتے تھے اور بعد میں ان اینٹوں کو آگ میں پختہ کر لیتے تھے۔ مقام نیپر میں جو بابل سے جنوب کی طرف ایک قدیم شہر ہے اس قسم کی ۵۰ ہزار اینٹیں دستیاب ہوئیں ہیں۔ ان کتبوں کے متعلق خیال ہے کہ کسی کتب خانہ کا ایک حصہ تھا۔ ان کتبوں سے پتہ چلتا ہے کہ سنہ ۳۰۰۰ ق۔م میں بابل کے سوداگر بل، رسید اور کھاتوں کے اصول سے واقف تھے

اس زمانہ کے کتبوں پر جو ہندسے ملتے ہیں وہ ۱ تا ۱۰ تک یوں لکھے جاتے تھے۔ :



بڑے اعداد کے لکھنے کے لیے اور مختلف علامتیں تھیں مثلاً ۴۰۰۲ یوں لکھتے تھے۔ ۲ ۷ ۷ ۷ ۷ ۷۲ اس سے بڑے اعداد کے لئے وہ اہل روم کی طرح تفریقی اصول سے بھی کام لیتے تھے چنانچہ ۱۹ وہ یوں لکھتے تھے (۷۲، ۷۷) یہاں علامت --۷ نفی کے معنی دیتی ہے۔

سنہ ۵۰۰۰ ق۔م سے اہل بابل کا خیال تھا کہ سال میں ۳۶۰ دن ہوتے ہیں۔ اس بنا پر اس کے چھٹے حصہ ساٹھ کو معیار عدد قرار دیا تھا۔ اس عدد کو معیار قرار دینے میں ایک خوبی یہ بھی تھی کہ یہ عدد ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۱۰، ۱۲، ۱۵، ۲۰، ۳۰ پر پورا تقسیم ہو جاتا تھا اور اس وجہ سے بہت سی کسور جن کا نسب نما ۶۰ ہو نہایت سادہ اکائی کسر کی شکل میں تبدیل ہو جاتی تھیں۔ مثلاً $\frac{20}{60}=\frac{1}{3}$ و $\frac{15}{60}=\frac{1}{4}$ وغیرہ۔ خیال یہ ہے کہ موجودہ وقت کی اکائی منٹ اور سکنڈ کی بنیادیں یہیں سے پڑتی ہیں۔ اور درجن جو اس عدد کا پانچواں حصہ ہے اپنا وجود یہیں سے شروع کرتا ہے سنہ ۵۰۰۰ ق۔م کے بعد وہ علم نجوم میں نمایاں ترقی کر چکے تھے۔ چنانچہ سنہ ۲۷۰۰ ق۔م سے قبل وہ اپنی تقویم مکمل کر چکے تھے۔ اور اپنے سال کا آغاز سنہ ۲۷۰۰ ق۔م سے کرتے ہیں جبکہ سورج برج ثور میں تھا۔ اور اس سال کے اول کا نام اس بنا پر ماہ ثور رکھتے ہیں۔ اس وقت تک یہ لوگ یہ بھی تحقیق کر چکے تھے کہ سال ۳۶۵ دن ۶ گھنٹہ ۱۱ منٹ کا ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کی تقریبی صحیح پیمائش کے قبل وہ علم الارقام و حساب کے ابتدائی اصول زاویوں اور وقت کی پیمائش پر کامل دستگاہ حاصل کر چکے ہوں گے۔ سنہ ۳۱۰۰ ق۔م تا سنہ ۲۷۵۰ قائم تک سرغن نامی کسی فرمانروا کا زمانہ تھا۔ اس فرمانروا کا ایک دستی نسخہ پیرس کے عجائب خانہ میں موجود ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ شاہ سرغن نے کسوف و خسوف کا

ایک باقاعدہ ریکارڈ جمع کیا تھا۔ اور اس سے ہم اندازہ کر سکتے ہیں کہ اہل بابل کی ریاضیات کا معیار کیا تھا۔

بابل میں جو تختیاں ملتی ہیں۔ ان میں ایک خوبی یہ ہے کہ وہ بتدریج ایک دوسرے سے سو سو یا دو دو سو برس بعد کی ہیں۔ اس سے وہاں کی تدریجی ترقی پر نمایاں روشنی پڑتی ہے۔ چنانچہ سنہ ۲۸۰۰ ق۔م کے بعد سنہ ۲۲۰۰ ق۔م کی جو تختیاں ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یہ قوم اعداد و شمار سے تجاوز کر کے مختلف پیمانوں کی بنیادی اکائیوں پر پہنچ چکی تھی۔ چنانچہ مکعب فٹ پانی کے وزن کو وزن کے پیمانہ کی اکائی مانا گیا تھا اور اس اکائی کا نام 'تیلہا' رکھا گیا تھا۔ اس اکائی کے ساٹھویں حصہ کا نام 'مانہ' رکھا گیا۔ زمین کی پیمائش کی اکائی 'شر' اور سیال چیزوں کی پیمائش کی اکائی 'قا' کہلاتی تھی۔ سود کا لین بھی شروع ہو گیا تھا۔ اس کے علاوہ ½ ، ⅓ ، ⅚ وغیرہ تماوی کسور سے بھی واقف ہو چکے تھے۔

سنہ ۲۴۰۰ ق۔م سے تین سو برس بعد جو کتابے ملتے ہیں ان میں ایک کتبہ پر ۱ تا ۶۰ اعداد کے مربع درج ہیں۔ اور دوسرے پر ۱ تا ۳۲ تک کے مکعب کا جدول ہے۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں وہاں ہمورابی نامی ایک فرمانروا حکومت کرتا تھا۔ اسی زمانہ کے ایک اسکول کے کھنڈر بھی ملے ہیں۔ اس اسکول کی دیواروں پر جابجا ایسی تختیاں نصب ہیں جس پر اس وقت کے طلبا اپنے اسباق لکھتے تھے ان تحریروں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ ان طلبار کے اسباق اعداد و شمار کے قاعدے، تجارتی حساب و کتاب اور مساحت کے قاعدوں پر مشتمل تھے۔ مقام نیپور پر جہاں ۵ ہزار تختیوں کا ذخیرہ ملتا ہے ان میں بعض بعض اسطوانہ کی شکل کے ہیں اور ان پر ضرب و تقسیم، مربع اور جذر کے جدول درج ہیں۔ اور اکائی کسور کا جن میں نسب نما ہمیشہ ۶۰ رہتا ہے۔ حساب بھی ملتا ہے۔ سنہ ۱۵۰۰ ق۔م کتبوں سے اس قوم کے علم ہندسہ پر روشنی پڑتی ہے۔ اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت تک اہل بابل مستطیل مربع، مثلث قائمۃ الزاویہ

اور منحرف کے رقبہ نکالنے کے قاعدوں سے واقف ہو چکے تھے۔ سنہ ۲۰۰۰ ق م تک اس قوم کی روزمرہ ضروریات زندگی میں اعداد صحیح، کسر اور لین دین کا حساب عام شکل اختیار کر چکا تھا۔

مصر جس طرح چین دریائے زرد سے، ہندوستان دریائے گنگا سے، عراق دریائے دجلہ و فرات سے سیراب ہوتا ہے۔ اسی طرح مصر دریائے نیل سے فیضیاب ہوتا ہے۔ مصر دریائے نیل کا تحفہ ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ مصر کی قدیم تہذیب اور ریاضیات بھی اسی دریا کی رہین منت ہے۔ چنانچہ دریائے نیل سے بغرض آبپاشی جو نہریں نکالی گئی تھیں ان کی قدامت سے مصریوں کی قدیم مساحت اور علم ہندسہ پر نمایاں روشنی پڑتی ہے۔ علاوہ بریں پانی کے اتار چڑھاؤ کی پیمائش کے لئے جو "نیل پیما" تیار کئے گئے تھے ان سے پتہ چلتا ہے کہ وہ سنہ ۳۰۰۰ ق م سے پیشتر کی صنعت تھی۔ ان نیل پیما سے پجاری اپنے مندروں میں بیٹھکر دریائے نیل کے پانی کے اتار چڑھاؤ کی پیشین گوئی کرتے تھے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے ایک چھوٹی نہر نیل سے مندر کے اندر تک آتی تھی۔ وہاں پانی کی سطح پر عوام کی نظروں سے پوشیدہ ایک "نیل پیما" ڈالدیا جاتا تھا۔ یہ نیل پیما اب بھی مندروں میں اپنی پوشیدہ جگہوں پر ملتے ہیں۔ پانی کے اتار چڑھاؤ کے مطابق اہل مصر نے سال کو تین فصلوں میں تقسیم کیا تھا آبی۔ فصلی اور تخمی۔ اس کے علاوہ سال کو ۳۰ دن کے ۱۲ مہینوں میں بھی تقسیم کیا تھا۔ اس طرح سال کے جملہ ۳۶۰ دن ہوتے تھے۔ اس میں ۵ دن "دعوتی ایام" کے شامل کرکے جملہ سال ۳۶۵ دن کا کر دیا تھا۔ اب بھی تقریباً $\frac{1}{4}$ دن کی غلطی تھی۔ اس طرح ان کے سال موسم کے اعتبار سے آہستہ آہستہ تبدیل ہوتے رہتے تھے اور ۳۶۵ × ۴ = ۱۴۶۰ سال کے بعد پھر اصلی حالت شروع ہوتی تھی۔ مصریوں کی یہ تقویم سنہ ۴۲۴۱ ق م سے شروع ہوتی ہے۔ اس تقویم کو مرتب کرنے کے لئے اس امر کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اعداد و شمار، زاویوں اور وقت کی پیمائش اور ریاضیات کے دیگر شعبوں میں

اہل مصر کا معیار کیا تھا۔ اگر اس معیار پر پہنچنے کے وقت کا اندازہ کیا جائے تو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اہل مصر کی باقاعدہ ریاضیات کی ابتدا پتھر کے وسطی زمانہ تک پہنچتی ہے۔

اہل مصر کی قدیم انجنیری سے ان کی ریاضیات کا بھی سراغ ملتا ہے۔ پتھر کی تراشی ہوئی دنیا میں پہلی عمارت کی تعمیر مصر میں سنہ ۳۰۰۰ ق۔م سے تقریباً ایک صدی پہلے ہوئی۔ سنہ ۳۰۰۰ ق۔م کے بعد انجنیری میں نہایت سرعت سے ترقی ہونے لگی۔ چنانچہ سنہ ۲۸۰۰ ق۔م میں غزہ کے اہرام مصر کی تعمیر جو دنیا کے ہفت عجائب کے نام سے مشہور ہے عمل میں آئی۔ گو اس زمانہ کا کوئی کتبہ نہیں ملتا ہے مگر اہرام مصر کے فن انجنیری کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اہل مصر علمی مساحت اور علم ہندسہ میں بہت کافی ترقی کر چکے تھے۔ چنانچہ ان اہرام کے اضلاع کی پیمائش سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں زیادہ سے زیادہ ۳/۴ انچ کی غلطی ہے۔ یہ کل کے طول کا ۱/۱۴۰۰۰ واں حصہ ہوتا ہے۔ اور اس کے زاویوں میں ۱/۲۰۰ درجہ کی غلطی ہوتی ہے جو قائمہ کا ۱/۱۸۰۰۰ واں حصہ ہے۔ ان اہرام کی ساخت کے متعلق ایک نظریہ یہ تھا کہ چار مثلثات مساوی الاضلاع ایک دوسرے سے متحدہ تعمیر کئے گئے ہیں لیکن یہ نظریہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ قاعدہ کا طول مائل اضلاع معتد بہ بڑا ہے۔ ایک دوسرا نظریہ یہ ہے کہ اہرام کے طول اور اس کی بلندی میں ایک خاص نسبت رکھی گئی ہے جو اضلاع کے دو چند طول کو بلندی سے تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اور یہ وہی نسبت ہے جو دائرہ کے محیط کو اس کے قطر سے تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اگر یہ نظریہ صحیح ہے تو اہل مصر محیط کی علامت π اس کی قیمت اور مفہوم سے واقف ہو چکے ہوں گے۔ قدیم مصری عمارتوں کی دیواروں پر جو نقش و نگار ہیں ان میں ایک دیوار پر ایک دفتر کی کیفیت ظاہر کی گئی ہے۔ اس دیوار پر اہلکاران دفتر نیم برہنہ کسانوں سے ٹیکس وصول کر رہے اور وصول یابی کی رسیدیں مرتب کرتے ہوئے دکھائے گئے ہیں۔ اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ اہل مصر اس وقت تک اپنے حساب

و کتاب میں اس درجہ پر آ چکے تھے کہ وہ اپنے میں کھاتہ، بل اور ٹیکس کی فہرست وغیرہ مرتب کرنے کی اہلیت رکھتے تھے۔

احمیز تقریباً سنہ ۱۵۵۰ ق م میں مصر میں احمیز نامی ایک شخص گذرا ہے جس نے ریاضیات پر ایک کتاب لکھی ہے۔ اس کتاب کے طرز بیان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی قدیم کتاب کا ترجمہ ہے جو سنہ ۳۴۰۰ ق م میں تصنیف ہوئی مثال کے طور پر احمیز لکھتا ہے "یہ کتاب چہارم ماہ سوری تینتیسویں سال میں شاہ رؤس کے سرپرستی میں ایک قدیم تصنیف کے نمونہ پر جو شاہ ایٹ (خیال ہے کہ مخفف ہے نام اینمہ ایٹ کا جو سنہ ۱۸۵۰ ق م میں گذرا ہے) کے زمانہ میں مرتب ہوا تھا لکھی گئی ہے۔ یہ قلمی نسخہ جو ایک قدیم ساخت کے کاغذ پہ ہے مسٹر اے۔ ہنری رائینڈ نے انیسویں صدی میں مصر سے خرید کیا اور اب برطانیہ کے عجائب خانہ میں ہے۔ یہ نسخہ ایک نوٹ بک کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کا عنوان "ہدایات برائے حصول پوشیدہ علوم" ہے۔ اور اس میں اختصار کے ساتھ مساوات مفرد، اکائی کی کسرات، ہارمونک و جیومیٹرک سیریز، ابتدائی علم ہندسہ، مساحت پر بحث کی گئی ہے۔

یہ عجیب بات ہے کہ احمیز کے نسخہ میں اعداد صحیح کا ذکر بالکل نہیں ہے اور کسور کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ احمیز اکائی کی کسرات پر اکتفا کرتا ہے۔ کسرات لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ وہ نسب نما لکھ کر اوپر ایک نقطہ یا رو نام کی علامت بنا دیتا ہے۔ مثلاً احمیز $\frac{1}{42}$ = "۔" یوں لکھتا ہے جس میں نقطہ مساوی ایک و بٹا کی علامت کی بجائے ہے اور "ـــ" = ۴۲ کے ہے۔ اور ایسے کسور جن کو اکائی کے طریقہ پر نہیں لکھا جا سکتا ہے اُن کو وہ اجزا میں تحلیل کر کے مجموعہ کے طریق پر لکھتا ہے مثلاً $\frac{2}{9} = \frac{1}{6} + \frac{1}{18}$ ‏ $\frac{2}{3}$ کے لئے وہ ایک خاص قسم کی علامت ☆ لکھتا تھا۔ کسی کسر کو اُس کی اکائیوں کی کسروں میں تحلیل کرنے کے لئے احمیز نے ایک جدول دے رکھا تھا۔ جس میں تمام کسرات جو $\frac{2}{2ن+1}$ (ن = ہندسے

۱ تا ۴۹) کی شکل کی ہوتی ہیں اکائی کی کسور میں تحلیل کی جا سکتی تھیں۔ مثلاً وہ اس جدول کی مدد سے $\frac{2}{43} = \frac{1}{42} + \frac{1}{86} + \frac{1}{129} + \frac{1}{301}$ کے لکھتا ہے۔ اگرچہ $\frac{2}{43}$ اور بھی مختلف صورتوں میں تحلیل ہو سکتا ہے۔ مثلاً

$$\frac{2}{43} = \frac{1}{43} + \frac{1}{42} = \frac{1}{30} + \frac{1}{86} + \frac{1}{645} = \frac{1}{24} + \frac{1}{258} + \frac{1}{1032} = \frac{1}{24} + \frac{1}{860} + \frac{1}{1290}$$

وغیرہ یہ امر ہماری سمجھ سے باہر ہے کہ احمیز نے $\frac{2}{43}$ کو صرف ایک ہی طریقہ پر کیوں اور کیسے تحلیل کیا؟ وہ کسرات کی ضرب کا بھی ایک مخصوص طریقہ بیان کرتا ہے۔ مثلاً $\frac{2}{3} \times \frac{1}{5}$ کو وہ یوں بتاتا ہے۔ "اگر تم سے کوئی یہ سوال کرے کہ $\frac{2}{3}$ کا $\frac{1}{5}$ کتنا ہوتا ہے تو اسی کا دوچند اور اسی کا چھ گنا لو یعنی اس کا $\frac{1}{4}$۔ دوسری کسرات کے ضرب کا بھی یہی طریقہ ہے"

چونکہ $\frac{2}{3} = \frac{1}{2} + \frac{1}{6}$ ہے احمیز کا مطلب یہ ہے $\frac{2}{3} \times \frac{1}{5} = \frac{1}{5\times 2} + \frac{1}{5\times 6}$۔ احمیز کے نسخہ میں اس طرح مخلوط کسروں کی ضرب کی سترہ مثالیں ہیں۔

احمیز کے نسخہ میں الجبرے کے ۱۱ مسائل ہیں جو سادہ مساوات کی شکل میں تحویل ہو جاتے ہیں اور اُن کا طرز لا + $\frac{1}{7}$ لا = ۱۹ کی شکل کا ہے۔ وہ نامعلوم عدد کو ہاؤ کہتا ہے۔ ایک مسئلہ الجبری طریق پر یوں لکھتا ہے۔ "ہاؤ (ڈھیر) اُس کا $\frac{2}{3}$، اُس کا $\frac{1}{2}$، اُس کا $\frac{1}{7}$، اُس کا کل = ۳۳" موجودہ علامات میں یہ یوں لکھا جاتا ہے $\frac{2}{3}$ لا + $\frac{\text{لا}}{2}$ + $\frac{\text{لا}}{7}$ + لا = ۳۳۔ احمیز اس کا حل بھی اپنے مخصوص قدیم طرز پر یوں دیتا ہے۔

" ۱ . $\frac{2}{3}$. $\frac{1}{2}$. $\frac{1}{7}$ ہاؤ = ۳۳

تب ۱ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{2}$ $\frac{1}{7}$ جیساکہ اوپر بتایا گیا ہے ضرب دیا جاتا ہے تاکہ ۳۳ ہو جائے۔ اس طرح پر ڈھیر مساوی ہوتا ہے ۱۴ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{97}$ $\frac{1}{56}$ $\frac{1}{679}$ $\frac{1}{776}$ $\frac{1}{194}$ $\frac{1}{388}$۔ اس طرح الجبری مساوات کا حل ۱۴ $\frac{28}{97}$ حاصل ہوتا ہے جو کہ اکائی کی کسروں میں احمیز نے ظاہر کیا۔ جمع۔ تفریق اور مساوات کے لئے علامات استعمال ہوتی تھیں، ذیل میں احمیز کی ایک مساوات کا

نمونہ نقل کیا جاتا ہے ۔



یہاں ◯ = ۲/۳ ، ⊂ = ۱/۲ دیگر اکائی کسرات اعداد لکھکر ⬭ رو کی علامت اوپر درج کر دیتے ہیں۔ احمیز کے اس نسخہ میں حسابی اور ہندسی تسلسلات کی بھی مثالیں ہیں۔ مثلاً احمیز ایک سوال اس طرز کا دیتا ہے۔ ۱۰۰ روٹیوں کو ۵ آدمیوں میں اس طرح تقسیم کرو کہ ۱/۷ اس حصہ کا جو اولیں ۳ آدمیوں کے حصہ میں آوے آخری دو آدمیوں کے حصوں کے مساوی ہو۔ دونوں کا فرق کیا ہے؟ احمیز اس حل کو یوں بیان کرتا ہے۔

" فرق ۵ ۱/۲ بناؤ ۲۳ ۱۷ ۱/۲ ۱۲ ۶ ۱/۲ ۱
پھر ۱ ۲/۳ پر ضرب کرنے سے ۳۸ ۱/۲ ۲۹ ۱/۲ ۲۰ ۱۰ ۲/۳ ۱/۶
اور ۱ ۲/۳ "

احمیز کا یہ حل بالکل قیاسی معلوم ہوتا ہے ۔

فی زمانہ حسابی تسلسل سے یہ سوال یوں حل ہوتا ہے ۔

ن یا جملہ اعداد = ۵ مجموعہ = ۱۰۰ اور (ا+۴د) + (ا+۳د) + (ا+۲د)
= (ا+د) + ا

لہٰذا ۱۰۰ = مجموعہ = (۲ا+۴د)/۲ × ۵ = ۶۰ ا

لہٰذا ا یا پہلا حصہ = ۱ ۲/۳ اور د یا فرق = ۹ ۱/۶

لہٰذا سلسلہ = ۱ ۲/۳ ، ۱۰ ۵/۶ ، ۲۰ ، ۲۹ ۱/۶ اور ۳۸ ۱/۳

دوسرا مسئلہ جو فی زمانہ یوں بیان کیا جا سکتا ہے یہ تھا۔ دس اناج کے تھیلے دس آدمیوں میں اس طرح تقسیم کرنا ہیں کہ ہر شخص ماقبل سے ۱/۸ کم پائے ۔

اس کا جواب $1\frac{9}{16}$ ، $1\frac{7}{16}$ ، $1\frac{5}{16}$ .. . $\frac{9}{16}$ اور $\frac{7}{16}$ ہے احمیز نے اپنے قیاسی حل کے ذریعہ اکائی کسور میں یہی جواب دیا ہے۔

ہندسی سلسلہ کا سوال بھی دلچسپ ہے۔ جو ہماری زبان میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے۔

ایک خاندان ۷ افراد پر مشتمل ہے۔ ہر شخص کے پاس ۷ بلیاں ہیں۔ ہر بلی ۷ چوہے کھاتی ہے ہر چوہا جو کی ۷ بالیوں کو کھا کر چھلکوں میں تبدیل کرتا ہے۔ اور ہر بالی کی بھوسی کے واسطے ۷ پیمانوں کی ضرورت ہے۔ اشیاء کی جملہ تعداد بتاؤ۔ احمیز اس حل کو یوں لکھتا ہے۔

خاندان ۷
بلیاں ۴۹
چوہے ۳۴۳
بالیاں ۲۳۰۱
تھیلیاں ۱۶۱۰۷
جملہ ۱۸۸۰۷

احمیز کے الجبرے سے پتہ چلتا ہے کہ ابتداء میں حساب اور الجبرا ایک دوسرے سے وابستہ تھا۔ فی زمانہ ہم اپنی تعلیم میں ہر دو مضامین میں کوئی ربط نہیں رکھتے ہیں۔ اور الجبرا حساب سے علیحدہ کر کے ایسے پڑھایا جاتا ہے۔ گویا یہ کوئی رموز اور علامات کا علم ہی علیحدہ ہے۔ یہ طریقہ اصولاً غلط ہے بنی نوع انسان کے قدرتی طریقہ کے مطابق الجبرے کا اختراع حساب سے ہونا چاہیئے۔

تدریس تاریخ ہند

از

مولوی سعید الدین خاں صاحب بی۔اے۔ ڈپٹ ہیڈ۔ ہندوستانی شاہ عالم بلڈنگ

قطع نظر ان مطامح اور طریقہ ہائے تدریس تاریخ کے عام مسائل کے۔ مدرسین تاریخ ہند کی ہندوستانی مدارس میں چند خاص ذمہ داریاں ہوتی ہیں جن سے بحث کرنا اس مضمون کا مقصد ہے۔ ہم نے یہ اکثر کہتے ہوئے سنا ہے کہ تاریخ ہند جس طرح کہ اس کو نصابی کتب میں پیش کیا گیا ہے۔ اس پر نہ تو "ہندوستانی" ہی کا اطلاق ہوتا ہے اور نہ "تاریخ" کا تاریخ ہند میں جو بھی نمایاں اور زندہ جاوید واقعات ہیں ان کی مکمل اور صحیح تفصیل ایک ہندوستانی کے زبانی ہندوستان کے لئے ہونی چاہیئے۔ اس خالص سودیشی پن کو سراہتے وقت ہمیں قومیت کی ان عجیب وغریب چالاکیوں سے جو واقعات تاریخ پر اثر انداز ہوتی ہیں خبردار رہنا پڑتا ہے اور مدرس تاریخ ہند کو اس معاملہ میں بہت احتیاط برتنی پڑتی ہے کہ مبادا وہ کسی ہندوستانی چیز کی تعریف محض اس لئے کرے کہ وہ غیر ہندوستانی نہیں ہے اس کو اگر ایک طرف برسوں کی خاطر جمعی یا جمود کو دور کرنا اور اپنے طلبا میں حقیقت اور ضرورت کے احساس کو اجاگر کرنا پڑتا ہے تو دوسری طرف محض قدامت یا پس ماندگی کی تحسین سے انہیں باز رکھنے کی تمام تر ذمہ داری بھی اسی پر عاید ہوتی ہے۔

مدرس تاریخ کا اگرچہ یہ بھی فرض ہے کہ آجکل تعمیر و ترقی کے دیگر جدید وسائل کو نظر انداز کر کے محض سیاسی پہلو پر جو نامناسب زور دیا جا رہا ہے اس کی اصلاح کرے لیکن اسا طالب علم جس کو تاریخ ساز ہستیوں یعنی بادشاہ، سپاہی اور سیاست داں کی قدر و منزلت کرنی سکھلائی گئی ہے یقیناً قابل معافی ہے اگر زمانہ مابعد میں وہ بیاس کو شاعر،

مسور اور پیغمبر پر ترجیح دے کر اس کی پرستش کرنے لگے۔ جے۔ بی۔ ایس۔ ہالڈین کہتا ہے "مورخین نے شاید ہی کبھی اس کا یقین کیا ہو کہ انسان کے ہاتھ بہ نسبت اس کے منھ کے زیادہ فطری اور اہم ہیں" "ہم کو چاہیئے کہ تاریخ کو محض نام اور تواریخ کی فہرست بنا کر اس کو ذلیل نہ کردیں نیز ایسے معلومات کے فراہم کرنے سے احتراز کریں جن سے بقول۔ ایل۔ پی۔ جیاکس "طلبا کوئی فائدہ جو سماجی طرز پر قابل قدر اور ذاتی طور پر قابل حظ ہو نہیں اٹھا سکتے اور جن کو وہ آخر میں فراموش کرجاتے اور شاید ان سے نفرت بھی کرنے لگتے ہیں"

مسائل پیش کشی

ایس طالب علم کو اگر کچھ حاصل کرنا ہی ہے تو وہ غیر متعلق واقعات کا اپنے دماغوں میں ٹھونسنا نہیں ہے بلکہ ہندوستان کے مختلف قابل قدر زمانوں کی واضح تصاویر کے ایک سلسلہ کا اکتساب کرنا اور اس کا ایقان کرنا ہے "امن وصلح کی کامرانیاں جنگ سے کچھ کم شاندار نہیں ہوتیں" اور یہ کہ فیصلہ کا صحیح معیار اور قدر وقیمت کا حقیقی احساس ہی مطالعہ تاریخ کا اہم نتیجہ ہیں۔ اس سلسلہ میں تدریس تاریخ ہند کی ایک اہم مشکل کا بیان بھی ضروری ہے یعنی جب تاریخ ہند کے ایسے واقعات وادوار کا سبق ہو، جن سے قومی نفرت کی آگ جس کو بجھے ہوئے مدت ہو چکی ہے، دوبارہ بھڑک جانے کا اندیشہ ہو تو استاد کو چاہیئے کہ حتی الامکان وہ سائنٹفک طریقہ استعمال کرے یعنی اس کشیدگی کو تصوریت کا درجہ دے دے اور انسانیاتی Humanistic طریقہ سے (یعنی قوتوں کو جیتا جاگتا بنانے سے) گریز کرے۔

تدریس تاریخ ہند میں جو دوسری چیز ممد ہو سکتی ہے حتیٰ کہ مدارس ثانویہ میں بھی وہ طلبا کو ماخذ تاریخ کی کسی ایک قسم یا قسموں سے روشناس کرانا ہے۔ اس سے یقیناً ان میں تمام انسانی چیزوں سے متعلق ایک خاص تجسس کا مادہ پیدا ہوگا اور مابعد کی زندگی میں غیر اہم چیزوں سے تاریخی نتائج کے اخذ کرنے کی عادت ترقی پائے گی۔ نیز طلبا کو مورخ کے مشکل کام کی قدر اور اس کا احساس کرانے کے لیے کہ اس کو مختلف مقامات سے کس طرح واقعات کو جمع کرکے ترتیب دینا پڑتا ہے چند کتبات کو جماعت میں پڑھا جا ہے، چند مسی لوحیں اور سکے دیکھنے کے لئے دئیے جا سکتے ہیں اور قدیم تاریخی مقامات

معائنہ کے لیے تعلیمی تفریح کا انتظام کیا جا سکتا ہے اس سے ہوگا یہ کہ وہ مورخ کے اکثر مذبذب نتائج سے ہمدردی ظاہر کریں گے اور ناکافی شہادت پر فوری نتائج کے اخذ کرنے سے گریز کریں گے اور ان تمام ثنا بانہ تعبیرات پر مستفسرانہ نظر ڈالیں گے۔

تاریخ ہند کے یوں تو بہت پیچیدہ مسائل ہیں لیکن یہ ایک بڑا ٹیڑھا مسئلہ ہے کہ تاریخ کس قدر سکھلائی جائے اور موجودہ نسل کو شاہراہ ترقی پر لگانے کے لئے اس امتزاج میں سے کتنا حصہ انتخاب کیا جائے؟ اگر یہ ناممکن ہے کہ ہم اپنے طلبا کو آٹھ ہزار برس کی بوقلموں تاریخ کی کامل وسعت اور سرزمین کی ہر ایک تفصیل سے واقف کرا سکیں تو آخر ہمیں پھر کس چیز کی اہمیت جتلانی چاہیے جبکہ انتخاب کے اصول بھی سال بہ سال بدلتے جاتے ہیں؟ چنانچہ مارک پیاٹسن رقمطراز ہے" یہ اس لئے نہیں ہے کہ نئے واقعات کا مسلسل اجتماع ہو رہا ہے اور نہ اس لیے ہے کہ تنقید سخت ہوتی چلی جا رہی ہے۔ اور نہ اس لیے کہ طرز نگارش بدلتی جا رہی ہے بلکہ اس لیے کہ خیالات بدلتے جاتے ہیں اور مختلف چیزوں کو ہر زمانہ میں دیکھنے کا معیار بدلتا جاتا ہے۔ لہذا ہر نسل کو اس بات کی ضرورت ہے کہ واقعات کو اپنے سانچے میں دوبارہ ڈھالے اور اپنے نقطہ نظر سے اپنے آباؤ اجداد کی تاریخ دوبارہ لکھوائے"۔ ایف۔ جے۔ برینڈلے کہتا ہے" ماضی حال سے مختلف ہوتا ہے اور اس کے سوا چارہ بھی نہیں ہے کیونکہ ہمیشہ وہ حال ہی ہوتا ہے جس پر کہ ماضی کا انحصار ہوتا ہے" اس نقطہ نظر سے یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ تاریخ ہند کے وہ کون سے ابواب ہیں جن کو ثانوی مدارس کے نصاب میں جگہ ملنی چاہیے؟"

مختصراً دو چیزیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ پہلے تو ماضی کے وہ تمام عناصر ہیں جو موجودہ سماجی، سیاسی ہندوستان کی مختلف ثقافت (کلچر) کی بنیادیں ہیں اور جنہیں ہم فراموش نہیں کر سکتے۔ مثلاً طریقہ خاندان مشترکہ، فرقہ بندی۔ دیہی جماعت، تحریک بھکتی وغیرہ [illegible] حقیقی معنوں میں آجکل موجود ہیں، اور بقول [illegible] ہمارے ماضی [illegible] تشکیل کرتے ہیں۔ دوسرے ہمارے ملک کی [illegible] تاریخ کے [illegible] [illegible] ہے جو موجودہ دور تشکیل قومیت کے مشابہ ہیں، ہمارے کام کو

ترغیبی اور الہامی قوت عطا کر سکتے ہیں مثلاً ماضی کی عظیم کلچرل اٹھان، ہندوستان کے ثقافت کی دوسرے ممالک میں اشاعت، عہد مہاتما بدھ، شنکرا، رامانوجا، انڈو مسلم کلچر اور سلطنت وجیانگر، مرہٹے اور سکھوں کی ترقی۔

کروس کے قول کے مطابق "چونکہ تاریخ کا آخری مقصد ہم کیا ہیں اور ہمارا موقف کیا ہے اس کے متعلق ایک بیان دینا ہے" اس لیے تاریخ ہند کے حق میں اساتذہ کو دوسرے دو معاملات کی نسبت توجہ کرنی چاہیے۔ میازین کہتا ہے "ہر قوم اپنی ایک مخصوص اعانت کے ذریعہ دنیا کی ترقی میں حصہ لیتی ہے"۔ ڈی۔ ڈی گیس کا خیال ہے جس طرح موسیقی میں اس کے لوازمات (Obligations) یعنی آواز کی تھرتھراہٹ ترنم، ہم آہنگی، آرائش و زیبائش سے چار چاند لگ جاتے ہیں اور سُر کے مرکزی مقصد میں بگاڑ نہیں ہوتا یہی حال قوم کی تاریخ کا ہے" شائد تاریخ ہند کی اصلی غایت مثل ہندی فلسفہ، حسن کاری، سیاسیات اور معاشیات کے سماتیا، یوگا، ترکیب اور اتحاد رہا ہے اس لیے ویدانت کے تصور الوہیت میں (جس کو مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا ہے) نیز قومی شعور میں ہم اسی کو سرایت کیا ہوا پاتے ہیں۔ بہرحال تاریخ ہند کے ہر باب کے ذریعہ ہم اسی مقصد کو تکمیل کی کوشش میں مصروف معلوم کر سکتے ہیں تاریخ کے پریشان کن استعدادات کے درمیان اس کا دریافت کرنا گوامر دشوار ہے لیکن یقیناً یہ ماہرین تعلیم کے حیطۂ اختیار سے باہر نہیں ہو سکتا کہ وہ اسباق کی ایک ایسی اسکیم تیار کریں جس کی مدد سے ہر اس طالب علم کو جو ثانوی مدرسہ کو چھوڑتا ہے، ہندوستان کی اس مادی قسمت کا شعور جو قرنوں سے چلی آرہی ہے دلایا جا سکے۔ ہندوستان میں ویدانتی تمدن کی اشاعت، بدھ مت، جین مت اور مختلف فلسفیانہ مذاہب کا عروج سلطنت موریا و گپتا کا عہد زرین، انڈو مسلم کلچر، مسلمانوں کی حکومت پر ہندی ردعمل، ہندوستان کا سیاسی اتحاد اور موجودہ نشاۃ جدیدہ کا علم، ہر ہندوستانی کے دماغ میں یہ ذہن نشین کرنے کے لیے کافی ہونا چاہیے کہ عزت و ایمان اس کو ملک کی خدمت میں ثابت قدم رکھیں گے۔

انتباہ

تاریخ ہند کے اساتذہ کی ایک خاص ذمہ داری یہ ہوتی ہے کہ وہ یہ دیکھیں کہ آیا حب الوطنی جس کی کہ انہوں نے پرداخت کی وہ دیوانہ پن میں تنزل تو نہیں کر رہی ہے لہذا ہر قدم پر احتیاط برتنی چاہیئے کہ افق نظر ہمالیہ اور کالے پانی سے پرے وسیع تر ہوتا چلا جائے۔ سندھی تمدن کے زمانہ سے ہندوستان دنیا سے متصادم ہو رہا ہے اور دنیا ہندوستان سے۔ قوموں کی بڑی تحریکات اور زمانہ ماقبل تاریخ میں ثقافتوں کی منتقلی، چین و جاپان اور بحری دنیا (Oceanic World) سے مشرق میں اتصال اور ایرانی، یونانی اور رومنی دنیا سے مغرب میں اتصال، اسلام کا عروج یوروپین رقابتوں کا گرداب (جن میں کہ ہندوستان پھنس گیا) اور موجودہ برطانوی دولت عامہ اور دنیا میں اس کا عجیب و غریب موقف —— ان تمام چیزوں کو اس اسکیم میں شامل ہونا چاہیئے جن کی مدد سے ہم ہونے۔ اے رانے د ہندؤں کی تربیت کی امید کر سکتے ہیں۔ ہر جماعت میں دنیا کا ایک بڑا نقشہ آویزاں ہونا چاہیئے تاکہ طلبا کے دلوں میں دنیا کا درد پیدا ہو جائے اور وہ قومیت کو پھیلنے والی تقاریر سے جو سر راہ ادھر ادھر ہوتی رہتی ہیں احتراز کرنے لگیں۔

خوش قسمتی سے ہندوستانی طلبا میں دنیوی لحاظ کا پیدا کرنا اور ترقی دینا مشکل امر نہیں ہے کیونکہ یہ ہندوستانی کلچرل وقوف کی بنیاد ہے۔ ہندوستان نے ہمیشہ سے اپنے خزانے کے منہ اپنے ہمسایوں کے لیے کھول رکھے ہیں لیکن شائد ہی کبھی اس نے اپنے دندان آز دوسروں پر تیز کیے ہوں۔ اسٹرابو کا کہنا ہے کہ یہ روک تھام —— الفاظ پر غور کیجیے —— "احساس نصفت پسندی" کا سبب تھی۔ حال ہی میں اس خیال نے بہت اہمیت حاصل کر لی ہے کہ ہندوستان کی قسمت میں دنیا کا قائد بننا ہے اور مغرب کی فریب خوردہ قومیں ایک روز راز قناعت معلوم کرنے کے لیے اس کے آگے سر بجبیں ہونگی۔ لیکن اس راہ قیادت میں کم از کم ہندوستان کے دو بڑے رقیب چین اور روس ہیں۔ چنانچہ شاہزادہ رڈووسکی کی حسب ذیل تقریر سے جو جنگ سے پہلے کی ہے اور جو اس نے ہندوستان میں پبلک موقع پر کی تھی اس پر روشنی پڑتی ہے "مغربی یورپ

ایک عجیب اور اداس منظر پیش کر رہا ہے۔ رائے رائے سے، قوت قوت سے، حکومت حکومت سے بر سر پیکار ہے۔ سائنس، آرٹ اور مذہب، سماجی زندگی کے تین بڑے محرکوں نے اپنی قوت زائل کر دی ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے اور یہ چند سال میں خود بخود ظاہر ہو جائے گا کہ مغربی یورپ تباہی کے راستہ پر گامزن ہے۔ برخلاف اس کے ہم روسی تر و تازہ اور نوجوان ہیں اور یورپ کے جرائم میں ہمارا کوئی حصہ نہیں ہے۔ ہمیں ایک بہت بڑے مقصد زندگی کو پورا کرنا ہے۔ ہمارا نام ابھی سے فتح کی لوح پر کندہ ہے، سائنس آرٹ اور مذہب کی کامگاریاں متزلزل یورپ کے کھنڈرات پر ہمارا انتظار کر رہی ہیں" اس قسم کے جذبات بعض مرتبہ جماعت میں بھی جبکہ تاریخ ہند کا سبق ہو رہا ہو منظر عام پر آجاتے ہیں اور شائد یہ لاعلاج بھی ہے۔ لیکن استاد کو اس قسم کے خیالات سے تعمیری کام لینا چاہیے۔ ہندوستان کو آج جس چیز کی ضرورت ہے وہ مطابقت و مناسبت ہے استاد کو اس لیے اس قسم کی تمام گزشتہ صدیوں کی تہذیب کے تصادم کے مواقع پر زور دینا اور بتلانا چاہیے کہ ہندوستان نے ان حالات کا کس صورت میں جواب دیا ہے اس کو اپنے طلبا کو اس بات کا یقین دلانا چاہیے کہ ہندوستان کے "آنے والے استحقاق" کا مطلب مطامح کے مطابق زندگی بسر کرنے کی مزید ذمہ داری ہے نیز ان میں اس بات کا احساس پیدا کرانا چاہیے کہ ان کی دیانت دارانہ اور جان بخش خدمات کے ذریعہ ہندوستان کو سرسبز اور آسودہ بنانا چاہیے تاکہ دنیا کی خوش حالی اور اقبال مندی کا اطمینان حاصل ہو سکے۔

پس اگر دیکھا جائے تو قطع نظر مدرسہ کے دوسرے اساتذہ کے مدرس تاریخ ہند ہی کے کندھوں پر قومی تعمیر کی رہبری و تشکیل کا بوجھ ہے اس لیئے نہ صرف نئی ہندوستانی تاریخ کے نصاب کی تیاری کا کام موجودہ قومی ضروریات کی روشنی میں بہت زیادہ غور و فکر کا محتاج ہے بلکہ اس کے طریقہائے تدریس میں بھی فوری تبدیلیاں ہونی چاہئیں تاکہ ایک طرف ہندوستانی مدارس کو تاریخ کے مطامح اور ہندوستان کے بہترین قائدین کی سطح پر لایا جا سکے تو دوسری طرف طلبا کو روح آزادی سے روشناس کرایا جائے۔

(ماخوذ) زندگی از طوف دیگر زستن است   خویش را بیت الحرم دانستن است! (اقبال)

طلبہ کے لمحاتِ فرصت

از

مولوی سید غلام محمود صاحب اول مددگار مدرسہ وسطانیۂ اردو شریف

جس طرح کسی شخص کے اخلاق کی صحیح جانچ کرنے کے لیئے اس کے اوقاتِ کار کے ساتھ اوقات فرصت کے مشاغل کا جاننا بھی نہایت اہم و ناگزیر ہوتا ہے اور جس کے بغیر کوئی رائے صائب و مستند نہیں ہوسکتی بالکل اسی طرح دنیا کا کوئی نصاب تعلیم بھی اصل مقصد کے حصول کا ضامن نہیں ہوسکتا جس میں طلبہ کے اوقات کار کا نظام تو مکمل ہو مگر اوقات فرصت نظرانداز کردئے جائیں۔ اس طریقۂ عمل کی تمثیل بعینہٖ ایسی ہے کہ کسی مریض کو بہتر سے بہتر دوا تو کھلائی جائے مگر پرہیز نہ کرایا جائے۔ ظاہر ہے کہ دوا اکسیر و نافع ہونے کے باوجود صلاح نہ شد بلا شد کا مصداق ہوجائے گی اور ہونا بھی چاہیئے کیونکہ جب کسی مسئلہ کے دو جزو ہوں اور ان میں سے ایک تو ملحوظ رہے اور دوسرا نظرانداز ہوجائے تو امکانی کوشش کے باوجود بھی کوئی صحیح حل ہرگز برآمد نہیں ہوسکتا بہ الفاظ دیگر اگر کوئی شخص تصویر کا ایک ہی رخ دیکھے اور اس کے بعد اپنی رائے کا اظہار کرکے یہ سمجھ لے کہ وہ بے کم و کاست حقیقت حال پر مبنی ہے تو وہ بجائے خود اس قدر غلط ہوگا کہ عمر بھر تلاش کرنے پر بھی حقیقت کا ایقان تو کیا گمان تک نہ ہوسکیگا۔

نصاب تعلیم کی اس ناقابل نظرانداز خامی کے بعد خود اساتذہ کی اس مسئلہ سے بے تعلقی مزید برآن ستم شعاری ہے چنانچہ اگر کسی استاد سے کہا جائے کہ طلبہ کے اوقات فرصت کی ذمہ داری بھی آپ ہی پر ہے تو اس کو اپنی ساری عمر کا یہ پہلا موقع ہوگا اور اکثریت اسی غلط ذہنیت کا شکار نظر آئے گی اور معدودے چند افراد جو اس کو اپنے فرائض کا اہم ترین جز خیال کرتے ہیں ان کا عدم وجود اس لئے برابر ہے

کہ جس فرض کو سب اکٹھے ہو کر بھی کما حقہ نہ ادا کر سکتے ہوں وہ معدودے چند افراد سے کیونکر بدرجہ اتم پورا ہو سکتا ہے۔

متذکرہ نصاب تعلیم ادیب، شاعر، مورخ، منشی، اہلکار، سائنس و ریاضی داں تو یقیناً پیدا کر سکتا ہے لیکن اچھے شہری کے پیدا کرنے کی اس سے توقع کرنی ایسی ہے جیسی کاغذی ابری سے بارش کی امید جو کبھی پوری ہوئی ہے اور نہ ہوگی اور ہو بھی کیونکر سکتی ہے کہ جس کی ضمیر ہی میں جو چیز موجود نہ ہو اس کا ظہور کسی رنگ میں بھی ممکن نہیں ہوتا ہے

ہر آنکہ تخم بدی کشت و چشم نیکی داشت   دماغ بے ہودہ پخت و خیال باطل بست

کسی قوم اور کسی ملک کو ایک اچھے شہری سے بڑھ کر کسی دوسری نادر الوجود ہستی کی احتیاج حقیقتاً نہیں ہو سکتی۔ تاریخ شاہد حال ہے کہ مادر گیتی نے ہمیشہ اچھے شہری پر نسبتاً زیادہ فخر ومباہات کیا ہے اور کرے گی۔ یہ ممکن ہے کہ ایک اچھا شہری نصاب تعلیم کی ساری برکتوں سے مالا مال اور تمام بذل وعطا کا حامل ہو لیکن اس امر کا بعید ترین امکان تک نہیں ہو سکتا کہ کوئی نصاب تعلیم کا ہمہ داں فیض یاب لازماً اچھا شہری بھی ہو سکے گا اگر کسی کو نصاب تعلیم کی بدولت سب کچھ حاصل ہو جائے مگر اچھا شہری بننا نصیب نہ ہو سکے تو اس کی مثال ایسی ہے کہ ساری عمر تو یکے بعد دیگرے حج کرنے میں بسر ہوئی پھر بھی سعادت مند نہ ہوئے اور وہی پاپی کے پاپی رہے۔

یہ کہنا نہ تو حقیقت کے خلاف ہے اور نہ مبالغہ کہ طلبہ کے اوقات فرصت کے مشاغل سے کما حقہ واقفیت رکھنے والے مدرسین کی تعداد اتنی قلیل تر ہے کہ اگر انگلیوں پر بھی گنی جا سکے تو بسا غنیمت سمجھنا چاہیے اس ترک فرض اور عدم دلچسپی کے اسباب یوں تو متعدد ہیں مگر اشد و اہم یہ ہیں کہ اساتذہ اپنے فرائض کا تعلق دس بجے سے چار بجے تک سمجھے ہوئے ہیں۔ اور یہ ذہنیت اتنی عام ہے کہ اس کے برعکس عمل کرنے والوں کے افعال اُن پر کسی طرح اثر انداز نہیں ہو سکتے چنانچہ جن ثانوی مدارس میں چار بجے کے بعد اساتذہ اور طلبہ کے اشتراک عمل کے چند عام مشغلے دکھائی دیتے

ہیں ان کی کھلی حقیقت یہ ہے کہ فی صد صرف چند طلبہ اور دو چار مدرسین عموماً حصہ لیا کرتے ہیں جو کچھ نہ ہونے سے تو بدرجہا بہتر ہے مگر دریا میں قطروں کا تناسب جس قدر حقیر اور ان کا اثر جیسا کچھ بے نتیجہ ہوتا ہے وہ ظاہر ہے۔ یہ معدودے چند طلبہ اور اساتذہ جو حصہ لیا کرتے ہیں وہ محض ان کے ذاتی شوق اور لگاؤ کا تقاضہ ہوتا ہے ورنہ یہ خصوصیت مبدل بہ عمومیت لازماً ہوتی۔ اس ضمن میں یہ واقعہ بھی کچھ کم غور و فکر کا محتاج نہیں ہے کہ جو مدرسین ان مشغلوں سے کنارہ کش ہیں ان کا تو ذکر ہی عبث ہے خود ان میں سرگرم حصہ لینے والوں کی ذہنیت کا یہ حال ہے کہ ہوم ورک میں کوتاہی یا تدریس میں غفلت کرنے والے طلبہ کو طعنہ دیا کرتے ہیں کہ تم کو کھیل کے مشغلوں میں جو انہاک اور دلچسپی ہے اس کا عشر عشیر بھی تعلیم میں ہوتا تو نہیں معلوم کہ اب تک کیا سے کیا ہو گئے ہوتے۔ بعض تو اسی پر اکتفا نہ کر کے دست درازی بھی کر بیٹھتے ہیں۔ اس ذکر خیر سے یہ مقصود ہے کہ جو اساتذہ طلبہ کے اوقات فرصت کو دلچسپ و فائدہ مند بنانے میں عملاً شریک ہیں خود ان کا طرز عمل ایسا ہے کہ جس سے اوقات فرصت کی قدر و قیمت و اہمیت گھٹ جاتی ہے اور اس سے صاف طور پر یہ مترشح ہوتا ہے کہ میدانی مشغلوں میں اساتذہ کی شرکت اوقات فرصت کی نگرانی وغیرہ سے زیادہ کہیں اپنے شوق کو پورا کرنے کے لئے ہوا کرتی ہے۔

اگرچہ اضلاع و تعلقات کے تمدنی و معاشرتی حالات اس قدر بدل گئے ہیں کہ ان میں خاصی شہریت رونما ہونے لگی ہے۔ بریں ہم بلدے کے مقابلے میں ابھی بہت پیچھے ہیں۔ یہاں کا ماحول اور اس کے اثرات وہاں پیدا نہیں ہیں اور یہی وجہ ہے کہ بلدے اور اضلاع کے طلبہ کے مجموعی حالات میں بڑا فرق و تفاوت پایا جاتا ہے۔ چنانچہ یہاں کے مدارس میں جب کبھی ضلع وغیرہ کا کوئی طالب علم شریک ہوتا ہے تو اس کے خیالات و عادات وغیرہ میں نسبتاً اتنا بیّن فرق دکھائی دیتا ہے کہ اساتذہ تو اساتذہ طلبہ تک بے تکلف محسوس

کرنے لگتے ہیں۔ اس سے یہ حقیقت خود بخود مستنبط ہوتی ہے کہ بلدے کے طلبہ کی فرصت کے اوقات بہت زیادہ فوری توجہ کے محتاج ہیں اگر ان کی طرف چندے غفلت برتی گئی تو عجب نہیں کہ آئندہ انسداد میں غیر معمولی توجہ کے باوجود بھی بیجا زحمتوں سے دوچار ہوکر تعلیم و تربیت کی ان برکتوں سے محروم ہوجانا پڑے جن کی خوش آئند توقعات کی بنا پر فی الحال معلم و متعلم سرگرم عمل نظر آتے ہیں۔

اس امر کے ثبوت میں کہ مدارس میں طلبہ کے اوقات فرصت کی کافی نگرانی کا انتظام نہیں ہے چند ایسے واقعات کا اظہار کیا جاتا ہے جو سنجیدہ تفتیش وتفحص کے مبنی بر حقیقت نتائج ہیں۔

جب کبھی بلدے میں میلے۔ جاترا۔ عرس۔ دنگل اور نامناسب حال محافل وتقاریب منعقد ہوا کرتی ہیں یا غیر معمولی کھیل تماشے مثلاً سرکس، کارنوال وغیرہ آیا کرتے ہیں تو اس زمانہ میں مدرسہ کی اوسط حاضری میں نمایاں کمی کے قطع نظر اوقات فرصت کے جمگھٹوں مثلاً بازی کے میدان۔ سیر و تفریح کے باغ وچمن اور ریڈیو کے مرکزوں میں کمی تعداد کے سبب جو بے رونقی اور اداسی پائی جاتی ہے۔ وہ زبان حال سے بلا خوف تردید اپنی نوحہ خوانی آپ کرتی ہے کہ طلبہ کی غیر حاضری نقصان مایہ و شماتت ہمسایہ کے علاوہ ان کے اوقات فرصت کے صریح غیر مربوط ہونے کی ایسی روشن دلیل بھی ہے کہ اس پر انکار و تاریکی کا پردہ نہیں ڈالا جاسکتا۔

سینما کا وجود طلبہ کے لئے جتنا فائدہ بخش ہے اس سے کہیں زیادہ نقصان رساں بھی ہے۔ نقصان دہ اس لئے کہ فلموں کی زیادہ تعداد طلبہ کے نامناسب حال ہوتی ہے۔ اور کوئی طالب علم کسی فلم کو دیکھنے سے پہلے اس بات پر ہرگز غور نہیں کرتا کہ اسے اس فلم کو دیکھنا چاہیئے یا کیا نیز اس کے اوقات فرصت اس کو اس بات کی اجازت بھی دیتے ہیں یا نہیں۔ طلبہ میں سینما بینی کی وبا اس قدر پھیل گئی ہے کہ چھوٹی جماعتوں کے کمسن بچے تک اس کے دلدادہ نظر آتے ہیں

ایک اور خرابی یہ رونما ہے کہ والدین یا رشتہ دار جب کبھی فلم کو اپنے مذاق کے مطابق جان کر دیکھنے جاتے ہیں تو اپنے ساتھ اپنے ان بچوں کو بھی لے جاتے ہیں جن کو اس نامناسب مال سینما کے دیکھنے سے فائدہ تو کچھ نہیں۔ بلکہ سخت نقصان ہوتا ہے اتوار کی دوپہر میں جب کہ عموماً سینما کے فلم کم شرح پر بتائے جاتے ہیں۔ مدارس میں طلبہ کی حاضری نسبتاً کم ہوا کرتی ہے۔ طلبہ کے اوقات کا رجب اس بری طرح متاثر ہو جایا کرتے ہیں تو اوقات فرصت کی بربادی عیاں راچہ بیاں کا مصداق ہے۔

عموماً طلبہ کو شنبہ کے دن جو ہوم ورک دیا جاتا ہے۔ اس کی مقدار کسی قدر زیادہ بھی ہوتی ہے۔ اور اہمیت بھی رکھتی ہے جس کا سبب یہ ہے کہ جمعہ تعطیل کا دن واقع ہونے سے اساتذہ کا خیال یہ ہوتا ہے کہ مدرسہ میں پانچ گھنٹوں کے لئے حاضر نہ ہونے کی وجہ سے طلبہ کو گھر پر زیادہ کام کرنا چاہیے۔ تاحقیقت اس کے برخلاف ہے۔ چنانچہ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ہفتہ کا ہوم ورک باوجود جمعہ کی تعطیل کے ناعہ اور ناقص ہوا کرتا ہے۔ جس سے یہی ایک نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ طلبہ اپنی فرصت کا اچھا استعمال نہیں کرتے اور چونکہ اوقات فرصت کا کوئی مقررہ مشغلہ اور مصرف ان کے پاس نہیں ہوتا ہے۔ اس لئے اکثر تھوڑی سی کشش پر مائل ہو کر اپنا قیمتی وقت ضائع کر دیا کرتے ہیں۔

چار بجے کے بعد ہوٹلوں اور چائے خانوں میں روزانہ کثرت سے طلبہ کی آمد و رفت ہوا کرتی ہے۔ اگر چائے نوشی کی ضرورت بھی تسلیم کر لی جائے تو ماننا پڑے گا کہ اس کے لئے دس پندرہ منٹ کافی سے زیادہ ہیں۔ مگر دیکھا جاتا ہے کہ گھنٹوں اٹھنے کا نام نہیں لیتے۔ یا تو مہمل گفتگو میں مصروف رہتے ہیں۔ یا گراموفون کے نغموں کو انہماک سے سنا کرتے ہیں۔ بہر نوع یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدرسہ بر خاست ہونے کے بعد ان کے لئے کوئی مشغلہ نہیں ہے۔ اور وہ کسی نہ کسی طرح دفع الوقتی کرنی چاہتے ہیں۔ اگر کسی طالب علم کے اوقات فرصت کا یہ مصرف ہو تو اس کی آئندہ زندگی جو اہم فرائض و افکار سے پر ہوگی اور یقیناً ہوگی کیونکر سکون و چین سے بسر ہو سکتی ہے۔

اور اس کو ایک اچھا شہری بنا سکتی ہے۔

جب طالب علم اپنے وظیفہ کی رقم حاصل کرتے ہیں۔ یا ان کے سرپرستوں کو تنخواہ ملتی ہے تو اس کے بعد دو چار روز تک ان کا رنگ ہی کچھ اور ہوا کرتا ہے۔ ان میں بعض تو غیر حاضر ہوجایا کرتے ہیں۔ اور جو مدرسہ آتے ہیں وہ ہوم ورک کی طرف سے بڑی غفلت برتتے ہیں جس کی وجہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہوتی کہ نقدی ہاتھ لگ جانے کے بعد ان کے اوقات فرصت معمول سے کہیں زیادہ طویل اور دلچسپ بھی ہوجاتے ہیں جس کا نتیجہ یا تو مدرسہ کی غیر حاضری یا ہوم ورک کو ناغہ کرنے کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ اگر اوقات کار کی طرح اوقات فرصت کی بھی کوئی بندش ہوتی تو یہ تجاوز اور جولانی نہ پائی جاتی۔

اکثر یہ دیکھا جاتا ہے کہ جب راستہ پر کوئی تماشا اور گانا بجانا ہوتا ہے۔ یا کسی حادثہ کے سبب لوگوں کا ہجوم ہوجاتا ہے تو مدرسہ کو جانے یا مدرسہ سے واپس ہونے والے طلبہ نہایت بے فکری کے ساتھ مصروف نظارہ رہا کرتے ہیں حالانکہ روانگی اور واپسی کے دونوں وقت نہایت قیمتی ہوتے ہیں۔ مگر وقت کے قیمتی ہونے کا احساس کم بلکہ بہت کم ہوتا ہے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ جو طلبہ اپنی فرصت کے اوقات کی نگہداشت اور عملاً قدر نہیں کرتے ان سے یہ توقع رکھنی کہ وہ اپنے اوقات کار کو بے جا صرف نہیں کریں گے سراسر عبث ہے۔

عام طور پر طلبہ میں اوقات فرصت کے قیمتی ہونے کا احساس جو کم پایا جاتا ہے۔ اس کے کئی اسباب ہیں جو بالراست طلبہ کی ذات سے متعلق ہیں مثلاً طلبہ کی فیشن پرستی اور یہ مرض اس قدر عام اور کہنہ ہوگیا ہے کہ انسداد مشکل معلوم ہوتا ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ عزیز وقت کا ضرورت سے زیادہ زائد قیمتی حصہ فیشن پرستی اور اس کے اہتمام کی نذر ہوجایا کرتا ہے۔ چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ ان کی زندگی میں سادگی روز بروز کم اور رنگینی بڑھتی جارہی ہے۔ اور اس نمود و نمایش میں فائدے سے کہیں زیادہ نقصان مضمر کیا بلکہ اظہر ہوتا ہے۔ اگر کوئی

شخص اس ظاہرہ ٹیم ٹام اور صفائی کو دیکھ کر یہ خیال کرے کہ اس کی بدولت کم از کم صاف و پاک رہنے کی عادت تو پڑ جاتی ہے۔ مگر یہ خیال بھی بجائے خود درست نہیں ہے چنانچہ ان فیشن زدہ طلبہ کے پالش کئے ہوئے شوز کی جلا میں تو آئینہ کی صورت نظر آتی ہے۔ مگر جب بوٹ سے پاؤں باہر نکلتا ہے تو پاتابوں کی عفونت سانس لینے کی اجازت نہیں دیتی اسی طرح شیروانی اور پائجامہ تو ہر وقت سرخ و سفید رہا کرتے ہیں مگر بنیائن تو شائد ہفتہ میں ایک ہی وقت بدلی جاتی ہو۔ حالانکہ طہارت وصفائی کے مدنظر روزانہ تبدیل کرنے کی ضرورت ہے بعض اوقات یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ زرق برق پوشاک پہننے والے مجبوراً نماز پڑھنے کی ضرورت کو بھی اس اظہار حقیقت سے ٹال دیا کرتے ہیں کہ پائجامہ پاک نہیں ہے۔ حالانکہ دوسرے نماز پڑھنے والوں کے پائجامے سے ان کا پائجامہ نہایت صاف اور سفید ہوتا ہے۔ اس سے بڑھ کر بھی ایک واقعہ یہ ہے کہ ایک اپ ٹوڈیٹ دوافتاً تشریف لائے ہیں جہاں ان کو اپنی بنیان اتارنی پڑی تو معلوم ہوا کہ بغل کے بال خاصے بڑے ہیں۔ حالانکہ ان ہی کا چہرہ صاف کہہ رہا تھا کہ روزانہ نہیں تو کم از کم ایک دن آخر ضروری اصلاح بنائی جاتی ہے۔ ایک دفعہ یہ حقیقت بھی دیکھنے میں آئی کہ جن کو کل صبح سالانہ امتحان میں شریک ہونا ہے۔ آج وہ گھنٹوں اپنے کپڑے کے اہتمام میں مصروف ہیں۔ اس بلائے بے درماں سے طلبہ کو محفوظ رکھنے کی صرف دو ہی صورتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ اساتذہ خود اپنی سادگی اور حسب موقع فیشن کی خرابی سے طلبہ کو متنبہ کرتے رہیں اور دوسری تدبیر یہ ہے کہ والدین کو متوجہ کرکے رنگینیوں میں سادگی پیدا کرنے کی حتی الامکان کوشش کریں تاکہ طلبہ اپنی قیمتی وقت کی بھینٹ اس بت کا فریہ چڑھا کر ناقابل تلافی خسارے میں نہ رہیں۔

عموماً طلبہ کے دوست طلبہ کے علاوہ چند خوش باش بھی ہوا کرتے ہیں جن کی صحبت میں طلبہ اپنا قیمتی وقت گزارا کرتے ہیں۔ ایک طالب علم اور ایک

خوش باش کی زندگی میں اس قدر نمایاں فرق ہوتا ہے کہ ان میں کوئی باہمی مناسبت ہی نہیں پائی جاتی۔ بہ الفاظ دیگر طالب علمانہ زندگی حزم واحتیاط اور پابندیوں سے اس قدر پُر ہوا کرتی ہے کہ ذرا سی لغزش بھی کسی طالب علم کو جادۂ علم سے متحرک کرکے اس کی موجودہ و آئندہ زندگی کو کچھ نہیں تو کم از کم دشوار گزار کرسکتی ہے۔ برخلاف اس کے خوش باشانہ زندگی کا کوئی ایسا مستقبل عموماً نہیں ہوا کرتا جس کو زمانہ حال کی ہر ایک لغزش تاریک کرسکے اور تاریک کردینے بھی تو تلافی مافات کی کئی نعم البدل صورتیں پیدا ہوسکتی ہیں لیکن طالب علم کی کوئی غلطی اس کو آئندہ کے نقصان سے نہیں بچا سکتی اور بچا بھی کیسے سکتی ہے۔ جبکہ بچپن کی چوٹیں پیری میں لازماً رنگ لایا کرتی ہیں۔ اعتدال کی روشیں بہت ہی شاذ دیکھی جاتی ہیں۔ اعتدال پیدا ہو ہی کیسے سکتا ہے جبکہ دونوں کے حالات۔ خیالات۔ فرائض اور مطمح نظر وغیرہ بالکل مختلف ہوا کرتے ہیں۔ چونکہ طلبہ کے مشاغل عموماً خشک اور سیدھے سادے ہوتے ہیں اور ان میں جاذبیت بھی کم ہوتی ہے۔ اس لئے وہ خوش باشی کے مشغلوں پر اثر انداز ہونے کی بجائے خود نہایت آسانی سے رنگینیوں کا نت نیا شکار ہوجایا کرتے ہیں۔ جو طلبہ منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکے اور پہنچے بھی تو ان کی طالب علمی کا زمانہ کچھ ممتاز و درخشاں نہیں رہا۔ اگر ان کے اسباب وعلل دریافت کئے جائیں تو یقین ہے کہ اُن کی بربادی ونامرادی کا ایک لازمی سبب یہ ہی ہوگا کہ ان کو خوش باشوں سے صحبت رہا کرتی تھی۔ جس طرح کسی ہونہار درخت کو قریب اطراف کے خودرو پودے اندر ہی اندر کمزور اور خراب کرتے رہتے ہیں۔ اسی طرح طالب علموں کو خوش باشوں کی صحبت گھن کے مانند کھائے جاتی ہے جس کے زہریلے اثرات سے طلبہ کو بچانا والدین اور اساتذہ کا یکساں فرض ہے اور بچاؤ کی سب سے پہلی صورت یہ ہے کہ طلبہ کی فرصت کے مشاغل کافی اور ایسے دلچسپ بھی ہوں کہ ان کی طرف سے اعراض و اغماض ناممکن نہ بھی ہو تو دشوار ضرور ہو۔ ظاہر ہے کہ جس گھر میں دلچسپی اور انس ومحبت نیز راحت و آرام کے

سامان موجود ہوتے ہیں۔ کوئی شخص ان کو ٹھکرا کر ہوٹلوں اور مسافر خانوں کی ہوا کھانا قطعاً گوارا نہیں کر سکتا اور اگر بالفرض محال کبھی ایسا ہو بھی جائے تو تا بہ کئے۔ آخر اس کو جلد یا بدیر اپنے اصل مرکز پر لوٹ کر آنا ہی پڑے گا۔ اور یہ آنا ایسا آنا ہوگا کہ پھر جانے کا نام تک نہ لیگا۔

ایک اور خرابی طلبہ کے مزاج میں یہ پائی جاتی ہے کہ ان کے اکثر کاموں میں اعتدال و توازن نہیں ہوتا۔ جدھر ڈھل گئے بس ادھر کے ہو رہے اور یہ کیفیت اس زمانے میں زیادہ تر طاری و ساری رہتی ہے اور عام طور پر محسوس بھی ہونے لگتی ہے جب مکان یا مدرسہ میں کوئی غیر معمولی تقریب واقع ہوتی ہے اور اس کے سرانجام میں یہ خود بھی ہاتھ بٹایا کرتے ہیں تو اس موقع پر روزانہ کے معمولی و شدنی فرائض کو اس طرح فراموش کر جاتے ہیں۔ کہ گویا کبھی ان سے واسطہ ہی نہ پڑا تھا۔ طرہ یہ کہ اصل فرائض کو یک سخت اور بُری طرح فراموش کر جانے والے طلبہ کو غیر معمولی فرائض کی دیوانہ وار انجام دہی پر ہماری طرف سے شاباش اور انعام بھی ملا کرتا ہے۔ جو اعتدال کی مسلمہ برکتوں کو اُن کی نظروں سے فی الحال اوجھل کر دیتا ہے۔ چنانچہ وہ افراط و تفریط کے مجرم ہونے کے باوجود اپنے جرم پر فخر و مسرت بھی کرتے ہیں۔ بہت دن ہوئے کہ دار الاقامہ میں رہنے والے ایک طالب علم کو ان کے استاد نے طبعی جغرافیہ کے سبق سے متعلق نظام شمسی کا نقشہ کھینچ لانے کے لئے کہا تھا۔ اور شاید بہترین نقشہ پر انعام کا لالچ بھی دیا گیا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ طالب علم جمعہ کا پورا دن اور بڑی رات تک صرف اسی ایک کام میں لگا رہا اور ہفتہ کی صبح میں مدرسہ جانے تک کچھ نہ کچھ گلکاری کرتا ہی رہا۔ جب مدرسہ سے واپس ہوا تو بہت فرحاں و شاداں تھا اور اور اپنا نقشہ دیکھا کر ایک ایک سے کہتا تھا کہ میں نے انعام پایا ہے۔ حالانکہ اسی طالب علم نے دوسرے مضامین کے ہوم ورک ناغہ اور برآئندہ کر دیا تھا۔ مگر اس نادان کو اس حقیقت کا احساس کہاں تھا کہ اس کی مصروفیت میں بے اعتدالی امرت میں زہر کی آمیزش کا اثر رکھتی ہے۔ نظر بر آں اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ طلبہ کے مزاج میں جس طرح ہو سکے۔ اعتدال پیدا کیا جائے۔ جس کی آسان مثال

تدبیر یہ ہے کہ مضمون نگاری اور تقاریر و گفتگو میں مبالغہ آمیز خیالات کی بروقت اصلاح ہوتی رہے اور غیر معتدل کاموں کی جن کے نتائج بظاہر کتنے ہی دل خوش کن کیوں نہ ہوں۔ تعریف و ستائش کی بجائے ہمیشہ مذمت کی جائے۔

جس طرح روپے سے بہت سے نیک کام سرانجام پاتے ہیں اسی طرح اس سے اکثر و بیشتر برائیاں بھی پیدا ہوتی ہیں۔ زہر بذات خود اتنا برا نہیں ہوتا جتنا کہ اس کا بے جا مصرف اس کو برا کر دیتا ہے۔ اور مصرف کے نقطہ نظر سے اگر کمانے والا ایک اور خرچ کرنے والا دوسرا ہو تو اکثر اس کے استعمال میں پرلے درجہ کی بے دردی پائی جاتی ہے۔ بلکہ موجب نقصان نتائج بھی برآمد ہوا کرتے ہیں۔ یہی حال طلبہ کی آمدنی اور اس کے خرچ کا ہے۔ طلبہ کے ہاتھ میں نقدی شیر خوار بچوں کے ہاتھ میں تیز ہتھیار کے مرادف ہے جس کو وہ دل خوش کن کھلونا سمجھ کر کھیلتے کھیلتے خود ہی زخمی ہو جاتے ہیں اور دوسرے ہم سنوں کو بھی مجروح کر دیتے ہیں۔ اور باوجود اس کے معصوم کہلانے کے مستحق ہوتے ہیں۔ تجربہ شاہد ہے کہ طلبہ اپنی آمدنی بجا طور پر صرف نہیں کرتے اور جس زمانے میں ان کے پاس کچھ ہوتا ہے تضیع اوقات کے نت نئے شغلے رہ رہ کر پیدا ہو ہی جاتے ہیں۔ کمسن بچوں کی حد تک تو خیر والدین سے کہہ کر نقدی کی بجائے ضرورت کی چیزیں فراہم کرا دی جا سکتی ہیں۔ مگر بڑی عمر کے طلبہ نقدی سے بالکلیہ محروم نہیں کئے جا سکتے۔ البتہ ترغیب و تشویق کے ذریعہ انہیں سیونگ بنک کا رکن بنایا جا سکتا ہے اور اس کے بعد استحکام کی مناسب صورتیں بھی اختیار کی جا سکتی ہیں مثلاً۔ یہ کہا جائے کہ جو طالب علم سال بھر میں زیادہ سے زیادہ رقم جمع اور کم سے کم خرچ کرے گا۔ اُسے معقول انعام دیا جائے گا جن پر مدرسہ بجا طور پر فخر کر سکتا ہے۔ یقین ہے کہ اس طریقہ عمل سے طلبہ میں نہ صرف کفایت شعاری کی مبارک عادت پڑ جائے گی۔ بلکہ نقدی کے سبب تضیع اوقات کے مواقع کا انسداد بھی بڑی حد تک ہو جائے گا۔

عموماً اوسط درجے اور خصوصاً اونچے طبقے کے طلبہ اپنی روزمرہ کی معمولی

ضروریات کو دوسروں کے ذریعہ سرانجام دلانے کے عادی ہوا کرتے ہیں جس کے سبب ان کے اوقات فرصت کی مصروفیت میں بہت نہیں تو تھوڑی کمی ضرور ہوجایا کرتی ہے۔ یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ بڑی جماعت کا ایک طالب علم جس کا مکان بھی مدرسہ سے بہت قریب تھا۔ اپنی چند کاپیاں اور کتابیں لانے کے لئے نوکر کو ہمیشہ مدرسہ لایا کرتا تھا۔ اگر یہ طرز عمل اظہار شان کے لئے بھی ہو تو طالب علم کے لئے یقیناً نازیبا ہے۔ ایسے طلبہ سے جو اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں ملازمین کے محتاج ہوتے ہیں مدرسہ کے اوقات وغیرہ اوقات میں بھی غیر درسی کام زیادہ لینا چاہیے۔ تاکہ وہ نہ صرف کام کرنے کے عادی ہوجائیں۔ بلکہ کسی کام کے سرانجام کو خلاف شان نہ تصور کریں۔ علاوہ ازیں "اپنے روزنامچے" کے عنوان پر مضمون لکھوا کر اس امر کا پتہ لگانے کے بعد کہ طالب علم کے مضمون میں اپنی ضروریات آپ پوری کرنی مذکور نہیں ہے تو موثر پیرایہ میں پند ونصیحت کی جاسکتی ہے کہ ملازمین کے موجود ہوتے پر بھی طالب علم کو اپنی ہر ضرورت آپ پوری کرنی چاہیئے۔ اور اس میں اس کی ذلت نہیں بلکہ عین عزت ہے۔ نیز اگر موقع مل جائے اور مناسب بھی سمجھا جائے تو والدین کو بھی اس خصوص میں توجہ دلائی جاسکتی ہے۔

جو لوگ علی الصباح بیدار ہونے کے عادی ہیں۔ وہ اس امر حقیقت کی گواہی دے سکتے ہیں کہ سحر خیزی کی بدولت خصوصاً نوجوانوں میں ایسی تازگی لازماً پیدا ہوجاتی ہے۔ جو ان کو کاروبار میں لطف وبشاشت کے ساتھ دن بھر مصروف رکھتی ہے۔ چنانچہ تجربہ شاہد ہے کہ اگر کسی روز دن چڑھے بیدار ہونے کا اتفاق ہوتا ہے تو طبیعت میں اکثر سستی پیدا ہوکر کام کاج کے بیشتر اوقات بے کاری کی نذر ہوجایا کرتے ہیں۔ دیر سے بیدار ہونے کی عادت زیادہ تر مسلمان طلبہ میں پائی جاتی ہے اور اس کو رفع کرنے کی جہاں بہت ساری تدبیریں ہیں وہاں ہم خرما وہم ثواب ایک تدبیر یہ ہے کہ بالغ مسلم طلبہ کو صبح کی نماز اپنے محلہ کی مسجد میں باجماعت ادا کرنے کی نہ صرف تاکید کی جائے بلکہ طلبہ ہی میں سے کسی ایک موزوں طالب علم کو نگران کار مقرر کرکے

چند روز تک اس سے حاضری کی رپورٹ بھی لی جایا کرے۔ عموماً ہر مدرسہ میں انجمن طلبہ ہوا کرتی ہے۔ اس کے جلسے بعد برخاست مدرسہ منعقد کرنے کی بجائے کسی تعطیل کے دن علی الصباح مقرر کئے جائیں۔ جب کبھی طلبہ تعلیمی تفریح کے لئے جایا کریں۔ تو روانگی کا وقت طلوع آفتاب سے قبل مقرر کیا جائے۔ موسم گرما میں عام طور پر جب کہ مدارس صباحی ہوا کرتے ہیں۔ طلبہ کی دیررسی کی سختی کے ساتھ نگرانی کرنی چاہیئے۔

تضیع اوقات نہیں تو کم از کم خلل اوقات کے اسباب میں ایک سبب طلبہ کی شاعری اور ناول و سینما بینی وغیرہ بھی ہے۔ آورد کا تو ذکر ہی کیا۔ آمد کے لحاظ سے بھی شاعری طلبہ کے لیے غیر سودمند بلکہ مضرت رسان مشغلہ ہے۔ شاعری بجائے خود ایک مستقل فن ہے۔ جس کو حاصل کرنا مشکل ہے۔ تک بندی کو شاعری سمجھ کر اس کی طرف متوجہ ہونا بڑی سخت غلطی ہے۔ جو طلبہ شاعری کے گورکھ دھندے میں پڑ جاتے ہیں۔ وہ اپنا بہت سا قیمتی وقت اس کی نذر کرنے کے بعد بھی کچھ حاصل نہیں کر سکتے چنانچہ اساتذہ کی سالانہ کانفرنس کے مشاعرہ کا اشتہار تختۂ اعلان پر چسپاں دیکھ کر ششم جماعت کے ایک طالب علم نے کئی روز کی مسلسل کوشش کے بعد چند اشعار لکھے تھے جو غیر موزوں بے ربط اور مہمل تھے۔ اگر اساتذہ کو یہ معلوم ہو جائے کہ فلاں طالب علم کو شاعری کا خبط ہے تو ان کا فرض اولین یہ ہے کہ اس بے سود مشغلہ سے اس کو باز رکھنے کی ممکنہ کوشش کریں اور بخوبی سمجھا دیں کہ دندان توجملہ در دہانند کا نام شاعری نہیں بلکہ صریح تضیع اوقات ہے۔ ظاہر ہے کہ جو طلبہ سیدھی سادی نظم کو بھی استاد کی تفہیم کے بغیر نہیں سمجھ سکتے وہ قاعدہ و قانون سے پُر شاعری کیونکر کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ناول بینی کا چسکا خلل و تضیع اوقات کا موجب ہوتا ہے۔ نیز اس سے اخلاق خراب اور مزاج میں سادگی کی بجائے رنگینی پیدا ہوتی ہے۔ جو طلبہ کے لیے سراسر نازیبا ہے۔ مدرسہ کے کتب خانے اور دارالمطالعہ میں پہلے تو اس قسم کا مواد نہ ہونا چاہیئے۔ اور اگر کہیں ہو بھی تو اس سے طلبہ کو باز رکھنا نہایت ضروری ہے۔ ان سب سے بڑھ کر سینما بینی کا شوق طلبہ کے نہ صرف اوقات فرصت بلکہ

اوقات کار کو بھی بری طرح متاثر کر رہا ہے۔ اس کی دست برد سے طلبہ کو محفوظ رکھنے کی ایک حکمۂ صورت یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اعلان کے ذریعہ طلبہ تنبیہ کر دیئے جائیں کہ جنک مدرسہ کی طرف سے کسی موزوں د سفید فلم کے دیکھنے کی سفارش نہ کیجائے کوئی طالبعلم از خود فلم ہرگز نہ دیکھے؛ بصورت خلاف ورزی اس طالبعلم کا نام نہ صرف خارج کر دیا جائیگا بلکہ ترک مدرسہ کے داخلہ پر اسکی یہ عدول حکمی نوٹ بھی کردیجائے گی جو دوسری سرکاری مدرسہ میں شریک ہونے سے روک سکے گی اسی پر اکتفا نہ کر کے کنشا فوں اور دوسرے طلبہ کے ذریعہ نگرانی کا مناسب انتظام کرنا بھی خلاف ضرورت نہ ہوگا۔ بایں ہمہ اگر کسی طالب علم کی خلاف ورزی ثابت ہوجائے تو حسب اعلان اس کا نام خارج کرنے میں ہرگز پس و پیش نہ کرنا چاہیئے مزید برآں سررشتہ کو توجہ دلا کر قانونی صورت میں اس سے زیادہ مستحکم انتظام بھی کیا جا سکتا ہے۔

مناسب ہوگا کہ ہر ایک طالب علم بہ علم صدر مدرس اپنے اوقات فرصت کا نظام العمل مرتب کر کے اس کی نقل پیش کرے جس میں حسب ضرورت مناسب اصلاح کرنے کے بعد اس پر عمل کرنے کے فوائد سے واقف کیا جائے۔ اس تدبیر کو کارگر کرنے کے لئے بڑی ضرورت اس بات کی ہے کہ اوقات فرصت کا ترمیم شدہ نظام العمل منفرد طور پر افتاد مزاج کے لحاظ سے ایسا موزوں و دلچسپ او مشاغل میں تازگی پیدا کرنے والا ہو کہ طالب علم اس سے انحراف نہ کرسکے اور اس کی بے کم و کاست پابندی کرانے میں کسی نگرانی کی ضرورت نہ ہو۔ اگرچہ کہ یہ کام بظاہر کسی قدر مشکل معلوم ہوتا ہے مگر طالب علم کے مزاج کو بخوبی سمجھ لینے کے بعد خود بخود آسان ہو جائے گا۔

ہوم ورک کے جواز و عدم جواز کا سوال ایک جداگانہ مسئلہ ہے جس سے بحث کرنا یہاں مقصود نہیں ہے۔ البتہ بلاخوف تردید یہ کہا جا سکتا ہے کہ طلبہ کے اوقات فرصت سے ہوم ورک کو گہرا تعلق ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے اس کا کافی دلچسپ ہونا ضروری ہے۔ اور جس ہوم ورک میں دلچسپی نہ ہوگی اس سے طلبہ کے اوقات کی نگہداشت قطعاً ناممکن ہے۔ مثلاً خوشخطی کا ہوم ورک اتنا دلچسپ نہیں ہوتا جتنا مضمون نویسی کا ہو سکتا ہے۔ اور یہ بھی بہت ممکن ہے کہ ہوم ورک کا مضمون

دلچسپ ہونے کے باوجود اس کی مقدار اس کو غیر دلچسپ بنا دے اس لئے بڑی ضرورت اس بات کی ہے کہ ہوم ورک زیادہ دلچسپ ہو۔ اکثر مدارس میں ہوم ورک کا کوئی نظام العمل مرتب و آویزاں نہیں ہوتا جس کے سبب غیر ضروری مضامین میں بھی طلبہ کو ہوم ورک کرنا پڑتا ہے۔ چونکہ ایک جماعت کے کئی مضامین متعدد اساتذہ کے تفویض ہوتے ہیں۔ اس لئے ہر ایک اُستاد اس علم کے بغیر کہ طلبہ کو دوسری مضامین میں کتنا ہوم ورک کرنا ہے۔ اپنے متعلقہ مضمون کا ہوم ورک دیدیا کرتا ہے۔ جو طلبہ کے لئے یقیناً بار خاطر ہوتا ہے۔ جس کا ثبوت وہ عموماً ہوم ورک ناغہ کرکے دیا کرتے ہیں اور بعض تو محض ہوم ورک کے سبب مدرسہ سے غائب بھی ہوجاتے ہیں۔ جس طرح تعلیم کا اوقات نامہ مرتب ہوتا ہے۔ اسی طرح ہوم ورک کا نظام العمل بھی لازماً مرتب ہونا چاہیئے نصاب تعلیم میں مضامین کی بہتات ہونے کے باوجود طلبہ کو کسی دن بھی تین مضامین سے زائد ہوم ورک کرنے پر مجبور نہ ہونا پڑے۔ اور اگر ممکن ہو سکے تو ہفتہ میں ایک دن ہوم ورک کے لئے تعطیل کا بھی ہونا چاہیئے نیز اس کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے کہ ہوم ورک کی زیادہ مقدار ہمیشہ مضر اور کم مقدار منفعت بخش ہوتی ہے۔

طلبہ کے اوقات فرصت کا بہتر مصرف اور اس کی قابل اطمینان نگہداشت جیسی مدرسہ میں ہوسکتی ہے۔ کسی دوسری جگہ ممکن نہیں۔ جب یہ حقیقت حال ہے تو ضرورت اس بات کی ہے کہ دس سے چار بجے تک تو مدرسہ مدرسہ رہے اور اس کے بعد کلب بن جائے۔ اس کے لئے سرمایہ اور ساز و سامان کی مطلق ضرورت نہیں ہے۔ صرف اساتذہ کی عملی ہمدردی بہر نوع درکار ہے اگر کوئی مدرسہ میدانی کھیلوں کا انتظام نہیں کرسکتا ہے تو کچھ مضائقہ نہیں۔ مکانی کھیلوں میں تو بہ ظاہر کوئی دشواری نظر نہیں آتی۔ کچھ نہ سہی بھی تو ہر جماعت کے لئے اسی کا کمرہ ورزش کی چار دیواری کا کام بہ آسانی دے سکتا ہے۔ اگر خود استاد صاحب بھی شریک ہوجائیں تو سونے میں سہاگا ہو جائے۔ اوقات فرصت میں باغبانی کا مشغلہ بھی کچھ

کم دلچسپ اور منفعت بخش نہیں ہے اگر یہ اندیشہ ہو کہ روزانہ کی مصروفیت طلبہ کی دلچسپی کو رفتہ رفتہ کم کر دے گی اور وہ اس سے جی چرانا شروع کر دیں گے تو اس کی تدبیر یہ ہے کہ جن طلبہ کو اس مشغلہ سے لگاؤ ہو اُن ہی کو اس میں لگایا جائے۔ تاکہ ان کا فطری شوق کم ہونے کی بجائے روز بروز ترقی کرتا جائے۔ جن مدارس میں ریڈیو کا انتظام ہو سکتا ہے۔ وہاں اس کے ذریعہ طلبہ کے اوقات فرصت میں مزید دلچسپی پیدا کی جا سکتی ہے مگر اس کا مناسب حال استعمال نہایت سختی کے ساتھ محدود ہونا چاہیئے تاکہ ان کی سادہ زندگی میں رنگینی کے زہریلے اثرات شریک ہونے پائیں

ہر مدرسہ میں خواہ وہ کسی درجے کا کیوں نہ ہو۔ عجائب خانہ قائم کیا جا سکتا ہے جس کے لئے ایک مختصر حجرہ بھی کافی ہے۔ اس میں عمر کے لحاظ سے چند شعبہ جات قائم کیے جائیں۔ مثلاً ۸ سے ۱۲ اور ۱۳ سے ۱۷ سال وغیرہ اور ہر ایک طالب علم کے لئے لازمی قرار دیا جائے کہ مہینے میں ایک یا دو چیزیں جو زیادہ تر اس کے اوقات فرصت کی مصروفیت کے حقیقی نتائج ہوں داخل کرے۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی اور ازدیاد شوق کے لیے مدرسہ کی جانب سے انعامات بھی ضرور ملتے جائیں۔ انعامات کی فراہمی میں طلبہ کے سرپرستوں سے بھی مالی امداد لی جا سکتی ہے۔ اس سے کئی فائدے ہوں گے۔ جس کی فی زمانہ شدید ضرورت ہے۔ قسم قسم کی دستکاریوں کا علم و مہارت فال نیک کا موجب ہو گی۔ ممکن ہے کہ فی الحال قلیل آمدنی کا ذریعہ بھی ہو جائے۔ اس میں خود مدرسہ کو بھی ایک بڑا فائدہ یہ حاصل ہو گا کہ نمائش میں مدرسہ کی طرف سے بروقت اچھا سامان بھیجنے میں سہولت پیدا ہو جائے گی اور نتائج بھی یقیناً اچھے رہیں گے۔ اگر اس تدبیر اور انتظام سے معدودے چند طلبہ کے اوقات فرصت کا قلیل ترعرصہ بھی ضائع ہونے سے بچ جائے تو اس کے مفید و ضروری ہونے میں کلام نہیں ہو سکتا۔

طلبہ کے اوقات فرصت کی نگرانی کے مدنظر اگر یہ انتظام سررشتہ کی طرف سے ممکن ہو سکے کہ جن محلوں سے طلبہ مدرسہ آتے ہوں۔ اسی مدرسہ کا کوئی

نہ کوئی اُستاد کسی نہ کسی محلہ میں رہتا تو تو طلبہ کی نگرانی بہ آسانی عمل میں آسکتی ہے اور یہ صورت چنداں مشکل نظر نہیں آتی کیونکہ مدرسین تو کہیں نہ کہیں سکونت پذیر ہوتے ہیں۔ ایسی حالت میں کسی قریب کے مدرسہ پر اُن کا تبادلہ کرنا یقیناً کافی ہوگا۔ تبادلے تو ہر سال ہوتے رہتے ہیں۔ اگر اس مقصد سے بھی ہوا کریں تو غالباً خلاف ضرورت نہ سمجھے جائیں گے۔

کم از کم ہر فوقانیہ مدرسہ کے ساتھ اگر دار الاقامہ قائم ہو جائے تو طلبہ کے اوقات فرصت کی اصولی نگہداشت کی ایک قابل اطمینان صورت پیدا ہو سکتی ہے۔ اسی طرح وسطانیہ و تحتانیہ مدارس میں تعلیم شبینہ کا مناسب انتظام بھی حصول مقصد میں ایک گونہ مفید ہو سکتا ہے۔ روشنی کا انتظام خود طلبہ اپنے ذمہ لے سکتے ہیں۔ البتہ نگرانی کے انتظام میں ہمدرد اساتذہ کو باری باری سے ہاتھ بٹانے کی ضرورت ہے۔

عموماً مدارس میں کشافوں کی تعداد مدرسہ کی مجموعی تعداد سے یقیناً بہت ہی کم ہوتی ہے جس کا ایک بڑا سبب مالی مشکلات ہیں ایسی صورت میں اگر یہ مناسب ہو سکے تو بہت بہتر ہے کہ طلبہ کی زیادہ سے زیادہ تعداد کو کشافہ کی تعلیم اس طرح دی جائے کہ وہ چند ضروری لوازمات سے عاری ہونے کے باوجود قابل کشافوں سے عملاً کسی طرح کم نہ ہوں۔

طلبہ کی محلہ وار فہرست مرتب کی جائے اور جب کسی مدرسہ میں یہ چند فہرستیں تیار ہو جائیں تو سن و شعور کے لحاظ سے ہر فہرست میں چند مانیٹر مقرر کیے جائیں۔ جس محلے سے تفریح کے باغ و چمن میدان اور بہبودی اطفال کے مرکز قریب ہوں۔ وہاں طلبہ کے بھیجنے کا انتظام کرنا چاہیے۔ مانیٹروں کی نگرانی کے علاوہ کبھی کبھی استادوں سے بھی نگرانی کرانی ضروری ہے اگر طلبہ کما حقہ استفادہ کرنے کی طرف راغب نہ ہوں تو ان کو مزید تشویق و ترغیب دلانی چاہیے۔ تشویق کی ایک صورت یہ ہو سکتی ہے کہ ہر مہینہ ان طلبہ کا وزن کرایا جائے۔ اور جو وزن میں

سب سے زیادہ ترقی کرے اس کی ممکنہ طریقوں سے حوصلہ افزائی کی جائے۔ اگر طلبہ کو اس کا چسکا پڑ جائے اور وہ ایک دوسرے کی ریس کرنے لگیں تو یقین ہے کہ نتائج نہایت خوش آئند ہوں گے۔

تعطیل کے دنوں میں کبھی کبھی مدرسہ میں طلبہ کے اجتماع کے مواقع ضرور پیدا کرنے چاہئیں۔ مثلاً انجمن طلبہ کے جلسوں کا انعقاد، کھیل تماشہ کا انتظام کسی خاص انعامی مضمون کا امتحان۔ دلچسپی اور افادیت کے نقطہ نظر سے تعلیمی تفریح نسبتاً اچھی مصروفیت ہے۔ کم از کم مہینے کی ایک نہ ایک تعطیل میں اس کا انتظام ضرور ہونا چاہیے۔ بڑی عمر کے طلبہ تو دور دراز بھی جا سکتے ہیں۔ اخبارات وغیرہ کی مدد سے اس بات کا پتہ لگایا جائے کہ کس تعطیل میں طلبہ کے مناسب حال علمی جلسے۔ نمائشیں۔ میلے۔ جاترا۔ عرس ورزشی کرتب۔ میدانی کھیلوں کے مقابلہ وغیرہ کہاں کہاں مقرر و منعقد ہوں گے ان کی اطلاع چند ضروری ہدایات کے ساتھ تختۂ اعلان پر ایک دن قبل چسپاں ہونی چاہیے۔ اس میں مناسب اہمیت پیدا کرنے کے لیے جماعت یا مکان پر طلبہ سے مضمون لکھوانا بھی خالی از فائدہ نہ ہوگا تاکہ طلبہ اس میں شریک ہونے کو تعلیم کا ایک جز تصور کریں۔

طلبہ کے اوقات فرصت کی مصروفیت کے متعلق جو چند ممکن العمل تدابیر بیان کی گئی ہیں۔ ان پر عمل پیرا ہونے میں استاد و شاگرد دونوں کو زحمت و دقت سے دوچار ہونا نہ پڑے گا اور اگر خاص حالات کے تحت ایسی نوبت بھی آجائے تو اس مسئلہ فرصت کی ناقابل نظر انداز اہمیت کے مدنظر اس کو گوارا اور آسان کرنے میں امکانی کوشش سے ہرگز دریغ نہ کرنا چاہیے۔ السعی منی والاتمام من اللہ۔

تلخیص روداد جلسہ ہا انجمن اساتذہ بلدہ

سنہ ۱۳۴۶ ف

مرکز مدرسہ فوقانیہ دار العلوم بلدہ | سال حال مدرسہ ہذا میں حسب ذیل جلسے ہوئے جن میں مندرجہ ذیل حضرات نے خیالات ظاہر کئے۔ مولوی محمد سعادت اللہ خاں صاحب، مولوی سید جعفر حسینی صاحب، مولوی محسن خان صاحب، مولوی عبد المجید صاحب، مولوی محمد یوسف صاحب، مولوی اقبال علی صاحب، مولوی محمد ناظم صاحب صدیقی، مولوی شمس الدین محمد عثمان صاحب مسٹر ایشور سنگھ، مسٹر گنیش چند!

"شخصی حفظ صحت"

توریث اور ماحول سے صحت متاثر ہوتی ہے معائنہ طبی ضروری ہے حفظ صحت کے نصاب میں عام تعلیم صحت اور گھر کی نسبت حفظ صحت کا بیان ہونا چاہیئے۔ طبقہ فوقانیہ میں اعضائے انسانی کی تشکیل بتانی چاہیے۔ امریکہ اور یورپ کی طرح دانت بال اور ناخن کا معائنہ کرنا چاہیے پھر اس پر روشنی ڈالی گئی کہ جماعت میں ہم عمر طالب علم ہوں غیر اشخاص کو نہ آنے دیں وغیرہ بند کمروں میں بیٹھنا سونا نامناسب ہے المونیم کے ظروف سے پرہیز کیا جائے۔

"منزل ہائے تعلیم"

مدارس تنگ و تاریک نہ ہوں آواز کا تصادم نہ ہو بیت الخلا ڈرینج کے جدید اصول پر ہوں نشستوں کے نیچے کوڑا کرکٹ نہ ہونے دیں۔ بچوں کو تاکید

کریں کہ لباس صاف رکھیں ناخن اور بال کٹوائیں عمارت مدرسہ کو تھوک سے غلیظ نہ کریں۔ پھر بیان کیا گیا کہ اصول حفظ صحت کے موافق کونسی عمارت ہوسکتی ہے اور کیسے ہونا چاہیے وغیرہ۔

"بچوں کے امراض اور ان کے انسداد کی تدابیر"

خرابی بصارت کا سبب یہ ہے کہ بچے امتحانات کے قریب مغرب کے وقت چاندنی رات میں مطالعہ کرتے ہیں۔ دوڑنے کے بعد ٹھنڈا پانی پیتے ہیں اس کی ممانعت کرنی چاہیئے۔ طلبہ کی نشست ایسی ہونی چاہیے کہ روشنی دائیں طرف سے آئے ورزش اور غذا کے بعد آرام کے لئے وقفہ چاہیے۔ سیکل کی سواری چورن بیچنے والوں کا مدرسے کے باہر آنا کھلانے پینے کی بے احتیاطی باعث امراض معدہ ہے ریچھوٹے حروف کے اخبارات سے بصارت متاثر ہوتی ہے۔ چیچک خارش وغیرہ کی بیماریاں متعدی ہیں ایسے بچوں کو صحت تک مدرسہ نہ آنے دینا چاہیئے۔ مدرسین کے اختیاری ہدایات فضا مدرسہ کی حد تک محدود ہیں۔ پھر مکان مدرسہ کی نوعیت ہوا روشنی بچوں کے فاصلے پانی کا انتظام وغیرہ کی توضیح کی گئی نماز کی پابندی کو موجب طہارت جسم بتایا گیا مدرسین کو چاہیے کہ وہ بہتر نمونہ بنیں سزائے جسمانی بچوں کے احساس خودداری اور وقار کو ضائع کر دیتے ہیں۔

"فرنیچر مدرسہ"

مدرسہ کا فرنیچر اور ساز و سامان ومناسب ہونا چاہیے بچوں کو تاکید کریں کہ فرنیچر خراب نہ کریں اور چاقو سے اس کو نہ کاٹیں۔ ردی دانوں کا صحیح استعمال چاہیے۔ ڈول ڈیسک سے طلبہ کو سہولت ہوتی ہے طلبہ سیدھے بیٹھنے کے عادی ہونا چاہیئے کیونکہ غلط طریقہ نشست سے صحت متاثر ہوتی ہے۔ تختہ سیاہ یا تو پھرنے والا ہو یا کسی قدر بڑا دیوار سے چپاں ہو مختلف رنگ کے چاک استعمال کریں پرانے فرنیچر پر پالش کرانا چاہیئے طلبہ کو انسانیت اور اخلاق کی تعلیم دینی چاہیئے۔

"دماغی صحت"

ابتدا سے بچوں کو اظہار مطالب کا موقعہ دیا جائے علم کے مقابلہ میں عملی کام زیادہ مفید ہے۔ طلبہ کو چاہیئے کہ وہ رٹنے کے بجائے سمجھ کر پڑھیں دماغی صحت کے لئے سورج کی روشنی تازہ ہوا ضروری ہے۔ بُرے کام خوف وغم کاروبار کی زیادہ مصروفیت دماغ کو کمزور کرتی ہے۔ مدرسہ کے ٹائم ٹیبل میں اہم کام کے بعد آسان مضامین رکھے جائیں۔ جز تعلیم مناسب اور عمر کے اعتبار سے ہونی چاہیئے۔ مدرسہ کے کام کے علاوہ بچوں کو خارج از نصاب دلچسپیوں میں مصروف رکھیں۔ ہوم ورک طلبہ کی استعداد کے موافق اور زیادہ نہ ہو۔ اہم اور مشکل مضمون کو آسان زود فہم بنانا مدرس کے اختیار میں ہے۔

مرکز مدرسہ فوقانیہ چنچل گوڑہ سال حال مدرسہ ہذا میں حسب ذیل جلسے ہوئے جن میں مندرجہ ذیل حضرات نے خیالات ظاہر کئے

مولوی محبوب الحسن صاحب، مولوی مرزا محمود علی بیگ صاحب، مولوی سید علی محمد صاحب اجلال، مولوی شیخ محبوب صاحب، مولوی ظل حسنین صاحب، مسٹر ڈنکر نارائن مسٹر راما ریڈی، مسٹر بال ریڈی۔

"ذاتی حفظ صحت"

انسان اشرف المخلوقات ہے اس لئے تکمیل مکارم اخلاق ضروری ہے۔ انسان کو انسان بنانے کے لیے اصول حفظ صحت کی پابندی مقدم ہے۔ تندرستی کے لئے صاف ہوا سادہ غذا چاہیئے فکر وغم سے دوری باعث تندرستی ہے۔ ڈرل سے صحت حاصل ہوتی ہے تندرستی میں صرف بدن کی صحت ہی نہیں بلکہ اس میں روحانی ونفسانی صحت بھی داخل ہے اس لئے حسد وبغض وغیرہ سے بچنا باعث صحت امراض روحانی ہے۔

"طلبائے مدارس کی عام بیماریاں اور اُنکے انسداد کی تدابیر"

ضعف بصر، دماغ کی کمزوری اور اختلاج قلب کے امراض کی اطلاع طلبہ کے اولیا کو دینی چاہیئے تاکہ وہ علاج کریں۔ ناصاف وناپاک ٹوکریاں بھی جنمیں میں بیچے سودا سلف لاتے ہیں بیماریوں کا سبب ہیں۔ بعض علیل اور کمزور طلبا بظاہر تندرست

مگر درحقیقت بیمار ہوتے ہیں ان کا علاج ضروری ہے ۔ طلبہ کی ڈال ڈاکٹر کی رائے سے منتخب ہونا چاہیئے جن بچوں کے قوی ڈرل کے مناسب نہیں ہیں ان کے لئے جبر و تشدد مفید نہیں ہے طلبہ کی صحت کے لئے عام صفائی کا بھی لحاظ رہے ۔ مدرس سگریٹ وغیرہ نہ پیئے تاکہ بچے ان کی تقلید نہ کریں ۔ پور فنڈ کی رقم سے معمولی امراض کی دوا مہیا رکھنی چاہیئے ۔

"مدرسہ کا فرنیچر اور اس کے متعلقات"

موجودہ فرنیچر اصول حفظ صحت کے موافق نہیں ہے اس لئے اس میں رد و بدل کی ضرورت ہے پھر اس پر تفصیلی بحث کی گئی کہ فرنیچر کیسا اور ان میں کن باتوں کا لحاظ ہونا چاہیئے تاکہ طلباء کو سہولت حاصل ہو ۔ ہر جماعت میں آلات تعلیمی محفوظ رکھنے کے فرنیچر بھی زد ۔ دیا گیا کرسی پر بیٹھ کر پڑھانے سے مدرس کی نظر پوری جماعت پر نہیں پڑتی اس لئے لکچر اسٹینڈ ہونا چاہیئے ۔ مدرس کے لئے ٹیچر روم میں آرام دہ کرسیاں ہوں ۔ دستی مشاغل ڈرائنگ اور مطالعہ قدرت مصروفیات زائد از نصاب کے لئے کافی آلات و فرنیچر کی ضرورت ہے ۔ مدارس کی تعداد میں اضافہ کرنے کے بجائے ان میں باقاعدگی اور کافی فرنیچر کی ضرورت ہے ۔

"دماغی حفظ صحت"

دماغی حفظ صحت سے مراد یہ ہے کہ انسان تمدنی زندگی بسر کرنے کے قابل ہو سکے انسان ماحول کے اثر سے اچھے یا برے عادات کا حامل بنتا ہے مدارس کی تربیت جسمانی و دماغی کے لئے ہے تاکہ نونہالان قوم مفید اور کارآمد بنیں ۔ ظاہری احساسات کی تربیت سے تبعاً و ضمناً صحت دماغی بھی حاصل ہو جاتی ہے ۔ جسمانی خرابی سے دماغی خرابی پیدا ہوتی ہے اس کے لئے مناسب غذا اور ورزش جسمانی ہے گیس دماغی خرابی کو دفع کرتے ہیں ۔ حواس خمسہ ظاہری کی تربیت حواس خمسہ باطنی کی تربیت کا باعث ہے ۔ عمارت و محل وقوع مدرسہ وغیرہ اصول حفظ صحت کے موافق اور بچوں کی تعلیم ان کے معیار قابلیت کے مطابق ہونا چاہیئے ۔

مرکز مدرسہ فوقانیہ دارالشفا بلدہ | سال حال مدرسہ ہذا میں حسب ذیل جلسے ہوئے جن میں

مندرجہ ذیل حضرات نے خیالات ظاہر کئے۔ مولوی محمد عبد الشکور صاحب، مولوی سید حسین صاحب، مولوی عبد السلام صاحب ذکی، مسٹر چند رپا، مولوی امجد علی صاحب، مسٹر راج راجیا۔

"صحت دماغی"

طبقات تحتانیہ وسطانیہ فوقانیہ کے طلبہ کی دماغی کیفیت جدا جدا ہوتی ہیں کہ نئے طریقہ تعلیم بھی الگ الگ ہونا چاہیے۔ صحت دماغی اساتذہ وطلبہ کی تفہیم کر کے کیا گیا اور اساتذہ پر تعلیمی بار ضرورت سے زیادہ نہ ہونا چاہیے۔ طلبہ میں حافظہ غائب دماغی وغیرہ کے نقائص پائے جاتے ہیں ان سے طلبہ کو آگاہ کرنا چاہیئے صحت دماغی کے لئے جسمانی صحت ضروری ہے طلبہ کو بُرے چال چلن سے بچانے پر زور دیا گیا۔ دماغ کو کبھی معطل نہ رہنے دینا چاہیئے۔ طلبہ کے دماغ کو سوالات کے ذریعہ بیدار رکھنا چاہیئے۔ اولیائے طلبہ کا فرض ہے کہ وہ اپنی اولاد کو اچھی غذائیں کھلا کر طاقتور بنائیں۔

"صفائی جماعت"

مدرسہ کے کمرے اصول حفظ صحت کے موافق ہوادار ہوں آدمر کا تصادم نہ ہو فرش اور دیواروں کی صفائی روزانہ ہوا کرے عمارت مدرسہ میں کئے دیئے لگوائے جائیں جو کھولے اور بند کئے جا سکتے ہوں بچوں کو نمناک فرش پر نہ بیٹھنے دیں ... کے لحاظ سے مدرسہ کا رنگ بدلنا اچھا اصول ہے پھر اس پر بحث ہوئی کہ طلبہ کے مابین ... فاصلہ چاہیئے اور تختہ سیاہ کیسے مقام پر رکھنا چاہیئے۔ یہ بھی بیان کیا گیا کہ اگرچہ ... اردو میں مشکل سے ہو سکتا ہے مگر ہر نوع کی صفائی پر ... کا اطلاق ہوتا ہے پھر صفائی کے تفصیلات پر روشنی ڈالی گئی۔

مرکز مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل بلدہ

سال حال مدرسہ ہذا میں حسب ذیل جلسے ہوئے جن میں مندرجہ ذیل حضرات نے خیالات ظاہر کئے۔ مولوی محمد عبد النور صاحب صدیقی، مولوی یوسف الدین احمد صاحب، مولوی سید حکیم صاحب، مولوی سید نور محمد صاحب، مسٹر الگوبند راؤ، مسٹر رام راؤ، مولوی محمد جان ...

مولوی محمد عبدالاحد صاحب، مسٹر یم لیا، مولوی عبدالحق صاحب، مولوی محبوب خاں صاحب
مولوی عبدالسلام صاحب زاہد، مولوی محمد غوث صاحب۔

"اصول حفظ صحت اور جسمانی صفائی"

مدرسہ کا محل وقوع مناسب اور روشنی ہوا دار ہو آبادی گنجان و تنگ تاریک نہ ہو پانی کا انتظام بیت الخلاء اور موریوں کا انتظام ضروری ہے طلباء آستین و دامن سے ناک صاف نہ کریں مدرسہ کے فرش پر تھوکنا جائز نہیں۔ عمارت مدرسہ اصول حفظ صحت کے موافق ہونا چاہیئے۔ دیواروں میں نمی نہ ہو۔ دریچوں سے پاک ہوا آئے۔ اساتذہ خود اصول حفظ صحت کے پابند رہیں۔

جسمانی صفائی سے مراد جلد، منھ، ناخن، بال اور بدن کے دوسرے اعضا اور کپڑوں کی حفاظت ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ جسم کے اندرونی حصوں کی حفاظت کریں جسم کی حرارت کو اعتدال پر رکھیں بالوں کو صاف اور چکدار رکھیں پھر جلد کی ساخت اور مسامات کے کھولنے اور بدن کو دھونے منھ، دانت ناخن صاف رکھنے، لباس کی صفائی پر مفصل بحث کی گئی۔

"بچوں کے عام امراض اور ان کا انسداد"

کم سماعت و بصارت طلبہ کو نزدیک بٹھا کر تعلیم دینی چاہیئے
لکنت کا علاج یہ ہے کہ بچوں کو بار بار پڑھنے کا موقع دیا جائے۔ نفسیاتی اصول پر طلباء جس فن سے دلچسپی رکھتے ہوں ویسا ہی کام [illegible] کا احساس دماغ سے دور کرنا چاہیئے [illegible]

[illegible]

ہونا چاہیئے طلبار کے مابین ۱۸ انچ کا فاصلہ رہنا ضروری ہے

"ذہنی حفظ صحت"

طلبار کی صلاحیت کے موافق تعلیم دینی چاہیئے مشکل باتیں نہ بتائیں طلبار کی شرکت عمروں کے لحاظ سے ہونی چاہیئے نازیبا حرکات کا سدباب ناصحانہ طریقہ سے کیا جائے جسمانی سزا اور زائد از ضرورت ہوم ورک سے احتراز چاہیئے تختہ سیاہ کا عمل صاف ہو تاکہ بصارت پر بار نہ پڑے۔ مدرسے کے نصف اول اوقات میں دقیق مضامین پڑھائے جا سکتے ہیں۔ مدرسین کی سخت گیری اور بدگوئی سے طلبار پر دہشت طاری ہوتی ہے ذہن معطل ہو جاتا ہے اس سے احتراز چاہیئے۔

"حفظ صحت متعلق جماعت مدرسہ"

مدرسہ اونچے مقام پر ہو جس میں دھوپ اور ہوا کا معقول انتظام ہو حفظ صحت کے اصول کے موافق لباس وغیرہ صاف رکھنے کی ہدایتیں دی جائیں۔ امراض متعدی سے بچوں کو بچانا چاہیئے جو بچے گندے میلے ہوں انہیں گھر واپس کر کے صفائی کی ہدایتیں دینی چاہئیں نگرانی رکھنی چاہیئے چھوٹے بچے آستین و دامن سے ناک صاف نہ کریں کتابیں اور کاپیاں پاک و صاف رکھیں۔ طلبار کی نشستیں باقاعدہ ہوں تختہ سیاہ پر روشنی منعطف ہو تعلیم در اصل دماغی نشوونما ہے سزائے جسمانی سے دماغ صحیح نہیں رہ سکتا جب دماغ صحیح نہ ہو تو پھر دماغی نشوونما کیسی سزا سے نہ صرف دماغ مرعوب بلکہ مفلوج ہو جاتا ہے۔

مرکز مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ	سال حال مدرسہ میں حسب ذیل جلسے ہوئے جن میں مندرجہ ذیل حضرات نے خیالات ظاہر کئے۔ مولوی

سعید الدین خاں صاحب، مولوی مصباح الدین صاحب، مولوی بہار الدین صاحب، مسٹر دونگے مولوی سید غوث الدین صاحب، مولوی عبد الجبار صاحب، مولوی احسان علی صاحب، مولوی محمد اسمٰعیل صاحب، مولوی غوث محی الدین صاحب، مولوی محمد فاضل صاحب، مولوی لیاقت علی خاں صاحب۔

"دماغی حفظ صحت"

ناقص دماغ افراد کے بے موقع اعمال استقامت تکمیل محافظ صحت دماغ ہے، تفنیات اور بیجا جذبات طبعی سے احتراز کرنا چاہیئے بچوں کی دماغی صحت کے لیئے اصول تعلیم سے کام لینا چاہیئے جو آسان ہوں اور دماغی قوی کو غلط نہ کریں حفظ صحت دماغی حفظ صحت جسمانی پر موقوف ہے، روحانی صدمہ شدید سنر البصری وسمی نقدان تکلم کا باعث ہے، طلباء کے دماغ پر زیادہ بار نہ ڈالنا چاہیئے۔

"مدرسہ اور اصول حفظ صحت"

مدرسہ کی عمارت اصول حفظ صحت اور مقاصد تعلیم کے مطابق ہونا چاہیئے۔ مدرسہ کے قریب باغ کا ہونا ضروری ہے تاکہ بچوں کو ہوا صاف ملے اور کاربانک اسیڈ گیس کو نباتات جذب کریں، مدرسہ کا محل وقوع ندی وغیرہ کے کنارہ ہو تو باعث ازدیاد فرحت ہے، عمارت مدرسہ کی خوشنمائی جاذب نظر و باعث انس طلباء ہے مدرسہ کے کمرے اغراض تعلیمی اور ماہران تعلیم کے خیال کے موافق ۳۰ × ۴۰ رقبہ کے، ایک منزلہ سقفی روشنی والے ہوں عمارت مدرسہ روغنی اور رنگین اینٹوں سے بنی ہوئی ہو کیونکہ چونے کی سفیدی آنکھوں میں خیرگی پیدا کرتی ہے۔

"طلباء کی عام بیماریاں اور اس کا علاج"

طبی اصول پر ضعف بصارت، آشوب چشم، ثقل سماعت، غدود کی بیماریوں، ضعف معدہ، قبض کی شکایت چار، نوشی کے نقصانات پر بحث کی گئی ہے پھر یہ بیان کیا گیا کہ مضمون کا مطلب ان امراض کو معلوم کرنا ہے جو تعلیم و تدریس سے متعلق ہیں دماغی وعصبی کمزوری، آنکھ کا ڈھیلا بڑھ جانا یا چھوٹا ہو جانا، آشوب چشم و ثقل سماعت، ناقص ٹائپ کی کتابوں، کمروں کی تاریکی وغیرہ کے نقصانات پر بحث کی گئی۔ اور اس کے انسداد کی صورتیں بتائی گئیں۔

"حفظ صحت اندرون جماعت"

روشنی اور اس کی قسموں، ہوا اور اس کی آمد و رفت، خراب ہوا کے نقصانات کلاس روم یا کمرہ جماعت کی نوعیت اور بلاک، بورڈ کے محل وقوع نیسے

تفصیلی بحث کی گئی۔ اور کہا گیا کہ ڈاکٹروں کے قول کے موافق ہر ساعت ۱۰ سو مکعب فٹ ہوا ہیا رہنا چاہیئے مدرسہ کی دیواریں پالش شدہ ہوں جو نمی کو جذب نہ کریں۔ سبز رنگ کی روشنی آنکھوں کو فرحت بخشتی ہے۔ تاریکی میں سمتی روشنی کا انتظام چاہیئے بچنیں پشت دار ہوں۔ ہر مضموں کے لئے علٰحدہ علٰحدہ کمرہ ہو تاکہ بچوں کو حالت بدلنے اور باہر نکلنے کا موقع مل سکے۔ تختہ سیاہ سبز رنگ کا ہو تو آنکھوں کو فرحت دہ ہوگا۔

مرکز مدرسہ وسطانیہ مسعد پورہ	سال حال مدرسہ ہذا میں حسب ذیل جلسے ہوئے جن میں مندرجہ ذیل حضرات نے خیالات ظاہر کئے

مولوی غلام غوث خاں صاحب، مولوی سید جمیل الدین صاحب، مولوی محمد علی صاحب مولوی محمد حسین صاحب آزاد، مولوی محمد عبد الحنان صاحب، مولوی سید زین العابدین صاحب، مولوی سید غلام محمود صاحب، مولوی عبد الرحمان صاحب، مسٹر کریا مولوی سید فرید الدین صاحب۔

"حفظ صحت شخصی وغیرہ"

مغربی ممالک میں جس قدر اصول حفظ صحت کا لحاظ ہوتا ہے اس کا ذکر کرکے بیان کیا گیا کہ ہمارے یہاں نادار والدین بچوں کے لباس اور کھانے اور پینے کا معقول انتظام نہیں کر سکتے مدرس کو چاہیئے کہ وہ خود صفائی لباس کا نمونہ بن کر طلبا کی توجہ کا باعث ہو سالانہ جلسوں میں دوسرے انعامات کے ساتھ صفائی کا انتظام مقرر کرنا چاہیئے۔ شخصی صفائی کے علاوہ گھر کی صفائی اور گلی کوچوں پر بھی زور دیا گیا بچوں کو ہدایت کرنا چاہیئے کہ وہ جماعت کو کوڑا کرکٹ سے غلیظ نہ کریں جو لوگ حفظ صحت کے پابند ہوتے ہیں انہیں روحانی فرحت حاصل ہوتی ہے۔ صوفیا نے لباس و جسم کی صفائی کو نصف ایمان بتایا ہے۔ ہفتہ میں کم از کم ایک دفعہ نہانا چاہیئے بچوں کو سن و شعور میں صفائی کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ والدین کو چاہیئے کہ وہ خود صفائی کا نمونہ بنیں۔ بچوں کو نماز کا پابند بنانا چاہیئے

"حفظ صحت دماغی"

حواس کا استعمال بجا طور پر ہونا چاہیئے، کمزور بصارت والوں کو

نزدیک بٹھا کر تعلیم دی جائے اور عینک کی ہدایت دینی چاہیئے۔ حافظہ کی کمزوری کو ڈرائنگ سے فائدہ ہوتا ہے مشاہدہ کی کمزوری میں مشاہدہ کا عمل حقیقی طور پر کرائیں۔ مختلف ذہنیتوں کے طلباء کا خیال ضروری ہے بچوں کی ہر کمزوری کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ اہم اور سخت تعلیم ابتدائی ساعتوں میں دی جائے۔ ذہنی کام کے بعد سخت دماغی کام نہ لیا جائے اختیاری مضامین میں بچوں کے رجحانات کا خیال ضروری ہے جسمانی سزا سے دماغ پر برا اثر پڑتا ہے۔ رٹانے کی عادت بری ہے۔ حواس کی تربیت سے دماغ کی تربیت ہوتی ہے۔ ہوم ورک کے لئے نظام الاوقات مقرر کرنا چاہیئے بچوں کے رجحانات اور کمزوریوں کو معلوم کرکے اصلاح کرنی چاہیئے۔ تعلیم ایسی ہو کہ دماغ پر بیجا بار نہ پڑے۔

مرکز مدرسہ وسطانیہ سلطان بازار سال حال مدرسہ ہذا میں حسب ذیل جلسے ہوئے جن میں مندرجہ ذیل حضرات نے خیالات ظاہر کئے۔ مولوی صدر الدین صاحب، مولوی برہان الدین صاحب، مولوی خواجہ محبوب علی شاہ صاحب، مولوی وجیہ الدین صاحب، مولوی اعجاز علی صاحب، مسٹر لچھمن سنگلہ، مسٹر راجیا، مسٹر ویرا چندریا، مسٹر رنگاراؤ۔

"شخصی حفظ صحت"

شخصی حفظ صحت کے لئے جادۂ اعتدال پر گامزن رہنے کی نسبت وضاحت کی گئی اور اس کے وجودی و خارجی اثرات کا ذکر کرکے انسدادی تدابیر بتلائے گئے اور اصول حفظ صحت کے مطالعہ پر زور دیا گیا اور طلباء کی نسبت یہ بتایا گیا کہ انہیں ناخنوں اور دانتوں اور اشیاء نوشت و خواند کی صفائی کے لئے تاکید کرنی چاہیئے۔

"دماغی حفظ صحت"

نشل بانجین سے مراد قوائے دماغ کی صحت ہے اور دماغی صحت کا انحصار فطرت، تربیت اور دماغ کے صحیح استعمال پر ہے۔ نصاب تعلیم سہل ہونا چاہیئے تاکہ بچوں کے قوائے دماغ متاثر نہ ہوں قوت حافظہ اور ذہن کی تربیت ضروری ہے جسمانی صحت کے بغیر دماغ صحیح نہیں رہ سکتا، خوف اور بیجا تاثرات و تخیلات وغیرہ

سے دماغ کو محفوظ رکھنا چاہیئے۔

"عام امراض اطفال اور ان کا تدارک"

طلبا کے امراض غدود حلق و دندان کا انسداد ضروری ہے۔ قابض اشیاء سے احتراز چاہیئے تاکہ معدہ کے امراض پیدا نہ ہوں۔ عاملان تعلیم کا فرض ہے کہ وہ امراض طلبہ کے انسداد کی طرف توجہ کریں۔ نیز ان میں اصول حفظ صحت کا لحاظ ضروری ہے۔

"مدارس کی عمارتوں کی حالت بلحاظ صفائی و حفظ صحت"

مدارس کی عمارت اور محل وقوع اصول حفظ صحت کے مطابق ہوادار، پاک و صاف اور بلند مقام پر ہونا چاہیئے۔ بیت الخلاء کا بطور خاص لحاظ ضروری ہے۔ وضع قطع عمارت کی نسبت وضاحت کی گئی۔

"اساتذہ کی شخصیت کا اثر ضبط مدرسہ پر"

ضبط مدرسہ سے مدرس کی شخصیت کا گہرا تعلق ہے۔ اگر مدرس معائب جسمانی سے بری ہو تو طلبا پر اس کا اچھا اثر پڑتا ہے مدرس کی صورت لباس تحمل، ضبط، استقلال، عزت نفس جفاکشی وغیرہ یہ سب چیزیں اس بارہ میں نہایت موثر ہیں۔

حفظ صحت اندرون جماعت"

اصل مضمون کے متعلق مکان مدرسہ انتظام نشست طریقہ تعلیم کتب اور فرنیچر وغیرہ سے بحث کی گئی۔ چاک کے سفوف سے احتراز کی تاکید کی گئی کیونکہ یہ پھیپھڑوں کو خراب کرتا ہے۔ کمرے اصول حفظ صحت کے موافق بنائے جائیں ٹائم ٹیبل میں مضامین باعتبار وقت رکھے جائیں۔ تکان کے موقع پر اہم اور مشکل مضامین نہ ہوں طلبہ کو بال اور ناخن کٹوانے کی تاکید کریں۔

مرکز مدرسہ وسطانیہ قلعہ گولکنڈہ | سال حال مدرسہ ہذا میں حسب ذیل جلسے ہوئے

صحت جسمانی کا تعلق لوازمات مدرسہ سے"

صحیح دماغ صحیح جسم میں ہوتا ہے اس لئے صحت جسمانی ضروری ہے،

مدرسہ آبادی سینما یا شراب خانوں کلب طوائف اور جوا خانوں سے دور رہنا چاہیئے تاکہ ماحول کا برا اثر نہ پڑے۔ مدرسہ میں نشستوں کا انتظام اصول حفظ صحت کے مطابق ہونا چاہیئے تاکہ نوشت وخواند میں بچوں پر ان کی خمیدگی سے بچا جا۔ نہ پڑے پھر یہ بحث کی گئی کہ کیسے ڈسک نقصان دہ ہوتے ہیں اور کیسے آرام دہ خراب فرنیچر کے نقصانات تختہ سیاہ رکھنے کے مقام باغیچہ گیمس اور اسپورٹس کے سامان کی ضرورت پر بحث کی گئی۔

"طلباء کی بیماریاں اور ان کا علاج"

اگرچہ قابل علاج ہیں۔ مثلاً بخار، آشوب چشم، نازش پائریا وغیرہ۔ مثلاً نقل جھوٹ چوری سستی، دیر حاضری جوا کھیلنا مگر خلاقی بیماریاں قبیلہ اور قوم و ملک پر اثر انداز ہوتی ہیں اس لئے ضروری ہے کہ الانسداد میں جلسہ انعامات منعقد کرکے سرپرستوں کو بلایا جائے اور ان کو توجہ دلانا چاہیئے۔

"قلبی حفظ صحت"

قلبی صحت سے مراد یہ ہے کہ خدا کی محبت، حب الوطنی، تمنا ایثار، اطاعت، حق شناسی وغیرہ جملہ مکارم اخلاق دل میں موجود ہوں کیونکہ قلبی صحت سے جسمانی صحت پیدا ہوتی ہے اور قلبی بیماریاں مثلاً جھوٹ بزدلی، غرور، حسد، غصہ، خوف، بہتان، ظلم، چوری، جوا وغیرہ جسم پر اثر انداز ہوا کرتے ہیں پھر ان کے تفصیلات سے بحث کی گئی۔ اور کہا گیا کہ مدرسین کو چاہیئے کہ طلباء کے نقائص کی اصلاح کریں۔

"صحت جسمانی بلحاظ کمرہ جماعت"

کمرہ جماعت کا محل وقوع موزوں اور ہوادار اور موسم کے مناسب ہونا چاہیئے چھت ایسی ہو کہ چڑیا گھونسلے نہ بنا سکیں نمی نہ ہو تاکہ مچھر پیدا ہو کر ملیریا نہ پیدا کریں۔ اس کے ہوا روشنی طلبہ کے نشستوں اور تختہ سیاہ کی نوعیت وغیرہ پر تفصیلی بحث ہوئی۔ طلبہ کی خراب عادتوں مثلاً ان کا کاغذات پھاڑنا جماعت میں کوڑا کرکٹ ڈالنا تھوک سے غلیظ کرنے کا ذکر کرکے ان کو ان کاموں سے باز رکھنے کی تاکید پر زور دیا گیا۔

جلسہ الوداعی

عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے کنٹب

۹ آذر ۱۳۴۷ف پنجشنبہ کا دن انجمن اساتذہ مستقر بلدہ کی تاریخ میں اپنے شاندار مظاہروں اور وفورِ جذبات کے باعث یادگار رہے گا اس روز جناب مولوی سید علی اکبر صاحب سابق صدر مہتمم تعلیمات بلدہ کو اسپیشل انسپکٹنگ افسر تعلیمات و معتمدی مجلس تعلیم ثانوی پر ترقی پانے کے سلسلہ میں مبارک باد دینے اور خدا حافظ کہنے کے لئے شاندار معیار پر عصرانہ ترتیب دیا گیا تھا۔ اس موقع سے یہ فائدہ اٹھایا گیا کہ مولوی فیض اللہ صاحب جعفری ایم، اے کنٹب بارایٹ لا حال صدر مہتمم تعلیمات بلدہ کو پُرخلوص طریقہ پر خوش آمدید کہا گیا۔

آل سینٹ ہائی اسکول کا بازی گاہ اس تقریب کے لئے مختص تھا شامیانہ کی تزئین و آرائش اور نشستوں کا انتظام سلیقے اور تکلف کے ساتھ کیا گیا تھا۔

مدارس بلدہ سرکاری و غیر سرکاری کے اساتذہ صاحبان شریک جلسہ تھے۔ اور معزز مہمانوں کی تعداد بھی کافی تھی علاوہ خواتین کے سررشتہ تعلیمات کے تمام عہدہ دار تشریف فرما تھے۔ جناب محمد حسین صاحب جعفری بی اے آکسن ناظم تعلیمات، جناب مولوی سید اظہر حسین صاحب بی۔ اے (علیگ) ہوم سکرٹری جناب مولوی سید محمد اعظم صاحب مولوی سجاد مرزا صاحب اور جناب خان فضل محمد خاں صاحب ایم، اے رجسٹرار کمشنر تنظیم تعلیمی بھی شریک جلسہ تھے۔

قرأت اور مدحیہ نظم کے بعد تقریریں ہوئیں مولوی عبدالستار صاحب سبحانی بی، اے، ال، ٹی صدر فوقانیہ دارالعلوم نے مدارس فوقانیہ کی نمائندگی فرماتے ہوئے کہا "آپ نے اپنی ملازمت کے دوران میں ہمیشہ محبت اور مودت کا سبق دیا اور

کبھی ہم نے محسوس نہیں کیا کہ ہم پر حکمرانی کی جا رہی ہے۔ آپ کے اخلاق ایسے تھے کہ آپ نے کبھی کسی کی دل آزاری نہیں کی۔ اگر کوئی مدرس کسی خاص کام کے لئے موزوں نہ تھا تو آپ نے ہمیشہ صدر مدرس سے باصرار کہا کہ کوئی مناسب و موزوں کام دیا جائے اس طرح اس مدرس کو کارآمد بنایا گیا۔ آپ سے گہری عقیدت اور کام کے والہانہ جوش کے ساتھ اگر ہمیں کوئی خیال تھا تو یہی کہ ہم اپنی لاعلمی اور ناعاقبت اندیشی سے کوئی کام ایسا نہ کر گذریں جو آپ کے دل کو دکھ دے۔ ہم سب آپ کی ماتحتی سے خوش تھے اور آپ کی رضاجوئی کے لئے کام کرتے تھے جب کبھی ترقی کا موقع پیش آتا تو آپ اپنی رائے متزلزل نہ ہونے دیتے تھے اور جب تک کسی حق تلفی کی تلافی نہ ہو آپ کو چین نہ آتا تھا۔ مولوی صاحب موصوف نے مولوی فیض الدین صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے جملہ مدرسین کی وفا شعاری کا یقین دلایا اور کہا کہ آپ کی قابلیت اور صفات پسندیدہ کی بنا پر میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آپ کا دور بھی ترقیوں کا حامل اور پرسکون رہے گا۔

مسٹر چنید اور کر ایم، اے صدر وسطانیہ سلطان بازار نے مدارس وسطانیہ کی نمایندگی کرتے ہوئے ایک بسیط تقریر کی جس کا لب لباب درج ذیل ہے۔

یہ بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ مستقر بلدہ پر جس قدر مفید اور تعلیمی سرگرمیاں دکھائی دے رہی ہیں۔ اُن کا وجود آپ کی اَن تھک کوششوں اور دلچسپیوں کا رہین ہے۔ آپ کی ذات میں ہم ایک ہمدرد مشیر نہ کہ تخریب کن ناقد پاتے تھے۔ آپ کا معائنہ نصابی مضامین کی حد تک محدود نہ ہوتا تھا بلکہ آپ ہر معائنہ میں کسی نہ کسی زائد نصابی مصروفیت کا بیج بو کر جاتے تھے۔ آپ کی ماتحتی میں ہم نے کامل آزادی اور ایک عظیم الشان برادری کا لطف اُٹھایا۔ مدرسین میں وسعت نظر پیدا ہو اور وہ حالات کے اعتبار سے پیش پیش رہیں اس کا خیال آپ کو ہمیشہ رہا اسی کے حصول کے لئے رسالہ حیدرآباد ٹیچر جاری کیا گیا، انجمن اساتذہ، مدرسین کا کلب زائد نصابی مصروفیات، سالانہ نمائش تعلیمی وغیرہ معرض وجود میں آئے مدرسین کی حیثیت سے ہمیں کبھی کوئی شکایت کا موقع نہیں ملا تا دم آخر ہم تشکر و امتنان کے ساتھ آپ کی بے مثل سادگی اور فقید النظیر

شائستگی و شرافت نفس یاد رکھیں گے۔

اس کے بعد امپیریل کانفرنس لندن اور وفاق انجمن ہائے مدرسین ہند کے سالانہ کانفرنسوں میں آپ کی شرکت کا ذکر اور آپ کی تصانیف جرمن اسکول سسٹم اور ایجوکیشن انڈر آصف جاہ نیز آپ کی علمی اور لسانی قابلیت اور رسالہ حیدرآباد ٹیچر کے مدیر مسئول ہونے کا تذکرہ کیا۔ پھر گرمجوشی کے ساتھ مولوی فیض الدین صاحب کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ آپ اس سمت میں نئے نہیں ہیں آپ کا دور بھی اپنے پیش رو کی طرح نمایاں کامیابی کا ضامن رہے گا۔ ریورنڈجی سندرم پرنسپل متعدد سٹ ہائی اسکول نے مدارس امدادی کی ترجمانی کی۔ موصوف نے مختصر مگر پرمغز تقریر میں کہا کہ آپ نے اپنی فطری خوش خلقی اور محیر العقول کارکردگی سے ہمارا دل موہ لیا آپ نے امدادی اور سرکاری مدارس کی تعبیر اس طرح کی جیسے ایک درخت کی دو شاخیں ہوتی ہیں جن کے ثمر ایک ہی ہیں اور جو زندگی کو خوش حال آسودہ اور مکمل بنانے میں یکساں خاصیت رکھتی ہیں۔ امدادی مدارس جن مشکلات میں مبتلا تھے اُن سے آپ ہمیشہ باخبر رہے۔ اگر مالی اعتبار سے ہماری پریشانیوں کو دور نہ کرسکے تو یہ ضرور ہوا کہ آپ نے وصف ذاتی اور ہمدردی سے ڈھارس بندھادی۔ مولوی فیض الدین صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے قابل مقرر نے فرمایا کہ آپ قابلیت ذاتی اور تجربہ وغیرہ سے لیس ہوکر تشریف لائے ہیں ہم کو یقین ہے کہ ہم آپ کی ماتحتی میں قابل قدر ترقی کریں گے۔ ہم آپ کے ہر منصوبے میں شریک ہونے اور کامل اشتراک عمل کا یقین دلاتے ہیں اور اُمید کرتے ہیں کہ اس حلقہ میں آپ کا دور ملازمت آپ کی زندگی کا بہترین حصہ ثابت ہوگا۔

مدارس تحتانیہ کی جانب سے مولوی مظفر الدین صاحب نے حلقہ شمالی اور مولوی نعمت اللہ خاں صاحب صوفی نے حلقہ جنوبی کی نمایندگی کی۔ ہر دو حضرات نے پرزور تقریریں کیں اور ایسے جذبات عقیدت اور خلوص کا مظاہرہ کیا کہ حاضرین پر اس کا خاص اثر ہوا۔ دونوں حضرات نے مولوی سید علی اکبر صاحب کے اوصاف پسندیدہ، رواداری، خوش خلقی اور مساویانہ برتاؤ نیز تعلیمی ترقی مدارس وطلبہ کی تعدا

میں اضافہ اور آپ کی نفید المثال ہر دلعزیزی پر اچھی طرح روشنی ڈالی۔

اس موقع پر حضرات شعراء نے بھی جو ایسی تقریبات کا جزو لاینفک ہیں سرگرم حصہ لیا چنانچہ ان کے مدحیہ کلام کا ضروری اقتباس بطور نمونہ اس مضمون کے آخر میں درج کیا گیا ہے۔

مولوی سید علی اکبر صاحب نے ان تقاریر کے بعد پہلے جملہ عہدہ داران مدرسین اور مقررین کا شکریہ ادا کیا پھر مذاحیہ طریقہ پر کہا کہ مبالغہ نظم میں ایک حد تک مباح و جائز ہے مگر مقرر صاحبان ان سے بھی بازی لے گئے۔ سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ جو کچھ بھی کامیابی نصیب ہوئی وہ بڑی حد تک نواب مسعود جنگ بہادر مرحوم کی تربیت کا نتیجہ ہے جو ان کے دور نظامت میں حاصل ہوئی ان کے زمانہ نظامت کا نظم و نسق تین اصولوں پر مبنی تھا اولاً یہ کہ تمام معاملات کا تصفیہ ذاتیات سے ہٹ کر بلا رواداری کے کیا جائے۔ ثانیاً جملہ عہدہ داران اور مدرسین اشتراک عمل اور رشتہ مواخات میں منسلک ہوں ثالثاً سررشتہ کے وقار کو بڑھایا جائے۔ ان اصول پر کاربند ہو کر جو کچھ کام اس حلقہ میں ہوا وہ آپ کے اشتراک عمل اور اتحاد کا نتیجہ ہے اس کے بعد صاحب موصوف نے ان مسائل کی فہرست گنائی جو مزید توجہ کے محتاج ہیں مثلاً ضبط مدرسہ اور سیرت سازی وغیرہ۔

یہ امر موجب طمانیت ہے کہ زائد نصابی مشاغل کی قدر و قیمت روز افزوں بڑھتی جا رہی ہے۔ اگر ان مشاغل کی باقاعدہ تنظیم کر لی گئی تو یہ طلبہ کی سیرت سازی اور شہریت کی تربیت میں بمقابلہ اخلاقی تعلیم کے زیادہ موثر ثابت ہوں گے۔ سیرت سازی کی کوئی اسکیم اس وقت تک کارگر نہیں ہو سکتی جب تک کہ مدرس ان صفات کا جو وہ طلبہ میں پیدا کرنا چاہتا ہے نمونہ نہ بنے۔

انجمن اساتذہ حیدرآباد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کے قائم کرنے میں دوگونہ مقصد تھے اولاً یہ کہ مدرسین کو اپنے پیشہ میں دلچسپی پیدا ہو اور دوسری یہ کہ اخوت کی روح ان میں سرایت کر جائے۔ شرکائے انجمن سے اپیل کی کہ وہ انجمن کے

ساتھ اپنی دلچسپی برقرار رکھیں اور مولوی فیض الدین صاحب کے تقریر پر خوشی ظاہر کرتے ہوئے شرکائے انجمن سے کہا کہ جیسا اتحاد عمل ان کے زمانہ میں رہا دہی مولوی فیض الدین صاحب کے ساتھ برقرار رکھا جائے۔

مولوی فیض الدین صاحب نے داعیان جلسہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اطمینان دلایا کہ وہ اپنے پیش روکے نقش قدم پر چلیں گے۔ صدر جلسہ مولوی خان فضل محمد خانصاحب نے صدارتی تقریر میں فرمایا کہ جس قدر تقریریں ہوئیں ان میں مبالغہ کا شائبہ تک نہ تھا بلکہ بخلاف اس کے مدح و توصیف کا پہلو جس کے ہر دو اصحاب مستحق تھے کم تھا

انتخاب ملیحہ کلام

مولوی سید علی محمد صاحب اجلال مددگار مدرسہ فوقانیہ چنچلگوڑہ کی نظم ضروری قدر درج ذیل ہے۔ نظم کیا ہے گویا خلوص و عقیدت کا آئینہ ہے۔

اے علی اکبر وحید عصر یکتائے زمن
بحر تعلیمات میں اے گوہر نایاب فن

اے نظام شمس تعلیمات کے ماہ منیر
آسمان علم و فن کے نجم بے روشن جبیں

قدر کے قابل تری تعلیم سے دلچسپیاں
درسگاہوں کی زمینیں ہوئی ہیں آسمان

قابل صد آفریں ہے تیرا حسن انتظام
حق شناسی سے کیا ہر ایک کا ...

توشریف النفس حق آگاہ ہے منصف مزاج
محکمہ کو تھی تجھ ایسے افسروں کی ...

باوجود جاہ و عزت نام کو نخوت نہیں
تو ہے چشم فیض خود بینی تری فطرت ...

رہروان راہ تعلیمات کا رہبر ہے تو
افسری جس کے لئے زیبا ہے وہ ...

یہ زباں کہتی ہے رخصت کیجئے ہو کر حزیں
افسری کا وہ تعلق راست اب ...

دل یہ کہتا ہے زبان سے دے مبارکباد یاں
رتبہ وہ عالی دیا حق نے جو تھا شایان شان

پہلے جو ہم سب سے اکبر تھا وہ اکبر اب بھی ہے
افسری کا تاج جو پہلے تھا سر پر اب بھی ...

یہ سخن کے چند موتی ہیں بطور ارمغاں — ان سے ہے میری عقیدت در خلوص دل عیاں
یہ دعا اجلال کرتا ہے خدا سے بار بار — نیر بلاغ جاہ و عزت میں رہے ہر دم رواں

مولوی عبد الطاہر صاحب طاہر مددگار مدرسہ آل سنٹ ہائی اسکول کے دو ترجیع بند نمونتہً درج ذیل ہیں۔

آپ کے اخلاق کا شہرہ جہاں میں چار سو — آپ کی ہمدردیاں نوک زبان آرزو
تذکرہ ہے آپ کے ملنے والوں کی گفتگو — صاحبان علم و فن کو آپ کی ہے جستجو
آپ کی طبع رسا نقاد اہل علم و فن — اور ذہن نکتہ پرور ہے معانی کا چمن
اے خوشا محکوم جن کا ہے حاکم ہو — ہے نہایت عمدہ پسندیدہ ہو جس کا انتظام
اہل عملہ مانیں سر آنکھوں سے حکم خاص و عام — جان سے دل سے کریں حاکم کا اپنے احترام
پھر نہ کیوں شاد ہوں جب ہیں افسر دور رس — اے دل بجو بلا پھر ادبی رنجور رہو

مولوی محمد عبد السلام صاحب ذکی مددگار مدرسہ فوقانیہ دار الشفا نے ایک دلچسپ نظم پڑھی جس میں ظاہر کیا کہ چمن میں خزاں کا دور دورہ تھا موصوف کے انتظامات سے مدرسہ تو شگفتہ ہو گیا۔ آگے نمونہ کے چند شعر نقل کئے جاتے ہیں۔

چمن کے گوشہ گوشہ میں کی اس نے تازہ گلکاری — مسیحائے چمن نے پھونک دی اک روح بیداری
غرض تھوڑے ہی عرصے میں پلٹ دی باغ کی کایا — گھٹا رحمت کی بن کر باغباں گلزار میں آیا
علی اکبر ہے ان کا نام نامی پوچھتے کیا ہو — وہ ہیں تعلیم علم و فن کے حامی پوچھتے کیا ہو
جدا ہوتے ہو اب ہم سے خدا حافظ خدا حافظ — ہمارے مونس و ہمدرد آشنا حافظ خدا حافظ
نغمہ ہوتا ہے ذکی آئین قدرت ہے — بہر صورت ادائے فرض تو اپنی عبادت ہے

مولوی محمد زکریا صاحب مائل مددگار مدرسہ فوقانیہ انوار العلوم نامپلی نے فضائل کی تمہید کے بعد مدحیہ بند پڑھے جو درج ذیل ہیں۔

ہے عقل دنگ کہ پھر ان کو اور کیا کہئے — اگر نہ علم و فضیلت کا مدعا کہئے
بجا یہی ہے کہ جو میں نے کہہ دیا کہئے — بس ان کو علم کی کشتی کا ناخدا کہئے
قبول کیسے حسن اہتمام ان کا — نہیں ہے شہر کے کس مدرسہ میں نام ان کا

وہ ہم سے ہوتے ہیں رخصت اب انکا صدمہ　　اگرچہ سہل نہیں رنج یہ ہیں سہنا
مگر خوشی سے اسے ہم نے دل پہ جھیل لیا ہے　　خوشی کا موقع ہے ایسے میں غم سے مطلب کیا
خدا کا شکر ہے دونوں کے بڑھ گئے رتبے　　وہ معتمد ہوئے چمکے نصیب مجلس کے
خدا کے فضل سے پھر جانشین بھی انکے　　ہیں علم و فضل و مروت میں لاجواب ایسے
بجا ہے مجمع خوبی اگر انھیں کہیے　　بڑی امیدیں ہیں قوم اور ملک کو ان سے
فیض دین ہیں تو ہے دین کو ان کی ذات سے فیض　　عیاں جبھی تو ہے ان کی ہر ایک بات سے فیض

مولوی امیر علی صاحب قادری صدر مدرس مدرسہ تحتانیہ لال دروازہ نے دو شعر کا ایک قطعہ سنایا جس کے ایک شعر میں رنج و مسرت کا مضمون بطور لف و نشر مرتب بڑی خوبی سے آیا ہے جو ذیل میں لکھا جاتا ہے۔

رنج ان کی جدائی کا ترقی کی خوشی ہے　　افسوس زبانوں پہ ہے ہونٹوں پہ ہنسی ہے

مولوی محمد حامد خان صاحب ہندی مددگار مدرسہ فوقانیہ انوار العلوم نامپلی نے ایک فارسی قصیدہ شعرا متقدمین کی طرز پر سنایا۔ مدح ممدوح کے چند شعر رقم ہیں۔

یکے ازاں کہ علی اکبرش ہمی گویند　　اگر کمال بنازد برو بود زیبا
ہنر پذیر و ہنر آور و ہنر آگاہ　　ہنر شناس و ہنر پرور و ہنر آرا
سمو و رفع و علا را وجود او تفسیر　　سمای شوکت و اجلال را درش معنی
مشار الیہ جہان شد مشیر تعلیمی　　پناہ علم و ہنر شد کمال را ملجا
اگرچہ شد متمکن بہ چرخ عز و شرف　　مگر نہ فیض جدا می شود ز ما اصلا

مولوی آقا محمد خاں صاحب طلعت مددگار مدرسہ فوقانیہ دار الشفا نے جو فارسی نظم سنائی ہے اس کے چند مدحیہ شعر یہاں درج کئے جاتے ہیں۔

ایں ترقی و تعالی را تو در ہر مدرسہ　　از عنایات شہ و رائے علی اکبر نگر
پرورش جاں معارف از علی اکبر گرفت　　علم و عرفاں را علم از سعی ایں افسر نگر
گر علی اکبر ز من پرسد چہ داری نذر با　　گوئمش اے محترم بر نظم ایں احقر نگر
از جمال ورد سے فیض الدین زرین رقم ادب　　چشم دل بکشا و رنگ و رونق دیگر نگر

من می گویم کہ از احوال طلعت غافلی — چوں بجالش بنگری باری ازیں بہتر نگر

مولوی محمد عبد المجید صاحب مجید مددگار مدرسہ فوقانیہ دار العلوم نے ایک فارسی نظم سنائی جس کا انتخاب بطور نمونہ درج ذیل ہے۔

چہ نام پاک علی اکبر ست نام شما — علو نام کشد اکبر مقام شما

حسین ناظم و نائب جو تو علی اکبر — نظام علم شود نو ز انتظام شما

کنوں کہ معتمد مجلس علوم اسیتد — بہار علم شود تازہ ز اہتمام شما

جناب فیض کہ فیضان خاص او عام است — ہمیشہ گام زند بر نقوش گام شما

مجید صبح و مسا انجمن ہمی گویند — ہمیشہ صبح شود تا نباک شام شما

اراکین کلب نے صاحب ممدوح کو ایک وداعی ڈنر دیا تھا۔ اس موقع پر عبد المجید صاحب فاروقی مددگار دار العلوم نے مدحیہ نظم سے حاضرین کو محظوظ کیا جس کا انتخاب پیش کیا جاتا ہے۔

ذرہ ذرہ عزت خورشید ہے — تیرا اے خاک وطن کیا پوچھنا

آج خورسند ہے حیدرآباد دکن — اس کا اک فرزند جو پھولا پھلا

محترم سید علی اکبر ہے وہ — تھا جو صدر مہتمم تعلیم کا

بورڈ کا تعلیم کے سکرٹری — ملک کی خوش قسمتی سے ہو رہا

قابلیت ارفع و اعلیٰ بہت — وہ اسی قابل تھا اس سے سوا

صاحب فضل و کمال و علم و فن — فاضل و علامہ مستشرق بڑا

اپنے ہر چھوٹے سے وہ چھوٹا رہے — ہر بڑے سے وہ نظر آئے بڑا

جانے کس کس انجمن کا صدر ہے — صدر لیکن اس کلب کا ہے بڑا

عمر خیر و عافیت سے ہو دراز — صدق دل سے ہے کلب کی یہ دعا

ہو ترقی پر ترقی رات دن — دولت و اقبال ہو حد سے سوا

افتتاحیہ

صدر انجمن اساتذہ بلدہ حیدرآباد

مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے کنتب صدر انجمن اساتذہ و مدیر مسئول رسالہ ہذا نے اب سے چودہ سال پیشتر ۲۹؍ آذر ۱۳۳۳ف کو صدر مہتمی تعلیمات بلدہ کا جائزہ لیا۔ اسی سال ہماری انجمن کے افتتاح کی کارروائی (جس کے اغراض و مقاصد کے نشر کا رسالہ ہذا آرگن ہے) صاحب ممدوح نے شروع کی۔ محکمہ سرکار سے قواعد کی منظوری اور دفتری کارروائی ہوتے ہوتے ایک سال گزر گیا۔ اس لئے انجمن کا باضابطہ افتتاح ایک سال بعد یعنی ۱۳۳۴ف میں عمل میں آیا جب سے اب تک اس انجمن کے بانی اور موسس اعلیٰ یعنی مولوی سید علی اکبر صاحب ہی انجمن کے صدر رہے اور اس کے چھوٹے بڑے ہر معاملہ میں ذاتی دلچسپی لی۔ اب چونکہ آپ نے بہ عہدہ سکریٹری بورڈ آف ایجوکیشن و اسپشل انسپکٹنگ افسر تعلیمات ترقی پائی ہے اور بلحاظ قواعد عہدہ صدر مہتمم وقت کو صدر انجمن ہونا چاہئے اس لئے آپ صدارت انجمن سے سبکدوش ہوگئے۔

ان آنکھوں نے وداعی جلسہ میں جو کچھ بھی مناظر دیکھے اس کی روئداد علیحدہ شائع کی گئی ہے۔ وہ وداعی جلسہ نہ تھا بلکہ دل و دماغ کی ایک والہانہ کشمکش تھی یا ان کا باہمی تصادم تھا۔ گو عقل سلیم کو یہ باور کرنے کا موقع تھا کہ ترقی ملی، درجہ بلند ہوا اس لئے خوش ہونا چاہئے مگر دل نہیں مانتا تھا۔ سال چھ مہینے نہیں بلکہ پورے چودہ برس کا ساتھ چھوٹا جس میں ہم نے ایک دوسرے کو بخوبی دیکھا بھالا اور جانا پہچانا۔ مختلف حیثیتوں میں اپنے صدر کو کام کرتے ہوئے کانفرنس کے جلسوں، تقاریر، اسباق نمونہ، باغبانی کے مقابلوں اور نمائش کی تیاریوں میں بذات خود دلچسپی لیتے ہوئے دیکھا۔ جو حضرات ان امور کی حقیقت سے واقف ہو کر وداعی جلسہ میں شریک تھے یقیناً اس نتیجہ پر پہنچ گئے ہوں گے کہ اس وقت کی

دل و دماغ کی والہانہ کشمکش یا ان کا باہمی تصادم کس قدر حق بجانب تھا۔ ایک شاعر نے اسی جلسہ میں ہمارے جذبات کی بڑی خوبی سے ترجمانی کی ہے ؎

رنج اُن کی جدائی کا ترقی کی خوشی ہے　　افسوس زبانوں پہ ہے ہونٹوں پہ ہنسی ہے

آپ کی ذات والاصفات بمنزلہ ایک الکٹرک پاور ہاؤس ایک ڈائنمو یا خورشید خاور کے تھی جس سے ہر شخص تقویت پاتا اور کسب ضیا کرتا تھا۔ آپ نے حکومت نہیں کی مگر دلوں کو رام اور مسخر کر لیا تھا۔ حضرت غفران مکان نور اللہ مرقدہ کا شعر کس قدر برمحل ہے

ہوتے ہیں زر و سیم پہ سب کے سکے　　ہم وہ ہیں کہ سکہ ہے دلوں پر اپنا

اب ہم جذبات سے ہٹ کر ان اصلاحات پر طائرانہ نظر ڈالیں گے جو اس دور میں پایۂ تکمیل کو پہنچے یا جن کے سرسبز ہونے کی توقع ہے۔

صدر مہتممی تعلیمات بلدہ کا جائزہ لینے کے دوسرے سال ۳۴ء میں انجمن اساتذہ کا افتتاح ہوا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ علمی اور نفسیاتی مباحث سے جن کا جاننا اساتذہ کے لئے ازحد ضروری ہے وہ باخبر اور پیش پیش رہیں چنانچہ مدرسین بلدہ نے کم و بیش ۱۴۰ عنوانات پر اب تک بحث کی ہے۔ یہ وہ مسائل تھے جن کا تعلق براہ راست اُن کے پیشہ سے تھا اور وہ تعلیمی اور نفسیاتی اہمیت رکھتے تھے۔ مدرسین کو ہر مہینہ میں ایک مرتبہ ایک جگہ جمع ہونے اور میل جول بڑھانے اور رشتہ مواخات سے منسلک ہونے کا جو موقع ملا اور فوائد حاصل ہوئے وہ مزید برآں ہیں۔

انجمن کے قیام کی یہ غرض تھی کہ ملک کے طول و عرض میں اُس کے مقاصد و اغراض کو پھیلایا جائے اس کے لئے رسالہ کا اجرا عمل میں آیا جس نے ابتدائی دور کی کٹھن منزلیں طے کر لیں، مالی حالت استوار ہو گئی اور وہ اپنے پیر پر کھڑا ہونے کے قابل ہو گیا۔ رسالہ حیدرآباد ٹیچر ممالک محروسہ سرکار عالی کا ایک خاص تعلیمی آرگن ہے جو مدرسین کے لئے مختص ہے جس میں حشو و زوائد یا قصے کہانیاں نہیں بلکہ ٹھوس تعلیمی مضامین انگریزی اور اردو میں شائع ہوتے ہیں رسالہ نے اپنے دور حیات میں کچھ نہیں تو تقریباً تین ہزار صفحہ کا مواد اردو میں اور اتنا ہی انگریزی میں پیش کیا۔ رسالہ کے ابتدائی زمانہ میں جب کہ تعلیمی

مباحث پر قلم اٹھانے والوں کا قحط تھا اس کے صفحات مغربی تجارب علمی اور نفسی سے مالا مال رہے۔ یہ سب انجمن کے صدر اور رسالہ ہذا کے مدیر مسئول کی دلچسپیوں کا نتیجہ ہے جو اس کے مدیر مسئول ہی نہیں بلکہ مضمون نگار، مصحح، پروف ریڈر سب ہی کچھ تھے بمصداق خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گلِ کوزہ۔ آپ نے ہر چھوٹے بڑے معاملہ میں دلچسپی لے کر انجمن میں تازہ روح پھونک دی۔

انجمن کے اغراض کو ملک کے طول و عرض میں پھیلانا چھوٹا منھ بڑی بات تھی شروع میں اغیار نے چہ میگوئیاں کیں۔ مگر اب رسالہ کی اشاعت (۹۰۰) ہے جس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ان مقاصد کی تکمیل کہاں تک ہوئی۔ اس کے ماسوا ذیل میں اور بہت سے امور درج کئے جاتے ہیں جو اس دور میں انجام دئے گئے جن کا بالواسطہ یا بلاواسطہ انجمن سے تعلق تھا۔

۳۳ف میں صدر انجمن اساتذہ بلدہ نے ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ علیگڈھ میں شرکت کرنے کے بعد تعلیم بالغاں پر رپورٹ پیش کی اور ایک ماڈل پرائمری اسکول کی تحریک فرمائی جس میں کنڈر گارٹن اور طریقہ مانٹی سوری کے تعلیم کی اردو میں حمایت کی گئی تھی۔ موجودہ ماڈل پرائمری اسکول اس تحریک کا مادّی ثبوت ہے۔ محترم صدر نے تعلیم بالغاں پر اسی زمانے میں کئی پبلک لکچر دئے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ متعدد مدارس شبینہ قائم ہو گئے۔ ۳۵ف میں ۶ تا ۱۲ سال کے طلباء جو صدر و صفائی میں تقسیم ہیں ان کا شمار کر کے رپورٹ پیش کی گئی۔ یہ جبری تعلیم کا مقدمہ تھا چنانچہ اسی بناء پر دو سال بعد یعنی ۳۷ف میں منجانب سرکار آپ کو میسور بھیجا گیا وہاں کے نظام تعلیم کا خاکہ دیتے ہوئے آپ نے جبری تعلیم کے تفصیلات پیش فرمائے۔

۳۶ف میں آپ کو امپیریل ایجوکیشن کانفرنس لندن میں شرکت کے لئے منجانب سرکار بھیجا گیا جس کی رپورٹ بھی اہتمام اور شرح و بسط کے ساتھ چھپ چکی ہے۔

۳۰ف میں معائنہ طبی طلبائے مدارس کے بارہ میں رپورٹ پیش کی گئی الحمد للہ یہ تحریک بار آور ہوئی نہ صرف ملیریا ڈپارٹمنٹ کی جانب سے بچوں کے طحال وغیرہ

کا معائنہ ہو رہا ہے بلکہ علیحدہ ڈاکٹر مامور ہو چکے ہیں جو نہایت تفصیلی معائنہ کرتے ہیں۔

۳۹ف میں نظامت تعلیمات کی مقررکردہ سب کمیٹی تعلیم تاریخ وجغرافیہ میں شرکت کی گئی اور نصاب کی تیاری عمل میں آئی۔ ان مضامین کی تعلیم اور نصاب میں جو کچھ تبدیلی اور اصلاح ہم دیکھتے ہیں وہ سب کمیٹی مذکور کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

۴۰ف میں بربناء حکم خداوندی نواب صلابت جاہ بہادر کے دورہ یورپ میں آپ ساتھ رہے اور اسی سال آل ایشیا تعلیمی کانفرنس منعقدہ بنارس میں شرکت فرمائی اور وہاں سے کلکتہ جاکر بہرے گونگے اور اندھے طلباء کے مدارس کا معائنہ فرمایا اور بعد واپسی ایسے طلباء کے لئے مخصوص مدارس کے قیام کی اسکیم پیش کی جو اب بارآور ہوتی نظر آتی ہے۔

۱۳۴۱ف میں ماڈل پرائمری اسکول کا قیام عمل میں آیا اس کا جزئی اور کلی انتظام صاحب موصوف ہی نے کیا۔ اسی سال آپ کی معرکتہ الارا تصنیف جرمن اسکول سسٹم انگریزی میں طبع ہوئی جس نے اہل فن سے خراج تحسین حاصل کیا۔

۱۳۴۴ف میں شاہی وصرفخاص کے مدارس کی تنظیم کے لئے رپورٹ پیش کی اور تحتانوی تعلیم کی توسیع واصلاح کے لئے بھی تفصیلی اسکیم پیش فرمائی۔

۱۳۴۵ف میں وفاق انجمن ہائے اساتذہ ہند کے سالانہ جلسہ منعقدہ گوالیار نیز ایجوکیشنل کانفرنس میں شرکت عمل میں آئی۔ ۴۶ف میں بہ تقریب سلور جوبلی سررشتہ تعلیمات کی تاریخ ایجوکیشن انڈر آصف جاہ دی سونتھ شائع کی گئی۔ جس کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ وقتاً فوقتاً خصوصی لکچروں کا انتظام عمل میں آیا۔ یہ سب مولوی سید علی اکبر صاحب کی دلچسپی اور ادبی ذوق کی دلیل ہے کہ حیدرآباد میں جب کبھی کوئی بڑا آدمی آیا تو اس کے زرین خیالات سے مستفید ہونے کا موقع اراکین انجمن کو بھی بہم پہنچایا۔

انجمن کی سرپرستی اور آپ کی رہبری میں اب تک ۱۷ سب کمیٹیاں مقرر ہوئیں جن کی رپورٹیں شائع ہو چکی ہیں یہ کام کچھ ایسا نہیں ہے کہ معمولی سمجھا جائے رپورٹیں

ان اہم مسائل سے متعلق ہیں جن کی ضرورت میدان تعلیم میں مسلمہ اور اہم ہے۔ یہ کسی رکن کی تنہا کوششوں کا نتیجہ نہیں ہیں بلکہ گھنٹوں اراکین انجمن سر سے سر جوڑ کر بیٹھے اور عرق ریزی کے ساتھ رپورٹ مرتب کی۔

حال ہی میں زائد نصابی مشاغل کے ادارہ کا قیام عمل میں آیا ہے۔ کام شروع ہوچکا ہے اس کی روز افزوں اہمیت کے مدنظر یقین ہے کہ مستقبل قریب میں غیر معمولی ترقی ہوگی جس سے طلبا کی سیرت سازی میں بیش بہا مدد ملے گی۔

مختصر یہ کہ ہمارے صدر، انجمن کے روح رواں تھے یہ پودا لگایا ہوا آپ ہی کا ہے جس کی آبیاری خون دل سے کی گئی۔ اراکین کا فرض ہے کہ اس کو پھلتا پھولتا رکھیں۔

حال صدر انجمن جناب مولوی محمد فیض الدین صاحب ایم اے کنٹب بار ایٹ لا کا پرخلوص استقبال اراکین انجمن کی طرف سے ادا کرتے ہوئے ہم اپنے اشتراک عمل و اتحاد کا کامل اطمینان دلاتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ کی رہبری و قیادت میں انجمن نمایاں ترقی کریگی۔

قطعہ تاریخ

بہ تقریب ترقی عالیجناب سید علی اکبر صاحب

معتمد علمی جماعت کے علی ٭ سن بلندی نے کہا سر کو جھکا
۱۳۵۶ھ

کرکے فرش راہ سر اقبال نے ٭ معتمد تعلیم کے اکبر کہا
۲ ۱

از مولوی عبدالمجید صاحب فاروقی ۱۳۵۶ھ

شذرات

نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام تعلیمات وسیاسیات کا دورہ محبوب نگر

یکم ماہ ۔ روز جمعہ۔ موجب پروگرام نواب ظہیر یار جنگ بہادر اول تعلقدار، مولوی اسد حسین خان صاحب صدر مہتمم تعلیمات سمت میدک، مولوی سید مہدی علی صاحب بلگرامی مہتمم تعلیمات، مسٹر آر۔ وینکٹ راؤ مانویکر صدر مدرسۂ فوقانیہ بحیثیت ویلر مہدی رد ان و تعلقدار و معززین مقامی استقبال کے لئے موضع ین گنڈہ پہنچے جہاں براے کارہائے انتظام دیہی پہلے سے ہی پہنچ چکے تھے۔ وقت مقررہ پر نواب صدر المہام بہادر مولوی سید محمد حسین جعفری ناظم تعلیمات کی معیت میں نائرین گنڈہ ہوئے صاحب ضلع کے استقبال اور حاضرین سے تعارف کے بعد موضع کی آبادی کا معائنہ فرمایا گیا جہاں کہ صاحب ضلع و مولوی مصلح الدین صاحب تحصیلدار کی کوششوں سے تنظیم دیہی کا کام معقول پیمانہ پر ہو چکا ہے۔

نو تعمیر چاوڑی میں طلبائے مدرسہ مدرس صاحب کی زیر نگرانی مصروف درس و تدریس تھے جن کا کارہائے تنظیم دیہی کے ساتھ مکرر قیام عمل میں آیا ہے۔ کارہائے تنظیم دیہی کو ملاحظہ فرما کر اظہار خوشنودی کیا گیا۔ چاوڑی کے روبرو کچھ دیر توقف اور مولوی احمد عبداللہ صاحب مسدوسی بی۔ اے۔ یل یل بی وکیل کی تقریر موسومہ موضع ین گنڈہ کی تنظیم ترقیات سماعت فرمانے کے بعد نواب صاحب ممدوح الشان نے تنظیم دیہی کی ضرورت واضح فرمائی اور دیہی رعایا سے ملنے اور ان کے حالات کا مشاہدہ کرنے کا موقع حاصل ہونے پر اظہار مسرت فرمایا۔ پنڈت نارائن راؤ صاحب وکیل نے انہیں ہمدردانہ خیالات کی ترجمانی بزبان تلنگی کی۔ جملہ حاضرین، طلبا مدرسہ وجمیع رعایا دیہی کے ساتھ نواب صاحب معز کی تصویر کشی ہوئی۔ ساڑھے پانچ بجے

عہدہ داراں وغیرہ کی ہمراہی میں محبوب نگر روانہ ہوئے انگلش بنگلہ میں قیام عمل میں آیا جہاں پولیس کے دستہ نے سلامی دی۔ نواب ظہیر یار جنگ بہادر میر مجلس آفیسرز کلب کی استدعا پر آپ کی دعوت قبول فرمائی گئی۔ عمارت کلب کی آراستگی سلیقہ سے عمل میں آئی تھی۔ ٹھیک آٹھ بجے نواب صدر المہام بہادر بہ ہمراہی جناب ناظم صاحب تعلیمات کلب تشریف لائے۔ عہدہ داران و اراکین کلب نے استقبال کیا۔ بعد فراغت طعام نواب صاحب ممدوح نے حاضرین کو تقریباً ایک گھنٹہ تک تبادلۂ خیالات کا موقع عطا کیا۔ مسئلہ تعلیم پر نواب صاحب کے خیالات سے جمیع حاضرین متفیض ہوتے رہے مولوی مرتضیٰ خاں صاحب سیول لین منصف و معتمد کلب نے منجانب اراکین نواب صاحب کی تشریف فرمائی کا شکریہ ادا کیا۔ جواباً نواب صاحب نے عہدہ داران و اراکین کلب کا شکریہ ادا فرماتے ہوئے توسیع تعلیم کے مسئلہ پر اپنے گرانقدر خیالات کا اظہار فرمایا۔ ازاں بعد مراجعت فرمائی عمل میں آئی۔

۲؍ دے ۱۳۴۸ف روز شنبہ۔ نواب صدر المہام صاحب بہادر نے صاحب ضلع کی ہمراہی میں محکمہ اول تعلقداری کی جدید عمارت کا صبح ۹ بجے معائنہ فرمایا۔ ازاں بعد مدرسہ کی اراضی کا معائنہ اور حصول اراضی کا تصفیہ بلحاظ ضروریات سررشتہ فرمایا۔ ہمراہی میں جناب ناظم صاحب تعلیمات و صاحب ضلع تھے۔ موقع پر صدر مہتمم صاحب و مہتمم صاحب تعلیمات پہلے ہی سے موجود تھے۔ ساڑھے ۹ بجے مدرسہ فوقانیہ کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے۔ جمیع عہدہ داراں تعلیمات ہمراہ تھے۔ صدر مدرس نے کے استقبال اور اسکوٹ ٹروپ کی سلامی کے بعد مدرسہ کا تفصیلی معائنہ کیا گیا قابل اطمینان حالت اور صدر مدرس صاحب کی حسن کارگذاری پر مسرت اور خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ اس کے بعد محکمۂ اول تعلقداری کی قدیم عمارت کا معائنہ ہوا جہاں مولوی سید علی اصغر صاحب مددگار مہتمم تعمیرات موجود تھے۔ ناظم صاحب تعلیمات کی تحریک پر نواب صاحب نے اس عمارت کو مقامی مدارس کے لئے موزون قرار دیتے ہوئے تشخیص معاوضہ کے لئے ارشاد فرمایا بعد ازاں دواخانہ و جیل کا معا

عمل میں آیا۔ صاحب ضلع، عہدہ داران تعلیمات و ڈاکٹر افتخار الدین حسین صاحب سیول سرجن ہمراہ تھے۔ دواخانہ اور جیل کے متعلق متعدد امور سیول سرجن صاحب سے دریافت فرماتے رہے۔ دواخانہ کی منظم حالت اور جیل خانہ کی صفائی پر نواب صاحب نے اظہار مسرت فرمایا۔ سہ پہر میں کار ہائے تنظیم دیہی کے معائنہ کے لئے ناظم صاحب و مہتمم صاحب تعلیمات کے ہمراہ راہی موضع بوتے پلی ہوئے جہاں صاحب ضلع نے عہدہ داران مقامی و اراکین سدر بنک امداد باہمی محبوب نگر کے ساتھ استقبال کیا۔ نواب صاحب نے کار ہائے تنظیم دیہی کا معائنہ کیا اور دوران معائنہ میں باڈریس رضاکار ریپرایسیاں تحریکات کو جو صرف انتظام تھے اور صاحب ممدوح الشان نے اطراف رعایا کے احتجاج میں مانع و مزاحم ہو رہے تھے انتظام سے باز رکھا۔ نواب صاحب کے اس ناقابل فراموش درس مساوات سے حاضرین بیحد متاثر ہوئے۔ یہیں پر موضع کے جدید تعمیر شدہ بلند و کشادہ ہال میں جشن یوم امداد باہمی منجانب سدر بنک منایا گیا جس کی نواب صدر المہام بہادر نے صدارت کی۔ باڈریس طلبائے مدرسہ کے ترانہ شاہی پڑھنے کے بعد آغاز کارروائی جلسہ کی اجازت مرحمت فرمائی گئی۔ ترانہ امداد باہمی کے بعد مرزا محمد ابراہیم بیگ صاحب ناشر انجمن اور محمد اسحاق صاحب و احمد عبداللہ صاحب صدری وکلاء کی تقریریں ہوئیں اور نواب صاحب کی قیادت میں جشن منائے جانے پر خوشی اور خوش بختی کا خاص طور پر ذکر رہا۔ صدارتی تقریر میں دیہی ترقیات و اصول امداد باہمی کی اہمیت کا اظہار کیا گیا۔ موضع بوتے پلی میں ایک امدادی مدرسہ کے قیام کی جو استدعا ناشر صاحب انجمن نے پیش کی تھی اور جن کی تحریک منجانب سررشتہ ارباب صدر کی جاچکی تھی نواب صاحب نے بمسرت اعلان فرمایا کہ اس خصوص میں رعایا موضع کی استدعا تکمیل پاچکی ہے۔ صدارتی تقریر کا خلاصہ پنڈت نارائن راؤ صاحب وکیل نے تلنگی میں بیان کیا۔ حضرت اقدس اعلیٰ کی درازی عمر کے لئے دعا کے ساتھ جلسہ برخاست ہوا۔

یہاں سے نواب صدر المہام بہادر جلسۂ تقسیم انعامات کی شرکت کے لئے مدرسہ فوقانیہ تشریف لائے۔ اولاً مدرسہ کے جدید والی بال کورٹ کا افتتاح فرمایا اور مدرسہ کے بین الجماعتی کھیلوں کے آخری مقابلہ کو جو اسی کورٹ پر جماعت ہشتم و جماعت ہفتم کے مابین کھیلا گیا ملاحظہ فرمایا۔ اس میں ہفتم جماعت کامیاب رہی۔ اس مقابلہ کے بعد مدرسہ اور پولیس و مقامی کھلاڑیوں کی مشترکہ ٹیم میں فٹ بال کا مقابلہ ہوا افطار کا وقت ہو جانے اور ٹیموں کے برابر رہنے کی وجہ کھیل روک دیا گیا۔ منجانب انجمن اساتذہ مستقر محبوب نگر مدرسہ میں افطار کا انتظام کیا گیا تھا۔ اس سے فراغت پاکر حاضرین نے نماز مغرب باجماعت ادا کی۔ نماز کے بعد طلباء مدرسہ نے بیانڈ کے ساتھ مشعل کے ذریعہ ڈرل کی جس کو پسندیدگی نظر سے دیکھا جارہا تھا۔ مولوی محسن الدین صاحب مددگار مدرسہ فوقانیہ نے مدح میں ایک نظم سنائی بعد ازاں صدر مدرسہ نے صدر المہام بہادر سے تقسیم انعامات کی استدعا کرتے ہوئے صوبہ گورنمنٹ میں مدرسہ کی متعدد ٹیموں کی کامیابی، صدر مہتمم صاحب کی توجہ سے مدرسہ کے عقب میں بازیگاہ کی تیاری لیکن تمام کھیلوں کے لئے اس کا کافی نہ ہونا اور ایک میدان کی ضرورت، مدرسہ کی گزشتہ ایک سال میں تعلیمی ترقی، امتحانات میں قابل اطمینان نتائج کا ذکر کیا اور دیہات و تعلقات کے طلباء کے لئے دارالاقامہ کے قیام کی ضرورت ظاہر کی۔ نواب صاحب نے تقسیم انعامات کے بعد مدارس کی تنظیم جدید اور ابتدائی تعلیم کی توسیع کے متعلق اپنے بیش بہا خیالات سے حاضرین کو مستفید فرمایا۔ مدرسہ کی تعلیمی حالت پر اطمینان کا اظہار اور صدر مدرسہ کی کارگزاری کی ستائش کی گئی۔ کہا گیا کہ ایسے ہی محنتی اور مستعد عہدہ داروں کی ضرورت ہے جن کی کارگزاری پسندیدگی سے دیکھی جائے گی اور ان کی حوصلہ افزائی کیجا کر دوسروں کے لئے مثال قائم کی جائے گی۔ صدر مدرسہ کی پیش کردہ ضروریات کی نسبت کہا گیا کہ بلحاظ ضرورت مدارس میں قیام دارالاقامہ کا مسئلہ زیر تصفیہ ہے بازیگاہ کے لئے مزرعہ کی خریدی کا تصفیہ عنقریب ہو جائے گا۔

آخر میں مہتمم صاحب تعلیمات نے صدرالمہام بہادر و جملہ حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔
شب میں ایوان تعلقداری میں نواب ظہیر یار جنگ بہادر نے پر تکلف ضیافت
کا انتظام کیا تھا جس میں مہمانوں کے علاوہ مقامی عہدہ دار و معززین وغیرہ مدعو تھے۔

---

۴ ہر دے شہریور روز یکشنبہ۔ صبح ۹ بجے صدرالمہام بہادر بہمراہی ناظم صاحب
تعلیمات مشہور برگد کا درخت دیکھنے کے لئے تشریف لے گئے۔ یہ درخت محبوب نگر
سے تین میل کے فاصلے پر واقع ہے جس کی بلندی (۶۰) فٹ اور دور (۱۱۲۵)
فٹ ہے۔ اس کے زیر سایہ دو بزرگوں کے مزار ہونے کی وجہ سے "پیرلہ سری"
یعنی پیروں کے درخت کے نام سے مشہور ہے۔ یہاں پر صاحب ضلع اور بعض
دیگر مقامی عہدہ دار وغیرہ صبح ہی سے موجود تھے۔ ۲۰ منٹ قیام اور درخت
کی قدرتی فضا سے لطف اندوز ہونے کے بعد واپسی ہوئی اور از راہ تفنن ارشاد
ہوا کہ دیہی مدارس کے لئے ایسے قدرتی سایہ دار مقام موزون ہیں۔ واپسی میں
دفتر مہتممی تعلیمات کا معائنہ ہوا عمارت کے محل وقوع کو پسند کیا اور دفتر کی پاکیزہ
حالت پر اظہار مسرت فرمایا گیا دس بجے مدارس مقامی کے معائنہ کے لئے روانگی
عمل میں آئی جو تعداد میں چار ہیں۔ ہر مدرسہ پر خیر مقدمی اشعار آویزاں کئے گئے تھے۔
اولاً مارل سکول کا معائنہ ہوا جہاں پر سوم جماعت تک تعلیم ہوتی ہے۔ مدرسہ
فوقانیہ کی قدیم سرکاری عمارت میں قائم ہے نواب صاحب نے تفصیلی معائنہ
فرما کر مسرت کا اظہار کیا۔ بعد ازاں مدرسہ نسواں اردو، مدرسہ ابتدائیہ، مدرسہ
نسواں تلنگی کے یکے بعد دیگرے معائنے ہوئے اور تعلیمی حالت سے مطمئن ہو کر
ارشاد ہوا کہ قدیم عمارت اول تعلقداری کے حصول کے بعد مدارس مقامی کے لئے
موزوں امکنہ کا مسئلہ بھی تصفیہ پا جائیگا۔
شام میں پانچ بجے صدرالمہام بہادر بمعیت جناب ناظم صاحب تعلیمات
تفریح گاہ "مرزا گھاٹ" کا محکمہ جنگلات کی جدید تعمیر کردہ سڑک کے ذریعہ

معائنہ فرمایا واپسی میں ہیڈ کوارٹر پولیس گرونڈ تشریف لے گئے جہاں طلبا مدرسہ وجمیعت پولیس کے درمیان ہاکی میاچ مقرر تھا۔ مولوی ہدایت علی صاحب مہتمم پولیس کی سرکردگی میں گارڈ آف آنرنے سلامی دی۔کھیل کے ختم پر پولیس کی ڈرل کا مظاہرہ ہوا۔مغرب کے قریب واپسی ہوئی۔ شب میں ساڑھے آٹھ بجے مدرسہ فوقانیہ تشریف لائے جہاں مقامی عہدہ داران تعلیمات کی جانب سے مدرسہ کے ہال میں ڈنر کا انتظام تھا۔ ڈنر کے دوران میں پولیس کا بیانڈ سامعہ نوازی کر رہا تھا۔ ڈنر کے آغاز سے قبل فلیش لیٹ فوٹو لیا گیا۔ڈنر کے اختتام پر صدرالمہام بہادر نے حضرت اقدس واعلیٰ کا جام صحت تجویز فرمایا جمیع مہمانوں نے ایستادہ ہو کر بندگانعالی کا جام صحت نوش کرنے کی عزت حاصل کی۔ بعد ازاں ناظم صاحب تعلیمات نے نواب صدرالمہام بہادر کا جام صحت تجویز کرتے ہوئے ایک برجستہ تقریر فرمائی جس میں نواب صاحب کے اوصاف حمیدہ اور ممدوح کے مبارک دور کی تعلیمی ترقیوں پر روشنی ڈالی گئی۔ اسی سلسلہ میں ضلع محبوب نگر کی تعلیمی ترقی، مدرسہ فوقانیہ کی عمدہ تعلیمی حالت، عہدہ داران تعلیمات ودیگر عہدہ داران مقامی میں تعاون واشتراک عمل اور صاحب ضلع و دیگر عہدہ داران کا امور تعلیمی سے دلچسپی رکھنے کا ذکر رہا۔ناظم صاحب تعلیمات کی تحریک پر جمیع مہمانوں نے ایستادہ ہو کر نواب صدرالمہام بہادر کا جام صحت نوش کیا اس کے بعد مہتمم صاحب تعلیمات نے ضلع سے متعلق سررشتہ کی جدید اسکیمات و اصلاحات کا خاکہ پیش کرتے ہوئے صوبہ گورنمنٹ کے آغاز، انجمن اساتذہ کے قیام، موجودہ ناظم صاحب تعلیمات کے دورے، ناظم صاحب کی تنظیم جدید کی رو سے (۴۵) جدید مدارس کے متوقعہ افتتاح کا ذکر کیا صدرالمہام بہادر کے دورہ سے متعلق کہا کہ نواب صاحب نے مدارس کے معائنہ کے بعد جن دل افزا ارشادات سے اپنے ماتحتیں کی حوصلہ افزائی کی ہے اس کے نتیجے کے طور پر ابتدائی تعلیم اور مدارس کا کام خوش اسلوبی سے سرانجام پانے کی توقع ہے۔ آخر میں اپنی اور صدر مدرس صاحب مدرسہ فوقانیہ کی

جانب سے نواب صدرالمہام بہادر، معزز عہدہ داران سررشتہ، صاحب ضلع اور جملہ مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ ازاں بعد نواب صاحب ممدوح نے ناظم صاحب تعلیمات کی اعلیٰ اور قابل قدر کارگزاری کی تعریف و توصیف کی، صدر مہتمم صاحب و مہتمم صاحب تعلیمات اور صدر مدرس صاحب فوقانیہ کی عمدہ کارگزاریوں کا اعتراف کیا، اور ناظم صاحب تعلیمات کی ماہرانہ قیادت میں اس سمت کا کام خوش اسلوبی سے انجام پانے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ آخر میں صاحب ضلع اور دیگر عہدہ داران مقامی کے تعاون عمل پر اظہار مسرت فرمایا۔ تقریباً دس بجے شب واپسی ہوئی۔

---

۴ مردے ۱۳۵۲ف روز دوشنبہ۔ نواب صدرالمہام بہادر نے صبح میں جمیع عہدہ داران تعلیمات، کے ساتھ مدرسہ فوقانیہ کے بازدیگاہ پر تشریف لا کر اراکین انجمن اساتذہ مستقر محبوب نگر کو تصویر کشی کی شرکت سے اعزاز بخشا اور جمیع اساتذہ صاحبان کو خدا حافظ فرمایا۔ یہاں سے سمت بادے پلی روانگی عمل میں آئی عہدہ داران تعلیمات بھی ساتھ ہی روانہ ہوئے صاحب ضلع اور اکثر مقامی عہدہ داران بادے پلی کی جدید تعمیر شدہ گنج کے روبرو وہاں کے معززین و ساہوکاراں کے ساتھ موجود تھے۔ گنج اور بعض گرنیوں کے معائنہ کے بعد بادے پلی کی تجارتی ترقی پر اظہار مسرت فرمایا اس کے بعد نواب ظہیر یار جنگ بہادر و دیگر عہدہ داراں سے رخصت ہو کر نواب صدرالمہام بہادر تعلیمات بلدہ واپس ہوئے۔ ڈاک بنگلہ کے قریب نواب صاحب م... نے عہدہ داراں تعلیمات کو خدا حافظ کہا۔ اس کے بعد میں جناب ناظم صاحب تعلیمات و صدر مہتمم صاحب تعلیمات بلدہ روانہ ہوئے اور عہدہ داراں مقامی کی مستقر کو واپسی ہوئی اس طرح نواب ظہیر یار جنگ بہادر اول تعلقدار و جمیع عہدہ داران مقامی کے اشتراک عمل سے نواب صدرالمہام بہادر کا دورہ نہایت کامیابی سے اختتام کو پہنچا۔ تمام سررشتہ جات نے اپنی کارکردگی کا بہترین مظاہرہ کیا۔ سررشتہ کے مستقبل کی نسبت نواب صاحب ممدوح نے جن زیر غور تجاویز اور آیندہ زرعی

وجرفتی لائحہ عمل کا تذکرہ فرمایا اُس سے پبلک کو مسئلہ تعلیم کے متعلق بیش بہا معلومات حاصل ہوئے، تعلیمی مسائل سے دلچسپی ہو گئی۔ اور نواب صاحب کے دل افزا بیانات سے جوش عمل میں اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ نواب مہدی یار جنگ بہادر کے ورود مسعود کا ایک مستقل افادہ ہے جس کے پرچہ سے ضلع محبوب نگر مدتوں مستفید ہوتا رہے گا۔

جشن سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ (میاں پہل)

بصدارت جناب راجہ سوامی صاحب دیسائی قصبہ ہذا صبح ۹ ساعت جلسہ شروع ہوا طلبا وجرانال بالمقطع نے سلامی دی مدرسہ کی چند لڑکوں نے کنڑی میں ترانہ سنایا اسپورٹس عمل میں آئے برکات عہد عثمانی پر تقریریں ہوئیں تقسیم انعامات وشیرینی وغیرہ کے بعد دعائے اعلیحضرت بندگانعالی و شہزادگان و شہزادیاں بلند اقبال پر جلسہ ختم ہوا اور شام میں منجانب مدرسہ مساجد و منادریں چراغیں لگوائے گئے اور دعا مانگی گئی۔

جشن سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ خوش پنجی تعلقہ کہم ضلع ورنگل۔

بتاریخ صدر صبح (۸) ساعت ترانہ کے ساتھ طلبہ کا جلوس نکالا گیا۔ پرچم آصفی نصب کر کے طلبہ اور مدرسین نے بمعیت جناب سید مجیح حسین صاحب مددگار تعلقدار صاحب ڈویژن کہم سلامی دی پھر ۴ ساعت شام بصدارت مددگار صاحب موصوف جلسہ منعقد ہوا طلبا نے نظمیں پڑھیں شہری اور دہقانی کا مکالمہ اور سچائی پر ڈرامہ کیا گیا برکات دور عثمانی پر تقریریں ہوئیں صدر جلسہ کے تقریر کے بعد شیرینی تقسیم کی گئی اور جلسہ برخاست ہوا۔

جشن سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ قصبہ ہملی ضلع عثمان آباد۔

بتاریخ صدر صبح میں قرأت سے جلسہ شروع ہوا طلبائے مدرسہ نے مدحیہ اور دعائیہ اشعار سنائے مقامی پولیس نے شبیہ مبارک کو سلامی دی اور جلوس نکالا گیا سہ پہر میں طلبا نے ناعاقبت اندیشی کے عنوان پر بزبان اردو اور سپریم کے عنوان پر بزبان مرہٹی ڈرامے کئے اور بزبان انگریزی گوئنگ ٹو اسکول" پر مکالمہ سنایا مسٹر بابوراؤ پٹواری قصبہ نے مٹھائی تقسیم کی صدر مدرسہ نے خاندان آصفیہ کی مختصر تاریخ اور بندگانعالی کے عہد حکومت کے تفصیلی معلومات بیان کئے مولوی سعید احمد صاحب نے فرائض رعایا و والی حکومت کی عظمت پر تقریر کی دعائے بندگانعالی و شہزادگان و شہزادیاں بلند اقبال پر جلسہ برخاست ہوا اس جلسہ کو کامیاب بنانے میں مسٹر بابو راؤ صاحب پولیس پٹیل مولوی وحید الدین صاحب جمعدار پولیس اسٹیشن ہوز قابل ذکر ہیں۔

جلسہ سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ ویلپور ضلع نظام آباد۔

بتاریخ صدر ۳ ساعت روز حمد خدا اور ترانہ الہی تا جہاں باشد سے جلسہ کا آغاز ہوا پرچم آصفی کو سلامی دی گئی ۴ بجے اسپورٹس ہوئے۔ عطریان سے حاضرین کی ضیافت کی گئی۔ طلبہ کو انعامات تقسیم کرنے کے بعد محمد عبدالکریم صاحب صدر مدرسہ نے دعائے عمر و اقبال اعلیٰ حضرت بندگانعالی و شہزادگان مانگی اور جلسہ ختم ہوا۔

جشن سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ قصبہ سالگنڈہ ضلع رائچور۔

بتاریخ صدر ۴½ ساعت معززین و طلبا کے ساتھ جلوس نکالا گیا شبیہ مبارک کی گلپوشی ہوئی پرچم آصفی بلند کیا گیا طلبائے اسکوٹ نے سلامی دی بصدارت نائب امین صاحب کروڑگیری حمد و نعت سے جلسہ شروع

ہوا۔ برکات دورعثمانی پر بزبان کنٹری جشن سالگرہ کی اہمیت، برکات دورعثمانی علم کی اہمیت اور دیہی طبقہ کو اتحاد عمل دباہمی تعاون کی ترغیب پر تقریریں ہوئیں۔ جاگیردار صاحب تعلقہ نے اعلیحضرت بندگان عالی وشہزادگان وشہزادیان بلند اقبال کے لئے دعا مانگی اور نادار طلبہ کو پارچہ اور طلبائے مدرسہ کو شیرینی تقسیم فرمائی مدرسہ کے لئے ایک الماری بطور عطیہ عنایت فرمائی مولوی شہاب الدین صاحب صدر مدرس نے مہمانوں کا تشکریہ ادا کیا اور جلسہ برخواست ہوا

جشن سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ ملجال ضلع محبوب نگر

بتاریخ صدر شبیہ مبارک کی گلپوشی ہوئی طلبہ کا جلوس نکالا گیا بعد واپسی جلوس شبیہ مبارک کو سلامی دی گئی حمد ونعت اور مختلف نظمیں سنائی گئیں۔ مسٹر رام چیندر ریڈی صدر مدرسہ نے بندگان عالی کے احسانات اور ترقیوں کا مختصر اور جامع الفاظ میں تذکرہ کیا جلسہ کے اختتام پر مقدماں قصبہ وچنیا صاحب ساہو نے غریب اور نادار لڑکوں کو اٹھارہ عدد کپڑے سلیٹ قلم پنسل تقسیم فرمائے حاضرین کی شیرینی سے تواضع کی گئی

جلسہ سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ کنٹری یادگیر۔

بتاریخ صدر ساعت پرچم آصفی کے اور ترانہ کے ساتھ جلوس نکالا گیا۔ بمقام محبوب کلب پہلے پونیں مقامی اور عروب نے اس کے بعد طلبہ نے دعائیہ نظم کے بعد پرچم آصفی کے سامنے سلامی دی طلبائے مسلم نے مساجدمیں اور طلبائے ہنود نے مندروں میں بندگان عالی اور شہزادگان وشہزادیاں بلند اقبال کے لئے عمر و اقبال کی دعا مانگی۔

افتتاح کنڈرگارٹن کلاس مدرسہ وسطانیہ کوٹگل

بتاریخ ۲۶ر شہریور ۱۳۴۶ف بصدارت مولوی سید نور المنیب اللہ صاحب منصف تعلقہ بموجودگی معزز عہدہ داران و پبلک کنڈرگارٹن کلاس کا افتتاح عمل میں آیا۔ مولوی عظمت علی خاں صاحب ماہر کنڈرگارٹن ٹریننگ کالج گلبرگہ نے جو تقریر فرمائی اس کا خلاصہ حسب ذیل تھا۔

آپ نے موجد کنڈرگارٹن فروبل کا ذکر کر کے کہا کہ اس طریقۂ تعلیم میں ۴ تا ۶ سال کے عمر کے لڑکوں کو کھیل کے ذریعہ اس طرح تعلیم دی جاتی ہے کہ انہیں تعلیم دی جانا محسوس نہ ہو کیونکہ طلبا میں کامل نمو کے انسان کے تمام قوائے ناقص حالت میں ودیعت رہتے ہیں جن کی تربیت کھیل کے ذریعہ ہوتی ہے۔ مدرس کو ماہر نفسیات ہونا چاہئے۔ طلبا اور مدرس میں بدرجہ کمال موانست ہو۔ طلبا کی شوخی وغیرہ فطری عادتوں کو نہ روکنا چاہیئے نیز بچوں کو کھیل سے باز نہ رکھنا چاہیئے کیونکہ کھیل ہی سے اشیاء کی حقیقت شناسی تحفظ حقوق قانون اور اصول کی پابندی کی عادتیں پیدا ہوتی ہیں اسی سے صحت اور دماغ کا نشو ونما ہے بچوں کی بعض فطرتیں بروقت تربیت پذیر ہوتی ہیں اس لئے وقت پر ان کی تربیت ہونی چاہیئے تاکہ وہ مادے اور قوائے فنا نہ ہو جائیں قدیم تعلیم میں سماعت و بصارت ذریعہ تعلیم تھے مگر کنڈرگارٹن کے ذریعہ تعلیم دینے میں جملہ قوائے فکری کام کرتے ہیں اس کے بعد عملی طریقۂ تعلیم پر روشنی ڈالتے ہوئے قدیم طریقہ سے تعلیم پائے ہوئے طلبا اور کنڈرگارٹن کے ذریعہ تعلیم پانے والے طلبا کا فرق بتایا بہرحال آپ نے کنڈرگارٹن کے طریقۂ تعلیم کے استحسان کو موثر دلائل سے ثابت کیا اور عملی طور پر سبق دے کر طلبا کی دلچسپی اور انہماک کا بخوبی مظاہرہ کیا۔ اس کے بعد صدر صاحب مدرسہ مولوی کرامت علی صاحب نے اپنے مدرسہ کے ان مجبوریات کا حال بیان کیا جب کہ بغیر آلات و تحائف کے تعلیم دی جاتی ہے اور سال حال آلات تعلیمی کی رقم منظور ہونے اور آلات تعلیمی بذریعہ مولوی عظمت علی خاں صاحب تیار کرنے کا ذکر کیا۔ سب کے آخر میں صدر صاحب جلسہ نے طریقۂ تعلیم کنڈرگارٹن

کی تعریف اور تقریر سے دلچسپی ظاہر فرمائی اور صدر مدرسہ اور مولوی عظمت علی خاں صاحب کے مساعی کو قابل قدر قرار دیا۔

کشتگی اسکوٹ کیمپ بتاریخ ۶ مہر ۱۳۴۶ف ۔ بجے شام اسکوٹ جن کی تعداد ۳۲ تھی بہ نگرانی اساتذہ صاحبان متعلقہ بمقام نالہ نرسی روانہ ہوئے اتفاق سے اس روز خوب بارش ہوئی اور راستہ میں ایک زہریلا سانپ اسکوٹ کے پیروں کے نیچے آگیا جس کو اسکوٹ نے بڑی بہادری سے مار ڈالا۔ طلبہ کو قدرتی منظر سے لطف اندوزی کا موقع دیا گیا آگ سلگا کر سردی کی تکلیف دور کی گئی۔ قواعد اسکوٹ کے مطابق کیمپ قائم کر کے تین تین اسکوٹ کا چالیس چالیس منٹ کے لئے پہرا دیا گیا رات بسر ہوئی پھر صبح ۵ بجے نماز کے بعد پرچم آصفی لہرایا گیا۔ خدا کی تعریف کے بعد ترانہ سنایا گیا۔ پٹرول لیڈرس نے کیمپ کو صاف اور ستھرا کر دیا۔ ناشتہ سے فارغ ہو کر ۱½ ساعت تک ڈنڈوں کی ڈرل اور اسکوٹنگ کے مختلف کھیل کھلائے گئے۔ رسی اور ڈنڈوں کے ذریعہ پل بنا کر نالہ عبور کیا گیا۔ سہ پہر میں اسکوٹ ماسٹر صاحب نے اسکوٹ کے فرائض اور خدمت خلق پر تقریر کی ۱ ساعت تک ٹریکنگ کا کھیل کھلایا گیا ۵ بجے واپسی عمل میں آئی۔

جلسہ تقسیم اسناد مدرسہ وسطانیہ سدا سیو پیٹھ بتاریخ ۶ مہر ۱۳۴۶ف جناب ناظم صاحب ورزش جسمانی نے طلبا مدرسہ کے ورزشی کرتب گیمس اور ماس ڈرل کا معائنہ فرمایا بعد ختم معائنہ بصدارت موصوف تقسیم کتب انعامی کا جلسہ منعقد ہوا مولوی معین الدین صاحب مددگار مدرسہ نے مدرسہ کی ترقیوں طلباء کے حصول انعامات ٹورنمنٹ وغیرہ کے بارے میں رپورٹ سنائی صدر صاحب جلسہ نے طلباء کی کامیابی وحصلہ انعامات پر مبارکباد دی اور ماس ڈرل کی تعریف کی اور فرمایا کہ جب یہ مدرسہ ایسی ترقی کر رہا ہے تو اس کو تحتانیہ

تحتانیہ بنانے کی تحریک سے محفوظ رکھا جائے اس کے ساتھ ہی آپ نے مدرسہ کے لئے محکمہ امداد کا وعدہ فرما کر تقسیم انعامات فرمائے۔ مولوی قمر الدین صاحب صدر مدرس نے پُر خلوص الفاظ میں جناب ناظم صاحب ممدوح کا شکریہ ادا کیا اور جلسہ برخاست ہوا

جلسہ تقسیم انعامات
مدرسہ تحتانیہ امیر پیٹھ بلدہ

بتاریخ ۱۲ مہر ۱۳۴۶ف زیر صدارت مولوی سید محی الدین صاحب قادری بی۔ اے پرسنل مددگار نظامت آبکاری سرکار عالی جلسہ منعقد ہوا۔

جس میں اولیائے اطفال، بعض صدر مدرس صاحبان مدارس تحتانیہ۔ مسٹر سندر راج نائیڈو میکانکل انجینیر محکمہ دار الضرب، مولوی نظیر حسین شریف صاحب ناظر مدارس بلدہ مسٹر رنگا ریڈی دیسمکھ، مولوی عبد الصمد صاحب نائب منتظم محکمہ معتمدی امور عامہ اور دیگر معززین محلہ نے شرکت فرمائی۔ مسلمان طلبہ نے قرأت ہنود طلبہ نے پرارتھنا سے محظوظ کیا صدر مدرس صاحب نے رپورٹ مدرسہ کے ساتھ مدرس کے فرائض مدرسہ کی سالانہ کارگزاری، طلباء کی ایتھلٹک اسپورٹس بابتہ ۱۳۴۶ف میں شرکت قلعہ گولکنڈہ کی سیر نتیجہ امتحان سالانہ کی تفصیل سنائی رپورٹ میں نواب مسعود جنگ بہادر مرحوم سابق ناظم تعلیمات سرکار عالی کے انتقال پر ملال پر اظہار تاسف کیا گیا اور جناب مولوی سید علی اکبر صاحب سابق صدر مہتمم تعلیمات بلدہ کے تبدل سے رنج اور ترقی سے مسرت کا اظہار کیا گیا اور جناب مولوی فیض الدین صاحب کی نسبت صدر مہتمی تعلیمات بلدہ پر فائض ہونے کی توقع ظاہر کی گئی سب کے آخر یہ رپورٹ دعائے بندگان عالی متعالی و صاحبزادگان و صاحبزادیان بلند اقبال کے عمر و اقبال کی دعا پر ختم ہوئی اس کے بعد انعامات تقسیم ہوئے صدر نشین صاحب نے فاضلانہ و ناصحانہ تقریر فرمائی حاضرین کے شکریہ ادا کر کے جلسہ برخاست ہوا۔

جلسہ تقسیم انعام مدرسہ تحتانیہ سانگڑی عادل آباد

بتاریخ ۵ر آذر ۱۳۴۶ف ۴ ساعت شام بصدارت مسٹر گوبیندراؤ دیسپانڈیہ جلسہ منعقد ہوا رعایائے قصبہ و دیگر مواضعات علاقہ عظمت مدار کو مدعو کیا گیا قراءت سے افتتاح ہوا طلبا کی حمد وثنا اور دعا اعلیحضرت بندگان عالی کے بعد پرچم آصفی لہرایا گیا۔ دو طالب علموں نے علم و دولت پر زبان اُردو تقریریں کیں چھوٹے طلبا نے دلچسپ قصے سنائے۔ تلوار اور قلم پر ڈراما اسٹیج کیا گیا پھر صدر صاحب مدرسہ نے تعلیمی طلبا تحریص پر بسیط تقریر اور طلبا کو نصیحت کی اور مسٹر لکشمن سوداگر قصبہ نے علم کے عنوان پر اپنے خیالات ظاہر کئے۔ غریب طلبا کو تعلیمی اشیاء کتب، سلیٹ، پنسل وغیرہ تقسیم کئے گئے۔ صدر صاحب مدرسہ مسٹر سیتارام راؤ نے پُوفنڈ کا حساب حاضرین کو بتا کر مطمئن کیا۔ یہ ایک خوشی کی بات تھی کہ مقامی زمیندار و مقدم مالی صاحبان نے بھی جلسہ میں شرکت فرمائی آخر میں حاضرین کی پان سگریٹ سے تواضع کر کے دعائے اعلیحضرت بندگان عالی و شہزادگان اقبال پر جلسہ برخاست ہوا۔

جلسہ انجمن مباحثہ مدرسہ وسطانیہ کوڑنگل

بتاریخ ۱۳ر آذر ۱۳۴۷ف زیر صدارت جناب مولوی نور المنیب اللہ صاحب منصف تعلقہ ہذا انجمن مباحثہ کا پہلا جلسہ منعقد ہوا مضمون زیر بحث علم و عمل تھا ۳۲ طلبا نے تقریریں کیں اکثریت علم کی حمایت میں رہی پھر مددگار صاحبین مدرسہ نے تقریریں کیں آخر پر صدر نشین صاحب نے تقریر میں علم و عمل پر روشنی ڈالتے ہوئے طلبا کی تفہیم کی کہ علم و عمل دونوں ترقی کے لئے لازم و ملزوم ہیں صحیح علم وہی ہے جو عملی قوی کو طاقت بخشے۔

مولوی سید محمد سعید صاحب معتمد انجمن نے شکریہ ادا کیا اور جلسہ مولوی عبدالرحیم خاں صاحب صدر مدرسہ کے حسن انتظام سے کامیابی کے ساتھ برخاست ہوا۔